گلدستۂ عملیات

ترجمہ

گلہای ارغوان

مؤلف:

حجۃ الاسلام آقای الحاج رضا سقازادہ واعظ تہران

مُترجم: مولانا الحاج ناصر حسین نجفی اعلی اللہ مقامہ

گلدستۂ عملیات

ترجمہ

گلہای ارغوان

در آثار اسماء حسنیٰ، خواص آیاتِ قرآنیہ، ختومات مجربہ، خصوصاً
عمل اُمّ موسیٰؑ، فالنامے، قیافہ شناسی، تعبیر خواب ابن سیرین اور
ادویہ قدیمہ وغیرہ

مؤلف:- حجۃ الاسلام آقای حاج میرزا رضا سقازادہ

مترجم:- مولانا الحاج ناصر حسین نجفی

رحمت اللہ بک ایجنسی
کاغذی بازار میٹھادر
کراچی ۷۴۰۰۰
فون: 2431577

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم اصلح عبدك وخليفتك بما اصلحت به انبيائك
ورسلك وحفه بملائكتك وايده بروح القدس من عندك
واسلكه من بين يديه ومن خلفه رصدا يحفظونه من كل سوء و
ابدله من بعد خوفه امنا يعبدك لا يشرك بك شيئا ولا تجعل
لاحد من خلقك على وليك سلطانا وائذن له في جهاد عدوك و
عدوه واجعلني من انصاره انك على كل شيء قدير ۔

فہرست

عناوین	صفحہ نمبر	عناوین	صفحہ نمبر
پیش لفظ	۷	الوکیل	۴۴
اسماءِ حسنیٰ	۹	یا قوی	۴۵
اسماءِ حسنیٰ واعداد اسماءِ حسنیٰ	۱۰	الولی	۴۶
آثار اسماءِ حسنیٰ	۱۲	ممیت	۴۷
اسماءِ حسنیٰ کے پڑھنے کی فضیلت بطور مختصر	۱۴	حی وقیوم ، حی (حرز امام جعفر صادق برحاشیہ)	۴۸
شرح آثار اسماءِ حسنیٰ	۲۵	قیوم	۴۹
اللہ الصمد	۲۶	المنتقم (برائے رفع مشکلات حاشیہ)	۵۰
الوہاب ، المذل	۲۷	الرؤف ، یا ذا الجلال والاکرام	۵۱
رزاق وفتاح ، علیم	۲۹	المقسط وختم باعدد کبیر وصغیر	
باسط	۳۰	(برائے دردپستان سینہ ودل برحاشیہ)	۵۵
البارئ ، المصور ، وہاب	۳۱	الغنی ختم باعدد تکسیر وفوائد (علاج خنازیر برحاشیہ)	۵۷
غفار ، سمیع وبصیر ، العدل	۳۲	الشافع	۶۰
اللطیف ، حلیم	۳۳	النافع	۶۱
یا غفور	۳۴	الوارث ، الرشید	۶۲
الشکور ، الحفیظ	۳۵	النور و (برائے تب ہائے کہنہ برحاشیہ)	۶۳
ختم یا علی برائے فتح وغلبہ براعداء المقیت	۳۷	الرحمٰن وختم خواص آن	۶۴
الحسیب	۳۸	ھو وخواص وطریقہ ختم آن	۶۷
المجیب ، الواسع	۳۹	خبیر ، عزیز ، چند اسم اعظم	۶۸
آیاتِ کریمہ ، الودود	۴۰	نور (علمِ دم برحاشیہ)	۶۹
المجید	۴۳	سرِ عظیم در معرفت اسمار (برائے تسخیر)	۷۱

عناوین	صفحہ نمبر	عناوین	صفحہ نمبر
معید، راز دیگر، عزیز قدیر	۷۲	نمازوں کے قنوت میں پڑھیں	۱۰۲
شرح ذکر اسماء ادریسیہ و خواص	۷۳	فوائد تلاوت سورۂ یٰسین، دعا برائے وسعت رزق،	
اسماء مبارکہ ادریسیہ	۷۷	برائے صحت و شفاء امراض	۱۰۳
از صدف مشحون (نادر استخارہ برحاشیہ)	۸۰	نماز برائے ہدیہ والدین و ہر میت، ہر چاند کی پہلی کی نماز	۱۰۴
السور القرآنیہ (اثر آیۃ الکرسی برحاشیہ)	۸۱	دعا رویت ہلال، سورۂ الطارق والمطففین برائے	
آثار بسم اللہ و فضیلت فاتحۃ الکتاب	۸۲	بانجھ پن و گریۂ اطفال و خواص سورۂ توحید۔	۱۰۵
ختم قرآن مجید در یک ہفتہ (حاشیہ)	۸۵	برائے رفع درد چشم، بٹوے یا جیب کی رقم۔	۱۰۶
نوشتن الحمد برائے حصول محبت۔	۸۸	علاج درد دندان۔	۱۰۷
ختم سورۂ الحمد برائے ترقی کار و تجارت، ختم موثر۔		برائے وسعت رزق و دفع غم، حرز امام سجادؑ،	
برائے فروش مال و متاع و خانہ و ملک۔	۸۹	برائے دردسر۔	۱۰۸
ختم نادعلیؑ صغیر، تعویذ برائے تپ و لرزہ، صلح با اہل خانہ۔	۹۰	برائے حوائج شرعیہ، آداب تربت سید الشہداءؑ۔	۱۰۹
برائے ضعف و تپش قلب، بے خوابی طفل	۹۱	برائے بخشش اموات۔	۱۱۰
برائے مراجعت مسافر و مفرور، برائے ذلت اعداء دین		برائے بطلان سحر و جادو، بچہ کا دیر سے زبان کھولنا۔	۱۱۱
برائے اخراج ظالم۔	۹۲	برائے دفع شر آفات زراعت و باغات، سات	
ایضاً برائے محبت، تاثیر کلام اللہ	۹۴	سین عید نوروز	۱۱۲
استعمال اسم اعظم، زوجہ کو فرمانبردار کرنا، عظیم القدر دعا۔	۹۵	برائے قضائے حوائج، طریقہ فال از قرآن مجید۔	۱۱۳
برائے طلب باراں، برائے دوستی۔	۹۶	نجات از زندان، ختم امام محمد تقی جوادؑ	۱۱۴
برائے بطلان سحر، موذی حشرات الارض کے کاٹنے		برائے مال و اولاد، برائے اولاد نرینہ۔	۱۱۶
سے محفوظ رہنے کیلئے، معرفت سارق	۹۷	آزمودہ ختم، سر بجیب، برائے دفع اسقاط حمل	۱۱۷
برائے زیادتی حافظہ، برائے دوستی، برائے ترقی کاروبار۔	۹۸	برائے اداء قرض، آٹھ آیات برائے قضاء حوائج۔	۱۱۸
برائے رفع خوف و ہراس، برائے تقویت حافظہ، مجرب دعائے معالجہ	۹۹	دیگر آزمودہ ختم	۱۱۹
پانچ سورتوں کی پانچ وقت تلاوت برائے دفع دشمن،		دعا حضرت یوسف، برائے فتح و پیروزی	۱۲۰
برائے امراض چشم۔	۱۰۰	طریقہ ختم یا من تحل، اذکار اسماء مبارکہ در ایام ہفتہ	۱۲۷
تعقیب نماز برائے دولتمندی و طلب مغفرت	۱۰۱	برائے اداء قرض، برائے زیارت حضرت ولی عصرؑ	۱۲۲

عناوین	صفحہ نمبر	عناوین	صفحہ نمبر
برائے دفع حزن و اندوہ، حرز مجرب برائے دفع آفات امراض	۱۲۳	طریقہ فال از قرآن مجید	۱۴۷
عمل ذکر اُمّ موسیٰؑ	۱۲۴	دعائیں اور ختم	۱۴۸
آزمودہ و معتبر ادعیہ و ختومات	۱۲۵	برائے بندش پیشاب اطفال، برائے دفع برص و جذام،	
کم خوابی و گریہ اطفال، برائے فتح و ظفر، تقرب سلاطین و حکام، تعویذ	۱۲۶	طریقہ ختم سورہ یٰسین، مجرب دعائیں اور ختم	۱۴۹
نماز توسل، برائے درد دندان	۱۲۷	برائے دفع غم اور بانجھ پن، دو فاسق اشخاص کے درمیان جدائی	
مُردے ختم کرنے کیلئے، حرز قائم علیہ السلام، برائے قوت حافظہ	۱۲۸	ڈالنا۔ برائے درد گوش	۱۵۰
استمداد و ذات الرقاع، برائے امر مہم و درد	۱۲۹	برائے فتح الرجال، علاج نکسیر، برائے وسعت رزق، برائے درد دندان	۱۵۱
مطلوب کو حاضر کرنا۔	۱۳۰	برائے دفع زخم چشم، چوہوں کیلئے، برائے زیادتی شیر زنان، ازدواج موافق	۱۵۳
برائے دفع آفات و حشرات از زراعت و باغات	۱۳۱	ختم آیت و من یتق اللہ، توبہ خالص۔	۱۵۴
برائے ہلاکت و ذلت دشمنان دین، نجات از مشکلات،		برائے دوستی و محبت، خروج از منزل	۱۵۵
برائے زیارت رسول اکرم در خواب۔	۱۳۲	قیافہ شناسی، سر اور پیشانی	۱۵۶
برائے حصول علم و قوت حافظہ۔	۱۳۳	ابرو شناسی، ناک	۱۵۷
ختم عجیب از اسرار سورہ یٰسین	۱۳۴	ہونٹ اور منہ، ٹھوڑی	۱۵۸
برائے وسعت رزق، سال کے آخری بدھ کا تعویذ، توسل۔	۱۳۵	چشم شناسی، گوش شناسی	۱۵۹
عریضہ برائے قضاء حوائج شرعیہ، لوگوں کے ضمیر پڑھنا۔	۱۳۶	ٹھوڑی، تعبیر خواب، از ابن سیرین۔	۱۶۰
اسم اعظم، مجرب ختم، فائدہ برائے بانجھ پن	۱۳۷	طریقہ تعبیر خواب از قرآن مجید، برائے دیدن مردہ در خواب۔	۱۶۶
مریض بیٹے کے حق میں ماں کی دعا، ہدیہ اموات، برائے اولاد نرینہ۔	۱۳۸	برائے دفع احتلام، مرد کی شہوت باندھنا	۱۶۷
برائے فتح رجال، اثر آیت نور۔	۱۳۹	نماز سریع الاجابت، برائے دفع دشمن	۱۶۸
دعائیں اور ختم، برائے شفاء مریض۔	۱۴۰	نماز وحشت، برائے قوت حافظہ، فدیہ مریض	۱۶۹
علاج تپ و تپ لرز، برائے دفع تپ	۱۴۱	برائے دولت و ثروت، آداب و خواص آب نیساں	۱۷۰
برائے دفع وباء، دعائیں اور ختم	۱۴۲	برائے حفاظت از حادثات بد، تلاش مسروقہ یا گمشدہ مال	۱۷۱
برائے طلب فرزند	۱۴۳	توسل حضرت فاطمہ زہرا، توسل حضرت موسیٰ بن جعفر، توسل	
عرق النساء، معالجہ زخم و ورم، برائے قوت حفظ	۱۴۴	حضرت قمر بنی ہاشم	۱۷۲
چوری شدہ مال تلاش کرنا، میاں بیوی کے درمیان صلح و آشتی	۱۴۵	تعویذ برائے اطفال، ستاروں کا ایام ہفتہ سے تعلق	۱۷۳
برائے کشائش بخت دختران، عریضہ در خدمت امام عصر عج	۱۴۶	طالع سال	۱۷۴

عناوین	صفحہ نمبر
دعائے توسل بحضرت ولی عصرؑ	۱۷۷
رویتِ ہلال	۱۷۸
نمازِ شب، برائے قبولیتِ دُعا	۱۸۰
نقش نگینہ آئمہ اطہارؑ، مجرب و مؤثر توسل	۱۸۱
برائے شفائے مریض، آزمودہ ختم	۱۸۲
ختم سورۂ واقعہ	۱۸۳
برائے محبت و تسخیر، فضیلت درود شریف	۱۸۴
ختم برائے حوائج شرعیہ	۱۸۵
حرز برائے قضائے حوائج	۱۸۶
برائے حافظہ، فائدہ برائے طالب العلم، برائے اولاد نرینہ	۱۸۷
عقیقہ، برائے ادائیگی قرض و کشائش کار و یاوری بخت۔	۱۸۸
نماز جعفر طیار	۱۸۹
برائے صحتِ مریض	۱۹۰
مجرب توسل، برائے حاضر کردن مطلوب	۱۹۱
استجابت دُعا۔ قید سے رہائی کے لئے	۱۹۲
استخارہ تسبیح، برائے حوائج	۱۹۳
دعا برائے مشکلات، تسبیح پھیرنا	۱۹۴
اسم اعظم کی شناخت کی بہترین تحقیق	۱۹۵
اسم اعظم از دیوان امیر المومنینؑ، ایضاً، ماہ شعبان کے	
آخری جمعہ کا مجرب عمل	۱۹۶
مریض کی فوری شفاء کے لئے	۱۹۷
مجرب برائے بادی بواسیر بچوں کے جلاب لینے کیلئے، برائے ورم و زخم چشم	۱۹۸
برائے قولنج وغیرہ، بادی و خونی بواسیر، برائے جمیع حوائج شرعیہ	۱۹۹
برائے سفیدی دندان و مضبوطی مسوڑھے، بلڈ پریشر، برائے نکسیر	۲۰۰
ذیابیطس، ضیق النفس و پرانا دمہ، درد سینہ	۲۰۱

عناوین	صفحہ نمبر
زخم معدہ، بے نظیر نسخہ، برائے درد چشم	۲۰۲
برائے ادائے قرض، عمل عجیب برائے وسعتِ رزق	۲۰۳
برائے گمشدہ	۲۰۴
ترتیب نیک و بد ساعات یومیہ	۲۰۵
مجرب نسخہ برائے خشک و تر سوداء	۲۰۶
علاج مطلق سردرد، بخور صداع، دھوپ کی وجہ سے	
سردرد کا علاج	۲۰۷
تعویذ برائے سردرد، ایضاً	۲۰۸
معجون دندان فیل برائے قوتِ باہ، معجون فریاد رس	
برائے تقویت جسم و دماغ۔	۲۰۹
انجیر، یرقان، برائے رفع اسہال، علاج جذام	۲۱۰
برائے موٹاپا، برائے حاملہ شدن عورت	۲۱۱
علاج تپ باری کا بخار، قولنج و درد شکم، زخم مثانہ	۲۱۲
سلس البول، بچوں کا نیند میں پیشاب کرنا، درد سینہ و کھانسی اور آواز کا	۲۱۳
بیٹھ جانا۔ خفقان، علاج بے ہوشی، دفع قے، آدھے سر کا درد	۲۱۴
گنجے پن کا علاج، بالوں کو گرنے سے روکنے کیلئے۔	۲۱۵
دفع بالخر، بال صفا، درد سر دموی و صفراوی و بلغمی۔	۲۱۶
سردرد سوداوی بوجہ گرمی آفتاب از سردی درد شقیقہ۔	۲۱۷
تقویتِ حافظہ، نسیان، بے خوابی	۲۱۸
علاج فالج، لقوہ، رعشہ	۲۱۹
مرگی، مرگی اطفال، سکتہ، رفع درد چشم	۲۲۰
آنکھ سے پانی بہنا، ضعف بصر، گرمی [illegible]	۲۲۱
درد دندان، مسوڑھوں سے خون آنا، رفع [illegible] دندان	
لکنت۔	۲۲۲
خناق، جونک کا گلے میں چلے جانا۔	۲۲۳

پیش لفظ

زیرِ نظر کتاب "گلدستہ عملیات" ترجمہ گنجہای ارغوان جلد اول حاضرِ خدمت ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ہمارا موضوع نہیں تھا لیکن اس کے باوجود چند احباب کے تقاضہ کو مدِنظر رکھتے ہوئے شب و روز کی محنت شاقہ کے بعد آپ کی خدمت میں ایسا عظیم تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں جس کی عوام الناس کو عموماً اور عامل حضرات کو خصوصاً تلاش تھی۔ یہ کتاب ایران میں کئی مرتبہ شائع ہو کر اپنا لوہا منوا چکی ہے۔ انشاء اللہ دنیائے عملیات میں پاکستان میں بھی یہ کتاب حرفِ آخر ثابت ہوگی۔ اس کی کل چار جلدیں ہیں جو مناسب وقت پر آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی رہیں گی۔

اس کتاب کے دو حصے ہیں پہلا حصہ اسماءِ حسنیٰ اس کے خواص اور ختومات، خواص آیات قرآنیہ، ختومات مجرّبہ خصوصاً عمل ام موسیٰ، فالنامے اور قیافہ شناسی وغیرہ پر مشتمل ہے اور دوسرا حصہ ادویہ قدیمہ پر مشتمل ہے جو طب الرضا علیہ السلام سے لیا گیا ہے۔ طب الرضاؑ وہ کتاب ہے جو خلیفہ مامون الرشید کی درخواست پر حضرت امام رضا علیہ السلام نے تحریر فرمائی تھی اور اس کو خلیفہ کے حکم سے آبِ طلا کے ساتھ لکھا گیا تھا۔ انشاء اللہ اس کتاب سے آپ استفادہ فرما کر ہمارے حق میں دعا فرمائیں گے۔

آخر میں گذارش ہے کہ اگر اس میں کوئی غلطی ہو تو اس کی نشاندہی فرما کر ممنون و متشکر فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَرْغَبُ اِلَیْکَ فِیْ دَوْلَۃٍ
کَرِیْمَۃٍ تُعِزُّ بِھَا الْاِسْلَامَ وَاَھْلَہٗ
وَتُذِلُّ بِھَا النِّفَاقَ وَاَھْلَہٗ وَتَجْعَلُنَا
فِیْھَا مِنَ الدُّعَاۃِ اِلٰی طَاعَتِکَ وَالْقَادَۃِ
اِلٰی سَبِیْلِکَ وَتَرْزُقُنَا بِھَا کَرَامَۃَ
الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

خدایا! ہم تجھ سے امیدوار ہیں کہ امام زمانہ علیہ السّلام کے ذریعہ باکرامت حکومت کو قائم فرما، اسلام اور مسلمانوں کو اس کے ذریعہ عزت عطا کر نفاق اور منافقین کو ذلیل و رسوا کر، اور ہمیں اس حکومت حقہ میں تیری اطاعت کی طرف دعوت دینے والوں میں قرار دے، اور تیری ہدایت کی راہ میں رہنمائی کرنے والوں میں داخل فرما۔ اس عظیم المرتبت امام کے واسطے سے ہمیں دنیا و آخرت میں عزت و بزرگی سے سرفراز فرما۔

ھو

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اسماءِ حسنیٰ

قرآن مجید میں اسمائے حسنیٰ ۹۹ ہیں اور اسم جلالہ کے ساتھ جو ایک سو چودھویں سورہ میں مذکور ہے۔ ایک سو (۱۰۰) بنتے ہیں۔

حضرت امام رضا علیہ السّلام سے روایت ہے کہ اسماء اللہ الحسنیٰ ۹۹ ہیں، جو شخص خدا کو ان اسماء مقدسہ کے ساتھ پڑھے اس کی دُعا مقبول و مستجاب ہوگی اور جو شخص ان اسماء کا شمار اور ورد کرے داخل بہشت ہوگا۔

نیز حضرت امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آنحضرتؑ نے خصوصاً اس بارے میں بہت زیادہ فرمایا ہے اور اصحاب خاص سے عہد لیتے تھے کہ یہ اسماء ان لوگوں کو تعلیم نہ کریں۔ جن کو وہ معتمد اور موثق نہ جانیں۔ (یعنی جو معتمد اور موثق نہ ہوں) ★

★ چند چیزیں موجب استجابت دعا ہیں۔ بحار میں حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ وہ دعا کبھی رد نہیں ہوتی جس سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھی جائے۔

★ وسائل الشیعہ میں حضرت صادق آلِ محمدؐ کا فرمان ہے کہ تم میں سے خدا سے کوئی چیز طلب کرنا چاہے تو پہلے تمام لوگوں سے مایوسی و ناامیدی کرے اور کسی سے کوئی امید نہ رکھے سوائے خدا کے، جب اس کے دل میں یہ بات متحقق ہو جائے تو خدا سے جو حاجت طلب کرے گا وہ عطا فرمائے گا۔

★ وسائل الشیعہ میں حضرت رسولِ اکرمؐ اور امام صادقؑ سے مروی ہے کہ عقیق و فیروزہ کی انگوٹھی پہننا استجابتِ دُعا میں زیادہ مؤثر ہے۔

اور تاکید فرماتے تھے کہ ان اسماء کو ظلم اور قطع رحمی میں نہ پڑھیں۔

جملہ اسماء مبارکہ قرآن مجید میں اسی ترتیب سے ہیں۔

اسماء و اعداد اسماء باحساب جمل

۱۔	سورۂ ابراہیم میں کلمۂ	منان	اور اس کے عدد			۱۴۱ ہیں۔
۲۔	سورۂ کہف میں	مقتدر	〃	〃	〃	۷۴۴ 〃
۳۔	سورہ طٰہٰ 〃	قہار	〃	〃	〃	۳۰۶ 〃
۴۔	سورۂ حج 〃	باعث	〃	〃	〃	۵۷۳ 〃
۵۔	سورۂ مومنین 〃	کریم	〃	〃	〃	۲۷۰ 〃
۶۔	سورۂ فرقان 〃	ہادی	〃	〃	〃	۲۰ 〃
۷۔	سورۂ سبا 〃	فتاح	〃	〃	〃	۴۸۹ 〃
۸۔	سورۂ فاطر 〃	شکور	〃	〃	〃	۵۲۶ 〃
۹۔	سورۂ زمر 〃	کافی	〃	〃	〃	۱۱۱ 〃
۱۰۔	سورۂ طور 〃	برّ	〃	〃	〃	۲۰۲ 〃
۱۱۔	سورۂ قمر 〃	ملیک	〃	〃	〃	۱۰۰ 〃
۱۲۔	سورۂ معارج 〃	ذی المعارج	〃	〃	〃	۱۰۵۵ 〃
۱۳۔	سورۂ اعلیٰ 〃	اعلیٰ	〃	〃	〃	۱۱۱ 〃
۱۴۔	سورۂ قلم 〃	اکرم	〃	〃	〃	۲۶۱ 〃

۱۵۔ سورۂ فاتحہ میں ۱۵ اسم ہیں۔ کلمۂ "اللہ" اس کے ۶۶ عدد ہیں۔ کلمۂ "رحمٰن" کے ۲۹۸ عدد ہیں۔ "رحیم" کے ۲۵۸۔ "مالک" کے ۹۱۔ اور "رب" کے ۲۰۲ عدد ہیں۔

۱۶۔ سورۂ بقرہ میں ۲۵ اسم ہیں۔ کلمۂ "محیط" اس کے عدد ۶۷۔ "قدوس" کے ۱۷۰۔ "علیم" کے ۱۵۰۔ "حکیم" کے ۷۸۔ "تواب" کے ۴۰۹۔ "بصیر" ۳۰۲۔ "واسع" ۱۳۷۔

“بدیع” ۸۶ - “رؤف” ۲۸۶ - “الٰہ” ۳۶ - “واحد” ۱۹ - “غفور” ۱۲۸۶ - “قریب” ۳۱۲ - “خبیر” ۸۱۲ - “حلیم” ۸۸ - “قابض” ۹۰۳ - “باسط” ۷۲ - “حی” ۱۸ - “قیوم” ۱۵۶ - “علی” ۱۱۰ - “عظیم” ۱۰۲۰ - “ولی” ۴۶ - “غنی” ۱۰۶۰ - “حمید” ۶۲ - اور “شاکر” کے ۵۲۱ عدد ہیں۔

۱۷۔ سورۂ آل عمران میں ۴ چار اسم ہیں۔ “وہاب” ۱۴ - “قائم” ۱۵۱ - “سمیع الدعاء” ۲۸۶ - “شہید” ۳۱۹ -

۱۸۔ سورۂ نساء میں پانچ اسم ہیں۔ “رقیب” ۳۱۲ - “عفو” ۱۵۶ - “وکیل” ۶۶ - “مقیت” ۵۵۰ -

۱۹۔ سورۂ انفال میں تین اسم ہیں۔ “نعم المولیٰ” ۱۶۰/۱۱۷ - “نعم النصیر” ۱۶۰/۳۸۱ - “قوی” ۱۱۶ -

۲۰۔ سورۂ اعراف میں دو اسم۔ “محیی” ۵۸ - “ممیت” ۴۹۰

۲۱۔ سورۂ ہود میں چار اسم ہیں۔ “حفیظ” ۹۹۸ - “مجیب” ۵۵ - “مجید” ۵۷ - “ودود” ۲۰ -

۲۲۔ سورۂ یوسف میں چار اسم “غالب” ۱۰۳۳ - “مستعان” ۶۲۱ - “قہار” ۳۰۶ - “حافظ” ۹۸۹ -

۲۳۔ سورۂ رعد میں دو اسم “کبیر” ۲۳۲ - “متعال” ۵۴۱ -

۲۴۔ سورۂ حجر میں تین اسم “وارث” ۷۰۷ - “صادق” ۱۹۵ - “خلاق” ۷۳۱ -

۲۵۔ سورۂ نور میں تین اسم “حق” ۱۰۸ - “مبین” ۱۰۲ “نور” ۲۵۶ -

۲۶۔ سورۂ مومن میں چار اسم “غافر الذنب” ۲۰۶۴ - “قابل التوب” ۵۷۲ - “شدید العقاب” ۵۲۲ - “ذوالطول” ۷۸۲ -

۲۷۔ سورہ ذاریات میں دو اسم۔ “ذاالقوۃ المتین” ۱۷۶۹ - “رازق” ۳۰۸ -

۲۸۔ سورۂ رحمٰن میں دو اسم ”باقی“ ۱۱۳۔ ”ذاالجلال“ ۷۹۶۔

۲۹۔ سورۂ حدید میں چار اسم ”اول“ ۳۷۔ ”آخر“ ۸۰۱۔ ”ظاہر“ ۱۱۰۶۔ ”باطن“ ۶۲۔

۳۰۔ سورہ حشر میں دس اسم ہیں۔ ”قدوس“ ۱۷۰۔ ”سلام“ ۱۳۱۔ ”مومن“ ۱۳۶۔ ”مہیمن“۔ ۱۴۵۔ ”عزیز“ ۹۴۔ ”جبار“ ۲۰۶۔ ”متکبر“ ۶۶۲۔ ”خالق“ ۷۳۱۔ ”باری“ ۲۱۳۔ ”مصوّر“ ۳۳۶۔

۳۱۔ سورۂ بروج میں دو اسم ”مبدء“ ۴۶۔ ”معید“ ۱۲۴۔

۳۲۔ سورۂ اخلاص میں دو اسم۔ ”احد“ ۱۳۔ ”صمد“ ۱۳۴۔

آثار اسماءِ حسنیٰ

بسند معتبر حضرت امام رضا علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو شخص کسی حادثہ یا بڑی مصیبت سے ڈرے اور اس کی جان و مال کو خطرہ ہو اور وہ چاہے کہ امن و سلامتی میں رہے تو وہ سورۂ توحید اور سورہ نصر پڑھے اور اس دعا کو جو تمام اسماءِ حسنیٰ کی جامع ہے پڑھے اور ہر دس اسم پڑھنے کے بعد کہے۔ یاحافظ یا حفیظ یا رقیب یا قریب ترس و ڈر اس سے برطرف ہو جائے گا۔

اللہ الرّحمٰن الرّحیم الملک القدّوس السّلام المؤمن المہیمن
العزیز الجبّار المتکبّر الخالق البارئ المصوّر الغفار القہّار
الوہّاب الرزاق الفتاح العلیم القابض الباسط الخافض
الرّافع المعزّ المذلّ السّمیع البصیر الحکیم العدل اللطیف
الخبیر العظیم الغفور الشّکور العلیّ الکبیر الحفیظ المغیث
الحسیب الجلیل الکریم القریب المجیب الواسع الحلیم
الودود المجید الماجد الباعث الشّہید الحق الوکیل

القوی المتین الولی الحمید المحصی المبدء المعید
المحیی الممیت الحی القیوم الواجد الاحد الصمد القادر
القاہر المقتدر المقدم الموخر الاول الآخر الظاہر الباطن
الوالی المتعال البر التواب المنعم المنتقم العفو الرؤف
مالک الملک ذوالجلال والاکرام المقسط الجامع الغنی
المغنی المانع الضار النافع النور الہادی البدیع الباقی
الوارث الرشید الصبور۔

نیز اس کتاب سے جو شخص ان اسماء حسنیٰ کے پڑھنے میں مداومت کرنا چاہے اس اسم کو جو اس کے مطلوب و مقصود کے مطابق ہو اس کو اخذ کر کے اس اسم کے پڑھنے میں مشغول ہو جائے۔ مثلاً اگر اس کا مطلوب و مقصود وسعتِ رزق ہے تو ان اسماء کی مواظبت کرے۔ رزاق۔ وہاب۔ جواد۔ مغنی۔ منعم۔ معطی، کریم، واسع، مسبب الاسباب۔ منان، رزاق من یشاء بغیر حساب۔

اگر اس کا مقصد طلب مغفرت و توبہ و گناہوں سے استغفار ہو تو یہ اسماء پڑھے۔ تواب، رحمٰن، رحیم، رؤف، عطوف، صبور، شکور، عفو، غفور، ستار، غفار، مرتاح۔ ذی الجود والسماح، محسن، مجمل، مفضل۔

اگر اس کا مقصد دشمن سے انتقام ہو تو یہ اسماء پڑھے۔

العزیز، الجبار، القہار، المنتقم، البطاش، ذوالبطش، الشدید، فعال لما یرید الطالب، الغالب، المہلک، المدرک، قاسم الجبابرۃ والذی لا یعجزہ شئ والذی لا یطاق انتقامہ۔

اگر چاہے کہ علم و فہم اور معرفت اس کے نصیب میں ہو تو یہ اسماء پڑھے۔

العالم، الہادی، المرشد، المعز۔

اسماءِ حسنیٰ کے پڑھنے کی فضیلت بطورِ مختصر

① **اللہ** :- جو شخص زوالِ آفتاب کے وقت یا رات کے ثلث آخر میں ۶۶ مرتبہ "اللہ" بغیر یا کے کہے تو ہر مطلب شرعی حاصل کرلے گا۔ **ایضاً**۔ شب جمعہ کے ثلث آخر میں بعد از غسل باحضور قلب رو بقبلہ بیٹھ کر سر کو برہنہ کرے اور کسی سے کلام کئے بغیر دو ہزار پانچ سو ساٹھ مرتبہ پڑھے تو ہر مشروعہ حاجت حاصل کرلے گا۔

سید بحر العلوم اعلی اللہ مقامہٗ سے منقول ہے کہ میں بعد از تہذیبِ اخلاق چالیس شب و روز "یا اللہ" کے ختم میں مشغول تھا اور شرائطِ ختم کی مراعات کر رہا تھا۔ چالیسویں رات کہ شب عرفہ تھی۔ حرم مطہر حضرت امام حسین علیہ السلام میں قبورِ شہداء کے نزدیک ایک شخص نے میرے ہاتھ میں ایک سیب دیا۔ میں نے اس کو سونگھا تو اس کی خوشبو مشک و عنبر کے مشابہ تھی، قریب تھا کہ میں بے ہوش ہو جاؤں میں سمجھ گیا کہ یہ سیب کی وجہ سے ہے۔ کہتے ہیں یہ ختم برائے حصولِ علومِ ربانیہ بہت ہی مجرب ہے۔

② ③ **الرّحمٰن الرّحیم** :- جو شخص ان دو اسماء کو فرائض یومیہ کے بعد سو مرتبہ پڑھے تو خدا کا لطف خاص اس کے شامل حال ہو۔

④ **الملک** :- جو شخص ۴۶ مرتبہ اس کا ورد کرے اس کا مال اور عزت زوال پذیر نہ ہو۔

⑤ **القدوس** :- ایام جمعہ میں ایک سو ستر مرتبہ کہے تو اس کا باطن شرک و وسواس کی آلودگی سے پاک ہو۔

⑥ **السّلام** :- اس اسم کو جس بیمار کے سرہانے سو مرتبہ پڑھیں صحت پائے۔

⑦ **المؤمن** :- ایک سو چھتیس مرتبہ پڑھے تو جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

⑧ **المھیمن** :- ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے تو صفائے باطن اور حقائق اشیاء پر

واقفیت حاصل ہو۔

(۹) **العزیز**:۔ نماز ہائے یومیہ کی تعقیبات میں ۹۴ مرتبہ پڑھے تو اسرار و علوم غیبیہ پہ مطلع ہو۔ **ایضاً**:۔ جو شخص چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھے تو حاجات کا ہرگز محتاج نہ ہوگا۔

(۱۰) **الجبار**:۔ ایک روز اکیس مرتبہ کہے تو ظلم ظالمین سے امان میں رہے

(۱۱) **المتکبر**:۔ ظالم شخص سے ملاقات کے موقع پر ورد کرے تو اس کے شر سے محفوظ ہے

(۱۲) **الخالق**:۔ اس اسم کی مداومت قلب کو نورانی کرتی ہے۔

(۱۳) **البارئ**:۔ جو شخص اس اسم کی مداومت کرے تو قبر میں اس کا بدن بوسیدہ و فرسودہ نہیں ہوگا۔

(۱۴) **المصور**:۔ جس عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو یا وہ بانجھ ہو تو وہ سات دن مسلسل روزہ رکھے اور اس اسم مبارک کو ایک کپڑے پہ لکھے اور لکھتے وقت ۲۱ مرتبہ "المصور" کہے اور اس کو بارش کے پانی سے دھوئے اور صبح نہار منہ پیئے تو خداوند عالم اس کو اولاد صالح عطا فرمائے گا۔

⊙ **الغفار**:۔ نماز جمعہ کے موقع پر سو مرتبہ پڑھے:۔ اللّٰھم اغفر لی یا غفار، تو وہ یقیناً بخشا جائے گا۔

⊙ **القہار**:۔ اس اسم کی مداومت محبت دنیا کو دل سے دور لے جاتی ہے۔ **ایضاً** جو شخص تحت الشعاع کی ساعات میں پڑھے۔ یا قاہر یا قہار یا ذاالبطش الشدید [illegible]ت الذی لا یطاق انتقامہ۔ دشمن کے حق میں نفرین کرے۔ وہ دشمن جتنا بھی قوی ہوگا۔ مقہور ہوگا اور کوئی ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔

⊙ **الوہاب**:۔ جو شخص سجدہ میں جاکر چودہ مرتبہ "یا وہاب" کہے غنی ہوگا۔ **ایضاً**۔ جو شخص رات کے ثلث آخر میں سر برہنہ اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھائے اور

سو مرتبہ "یا وھاب" کہے تو اس کی حاجت روا ہوگی اور اس سے عسرت و تنگدستی برطرف ہوگی۔ نیز یہ زیادہ پڑھے۔ (الکریم الوھاب ذوالطول) تو خداوند عالم اس کو بے حساب رزق عطا فرمائے گا۔ ★

⑮ **الرّزاق** :۔ اس اسم کی مداومت رزق کو زیادہ کرتی ہے۔

⑯ **الفتّاح** :۔ جو شخص بعد از نماز صبح ستّر مرتبہ سینے پر اپنے ہاتھ رکھ کر کہے تو حق تعالٰی اس کے دل سے پردۂ غفلت ہٹا دے گا۔

⑰ **العلیم** :۔ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنا، دل پر ابواب معرفت کو کھول دیتا ہے۔

⑱ **الحفیظ الحکیم** :۔ ان دو اسموں کا ذکر کرنے والا تمام حوائج شرعیہ حاصل کریگا خصوصاً "الحکیم" کا ذکر مجرب ہے۔

⑲ **الحلیم** :۔ اس اسم کی مواظبت مشکلات زندگی کو آسان کرتی ہے۔

⑳ **القابض** :۔ جو شخص اس اسم کو چالیس روٹی کے لقموں پر چالیس مرتبہ پڑھے اور چالیس روز کھلائے تو زندگی بھر ہرگز بھوکا نہ ہوگا۔

㉑ **الباسط** :۔ جو شخص وقت سحر ہاتھ بلند کرکے دس مرتبہ کہے دولت مند ہوگا۔

★ کتاب عدۃ الداعی ابن فہد حلی میں ہے کہ بعض اخبار سے مستفاد ہوتا ہے کہ بعض اوقات میں دعا کرنا دعا کی قبولیت کا گمان ہے۔ مثلاً روز جمعہ، اعیاد شریفہ، لیالی، ایام متبرکہ، بعد از اذان و اقامت وقتِ زوال شمس اور بارش کے وقت اور اسی طرح بعض مقامات بھی استجابت دعا میں دخل رکھتے ہیں۔ مثلاً مسجد، مقام خلوت، تحتِ قبہ و بالائے سر سید الشہداء علیہ السلام کعبہ کے میزاب رحمت (پرنالے) کے نیچے، چاہ زمزم کے قریب، صفا و مروہ، مشعر الحرام اور منیٰ میں جمرات ثلاث (تینوں شیطانوں) کے نزدیک۔ علاوہ ازیں بعض لوگوں کی دعا بھی قبول ہو جاتی ہے۔ مثلاً مریض اور اس کی عیادت کرنے والے کی دعا، حاجی، مظلوم، اور روزہ دار کی دعا، والدین کی دعا اولاد کے حق میں اور اولاد کی دعا والدین کے حق میں مومن کی مومن بھائی کے لئے دعا اور اس مسافر کی دعا جس کا سفر خدا کی رضا کے مطابق ہو۔

(۲۲) **عالم الغیب** :- بعد از نماز سو مرتبہ کہے تو اس پر علوم غیبیہ ظاہر ہوں گے۔

(۲۳) **الخافض** :- شرِ ظالم سے محفوظ رہنے کے لئے ستر مرتبہ پڑھے۔

(۲۴) **الرّافع** :- برائے بلندیٔ مقام و درجہ بعد از نماز ظہر سو مرتبہ پڑھے۔

(۲۵) **المعزّ** :- جو شخص اس اسم کی مداومت کرے وہ لوگوں کے درمیان باعظمت و حشمت ہوگا۔

(۲۶) **المذلّ** :- جو شخص رات کی تاریکی میں خاک پر سجدہ کرے اور ہزار مرتبہ "یَا مُذِلُّ" کہے اس کے بعد کہے - یا مذلّ الجبارین و مبیر الظالمین انّ فلاناً (یہاں ظالم کا نام لے) اور پھر کہے اذلنی فخذ لی حقّی منہ - اسی وقت ظالم اپنے کیفرِ کردار کو پہنچ جائے گا۔ **ایضاً** :- جو شخص پچاس مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور سجدہ میں جاکر عرض کرے الٰہی آمنّی من فلان جس شخص سے ڈرتا ہے محفوظ رہے گا۔

(۲۷) **السّمیع** :- اہلِ تحقیق کہتے ہیں جو شخص اس اسم کو بہت زیادہ پڑھے بشرطِ تہذیبِ اخلاق رذیلہ جو دعا بھی کرے گا ہدفِ اجابت کو پہنچ جائے گی۔ مخفی نہ رہے کہ خداوند متعال نے اس اسم کو قرآن مجید میں کئی مقامات پر ذکر فرمایا ہے۔

حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم سے مروی ہے کہ جو شخص صبح تین مرتبہ کہے بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ - اور اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک مارے اور ہاتھ اپنے چہرے پر پھیرے تو اس کو اس روز کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچے گی اور اگر اوّل شب یہ عمل بجالائے تو صبح تک ہر قسم کی تکلیف و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

صاحب کتاب درّ النظیم محمد بن احمد تمیمی کہتے ہیں کہ جو شخص ہر روز دنیاوی بات کرنے سے

★ ایک بزرگ نے فرمایا ہے کہ اپنے نام کے حروف ابجد نکالیں اور اس عدد کے مطابق صلوات پڑھیں اور اپنی حاجت طلب کریں اور پھر اسی عدد کے مطابق صلوات پڑھیں۔ مجرب ہے۔

پہلے بعد از نماز صبح سات مرتبہ کہے : فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ تو خداوند متعال اس آیت کی برکت سے اس کے جملہ کارہائے مشکل کو کافی ہوگا اور اس کو کافی ہوگا اور اس کو کسی غیر کا محتاج نہیں کرے گا۔ اور حضرت سمیع اپنی قدرت کاملہ سے اس کے مقاصد بر لائے گا۔

اور اگر اس آیۂ کریمہ کو شرف آفتاب میں چار چار کے مربع میں پُر کرے لیکن بشرط صحت مربع و شناخت وقت، تو خدا اس کو عزیز بنائے گا۔ اگر لوح طلا میں لکھے اور شرف آفتاب کے درجات و دقائق کا لحاظ رکھے اور شمس و قمر پر کوئی نحوست ناظر نہ ہوں کے بعد اس کو معطر کرے اور زرد کاغذ کے درمیان رکھ کر اپنی ٹوپی یا عمامہ میں رکھے تو بزرگوں اور سلاطین کی نظر میں مقرب ہوگا اور تمام لوگ اس کی طرف احترام کی نگاہ سے دیکھیں گے اور جس کام کی طرف متوجہ ہوگا اپنے مقصود کو پہنچے گا اور فتح و نصرت حاصل کرے گا۔

(۲۸) **البصیر**: در روزہائے جمعہ اس اسم کی مداومت، حق تعالیٰ کی عنایت خاص کا سبب ہوگی۔

(۲۹) **الحکیم العدل**: راتوں کو محل خلوت و پاک میں اس کے عدد کے مطابق پڑھے تو اس کا قلب اسرار حق کا خزانہ ہوگا۔

حروف ابجد

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰

ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

(۳۰) **اللطیف** :۔ مصیبت و پریشانی کے وقت یا لطیفُ کا ذکر مصیبت و پریشانی سے نجات دلاتا ہے۔

(۳۱) **الخبیر** :۔ جو شخص رات کو کسی وقت نیند سے بیدار ہو اور وہ بھوکا ہو تو اس وقت یہ کہے (الھادی الخبیر المبین) تو اسرارِ مکنونہ و پوشیدہ پر مطلع ہوگا۔

"النور الھادی" کا ذکر بھی یہی اثر رکھتا ہے اور بلا فاصلہ کہے "یا ھادی اخبر یا خبیر بین لی یا مبین" تو دشمنوں پر فتح و ظفر حاصل کرے گا۔ اسی طرح دشمن سے خوف کے لئے یہ زیادہ کہے: "الحلیم الرؤف المنّان"۔

(۳۲) **الحکیم** :۔ اس اسم کو لکھ کر دھوئے اور اس کا پانی زراعت پر چھڑکے تو برکت حاصل ہوگی۔

(۳۳) **الغفور** :۔ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنا وسواس کو برطرف کرتا ہے۔

(۳۴) **العلی** :۔ اس اسم کا زیادہ پڑھنا عزت و احترام پیدا کرتا ہے۔

میر سید علی طباطبائی نے میر داماد سے نقل کیا ہے کہ برائے ادائیگی قرض چالیس روز بعد از فریضۂ صبح بلاناغہ ہر روز ایک ہزار بار "یا علی" کہے اور تین مرتبہ یہ دعا بھی پڑھے:

اَللّٰھم اِنّی اسئلک من البؤس والفقر ومن غلبة الدّین والسّقم و اسئلک ان تعیننی علی اداءِ حقّک الیک و اداءِ حقّ النّاس الی النّاس ۔ تو اس کا قرض ادا ہوگا۔

★ لفظ جلالہ کا مربع شرفِ زہرہ یا مشتری میں سونے یا چاندی کی لوح میں برائے خوف و تنہائی مجرب ہے، اور اس طلسم کی پشت پر اس ذکر کو لکھے ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم باسم فلان بن فلان بحق یا اللہ یا اللہ یا اللہ" اس طلسم کے خواص اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کا بیان مشکل ہے۔

اگر مریض پاک پانی میں ڈالے اور سو مرتبہ اللہ کہے اور اس پانی کو پیئے تو شفا پائے گا اور ستر انواع کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ البتہ اعتقاد راسخ شرط ہے (مربع کے لئے کتاب بحر الغرائب ملاحظہ ہو)

(۳۵) **الکبیر** :- جو شخص ریاضت اور تخلیۂ ظاہر و باطن کے بعد اس اسم کو ۲۳۲ مرتبہ پڑھے اس کی دعا مستجاب ہوگی۔

(۳۶) **الحفیظ** :- ۹۹۸ مرتبہ پڑھے تو وہ خداوند عالم کے حصار اور امان میں داخل ہوگا۔

(۳۷) **الحسیب** :- سات ہفتے، بروز جمعرات سے شروع کرے اور ہر روز ستّر مرتبہ پڑھے تو اس کی جملہ مشکلات حل ہوں گی۔

(۳۸) **الجلیل** :- اس اسم کو ہمیشہ پڑھنا اس کے دشمن کے دل میں اس کا خوف پیدا کرتا ہے

(۳۹) **الکریم** :- سوتے وقت اس اسم کو اس قدر پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے نیند آ جائے۔ تو صبح تک ملائکہ اس کے حق میں دعا کرتے ہیں۔

(۴۰) **المجیب القریب** :- ان دو اسموں کا ذکر کرنے والا ہمیشہ مسرور ہوگا اور کوئی پریشانی نہ دیکھے گا۔

(۴۱) **الواسع** :- اس اسم کا ذکر وسعتِ رزق میں زیادہ تاثیر رکھتا ہے، تفصیل آئندہ آئے گی۔ انشاء اللہ۔

(۴۲) **الودود** :- طعام پر پڑھے اور پھونک مارے، دو دشمن یا دو قومیں جو عداوت رکھتے ہوں اس طعام سے کھائیں تو صلح ہوگی۔ **نیز برائے نکسیر** :- انار کے درخت کی لکڑی کے ساتھ اسی خون سے مریض کی پیشانی پر لکھیں۔ (ی ا و د و د) خون بند ہو جائے گا۔ مؤلف کہتا ہے کہ میں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے۔

(۴۳) **الشّافی** :- یہ اسم مبارک ہر قسم کی بیماری کے لئے مؤثر دوا ہے۔

★ برائے قضائے حوائج و دفعِ بلیات، کتاب کلم الطیّب میں ہے کہ اوقاتِ خمسہ سے ہر وقت دو رکعت نماز پڑھے، بعد از نماز باحضورِ قلب سو مرتبہ "یا علی ادرکنی" کہے، شرط یہ ہے کہ وقت اور مکان میں تبدیلی نہ کرے اگر تبدیل کرے تو عمل کو نئے سرے سے شروع کرے۔

★ برائے ادائے قرض و وسعتِ رزق۔ ہر روز ۸۴ مرتبہ پڑھے۔ یا سمیع یا بصیر۔

(۴۴) **الباعث**:- سوتے وقت سو مرتبہ کہے اور اپنے سینے پر ہاتھ پھیرے تو حق تعالےٰ اس کے قلب کو منور کرے گا اور حیاتِ باطنی عطا فرمائے گا۔

(۴۵) **الشہید الحق**:- اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی غائب ہوگیا ہو تو ان دو اسموں کو ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر لکھے اور اس گم شدہ کا نام درمیان میں ثبت کرے، آدھی رات کے وقت زیرِ آسمان کھڑے ہو کر اس کاغذ پہ نگاہ کرے اور ستر مرتبہ یہ دونوں اسمار پڑھے تو غائب اور مفقود سے مطلع ہوگا۔

(۴۶) **الوکیل**:- اس اسم کی مداومت کرنا جلنے اور ڈوبنے سے محفوظ رہنا ہے۔

(۴۷) **القوی**:- جس شخص کا دشمن قوی ہو اور اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو تو گندم کے آٹے کو گوندھ کر اس کا ایک ہزار گولہ (گولہ) بنائے اور ہر گولے پر ایک مرتبہ "یاقوی" پڑھ کر پھونک مارے اور وہ گولے پرندوں کو کھلادے تو اس دشمن سے محفوظ و مامون رہے گا۔

اس اسم کے اثرات آئندہ بھی بیان کئے جائیں گے۔

(۴۸) **المعید**:- نصف شب کے وقت اپنے گھر کے زوایای (کونوں) میں کھڑے ہو کر ستر مرتبہ یہ پڑھے۔ "یَامُعِیْدُ رُدَّ عَلَیَّ کَذَا" لفظ "کذا" کی جگہ غائب شخص کا نام لے تو اسی ہفتہ اس کی طرف سے اس کو خوشی کی خبر ملے گی۔

(۴۹) **المحیی الممیت**:- جس شخص کا نفس اطاعتِ حق سے گریزاں ہے۔ وہ سوتے وقت اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر ان دونوں اسمار کو پڑھے تو وہ عبادت و بندگی

★ برائے کشفِ امر مجہول یہ اسمار سوتے وقت پڑھے تاکہ سو جائے تو عالم خواب میں اس کو مطلع کریں گے۔ "النور الباسط القاہر"

★ ایضاً:- برائے رفع فقر۔ نمازوں کے بعد ۱۹ مرتبہ پڑھے (فرد حق قیوم حکم عدل قدوس سیجعل اللہ بعد عسر یسرا)

خدا کی طرف راغب ہوگا۔

(۵۰) **الحیّ** :۔ جو شخص اس اسم کو کسی بیمار کے سرہانے یا دردِ چشم والے پر پڑھے تو شفا پائیگا

(۵۱) **القیوم** :۔ جو شخص آخر شب میں "الحیّ القیوم" کے ذکر میں مشغول ہو تو اس کو نفع بزرگ حاصل ہوگا اور جو شخص اس اسم کو نگینۂ انگشتری میں نقش کرے تو وہ خوبی اور نیک نامی میں معروف ہوگا۔

(۵۲) **الواحد** :۔ جو لقمہ کھائے ہر لقمے پر ایک مرتبہ "یَاوَاحِدُ" پڑھ کر دم کرے تو اس کا قلب نورانی اور مصفّا ہوگا۔

(۵۳) **الماجد** :۔ اس اسم کو خلوت میں اس کے عدد کے مطابق جو ۴۸ ہیں، پڑھے تو وہ دل کو جلاء وصفا بخشتا ہے۔

(۵۴) **الاحد** :۔ چالیس دن ریاضت کے بعد مقام خلوت میں ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو ملائکہ کو صورِ نورانی میں دیکھے گا۔

(۵۵) **الصّمد** :۔ برائے رفع گرسنگی یہ اسم عجیب وغریب اثر رکھتا ہے۔ ایضاً۔ از قوامیس الدّرر۔ جو قلعی کی لوح پر اسم "الصمد" نقش کرے اور اس کو اس پر لٹکا دے تو جب وہ لٹکا رہے وہ خواب میں احتلام سے امن میں رہے گا۔

(۵۶) **القادر** :۔ وضو کرتے وقت ذکر کرے تو عاقبت کی توفیق وبھلائی پائے گا۔

(۵۷) **المنتقم** :۔ جو یہ اسم زیادہ پڑھے وہ شرِّ اعداء سے محفوظ رہے گا۔

(۵۸) **الرّؤف** :۔ ظالم سے ملاقات کے وقت یہ پڑھے تو وہ مقہور ومغلوب ہوگا۔

(۵۹) **السّبوح** :۔ بعد از نماز جمعہ ایک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے تو ملکوتی صفات حاصل کرے گا۔

(۶۰) **الرّب** :۔ اس اسم کو زیادہ پڑھنا خدا کی امان کے حصار میں داخل ہونا ہے۔

(۶۱) **مالک الملک** :۔ اس اسم کا ذکر مخلوق سے بے نیازی کی ضمانت دیتا ہے۔

(٦٢) **الغنی المغنی** :۔ دس روز جمعہ، ہر جمعہ باشرطِ ترک حیوان ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو غنی ہوگا۔

(٦٣) **المعطی** :۔ جو شخص "یامعطی السائلین" زیادہ پڑھے تو انگر و غنی ہوگا۔

(٦٤) **المانع** :۔ جو شخص مقروض ہو وہ سوتے وقت زیادہ پڑھے تو اس کا قرض ادا ہوگا اور بری الذمہ ہوگا۔

(٦٥) **النّور** :۔ ایک مجلس میں ہزار بار کہے تو راہ حق کی ہدایت ہو

(٦٦) **الھادی** :۔ معرفت باطنی لاتا ہے۔

(٦٧) **الوارث** :۔ دین حق میں ثابت قدم ہو۔

(٦٨) **المصوّر** :۔ مصائب و تکالیف میں ہزار مرتبہ پڑھنا بردباری اور صبر پیدا کرتا ہے۔

بزرگوں نے کہا ہے کہ جو شخص کسی سلطان یا کسی شہر میں داخل ہونے یا کسی مرض یا مصیبت کے آنے سے خائف ہو تو وہ اسماء حسنیٰ سے اس اسم کا استخراج کرے جو اس کے مطلوب کے مناسب ہو اور اس کے مکرّر حرف کو حذف کرے باقی حساب جمل کے ساتھ اعداد نکالے اور اس اسم کو جو اس کے منظور و مقصود کے موافق ہو اسی کے عدد کے مطابق پڑھے۔

مثلاً اگر احمد نامی شخص سے ڈرے تو اس اسم کو جس کا پہلا حرف "الف" ہو اور اس کے مطلوب کے مناسب اسماء حسنیٰ میں "امین" ہے۔

اسی طرح وہ اسم جس کا پہلا حرف "ح" اور وہ اسم جس کا حرف اوّل "م" اور وہ اسم جس کا اوّل حرف "د" ہو، کی مداومت کرے مثلاً حفیظ، منتقم، دیان۔ ان اسماء کو احمد کے حروف کے عدد کے مطابق (جو ٥٣ ہیں) پڑھے۔

ایضاً :۔ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد جمع کرے اور اس عدد کے مطابق اسماء حسنیٰ سے ایک تا چار اسم حاصل کرے اور ہر روز پڑھے تو اپنی تمام حاجات مشروعہ

حاصل کرے گا۔

مثلاً اگر کسی کا نام رضا اور اس کی ماں کا نام فاطمہ ہے تو اسماء ودود ، رؤف سمیع اور رشید میں مشغول ہو جائے۔

نیز :۔ شر جن و انس اور درندہ حیوانوں سے محفوظ رہنے کے لئے ، سورۂ نصر ایک مرتبہ ، سورۂ توحید ایک مرتبہ اور اس کے بعد اسماءِ حسنیٰ کو جس طرح کہا گیا ہے پڑھے تو حفظ و امان میں رہے گا۔

شرح آثار اسماءِ حسنیٰ

سیّد ابن طاؤس قدس سرہٗ فرماتے ہیں یہ دعا کی قسم مستجاب دعاؤں سے ہے۔ شدائد اور مصائب میں عمل کریں تاکہ دُعا مقرون بہ اجابت ہو۔ جو رات دن میں ایک ہزار مرتبہ "یا اللہ یا ھو" کہے خدا اس کو اہل یقین سے گردانے گا اور وہ مؤحدین کے درجہ تک پہنچ جائے گا اور جو چاہے گا اس کو فائدہ حاصل ہوگا۔

اس لئے کہ "اللہ" اسم ذات اور اسم اعظم ہے۔ اہلِ تحقیق اسم اعظم اس اسم کو کہتے ہیں کہ اگر اس سے ایک حرف نکال دیں تو وہی اللہ رہے یعنی اگر بغیر تشدید اور بغیر درمیانی الف کے۔ اور ایک لام کو اس سے نکال دیں تو اِلٰہ ہوگا۔ اور اگر الف اور دو لام کو حذف کردیں تو "ھو" ہو جائے گا جو اسم اعظم جانا گیا ہے۔

بسیار دلائل ذکر کئے گئے ہیں اور قرآن مجید سے آیات کا استخراج کیا گیا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ اسم اعظم وہ ہے کہ اس کی ابتدا "اللہ" اور انتہا "ھو" ہو اور ان کلمات میں نقطہ نہ ہو۔

قرآن مجید میں پانچ مقامات پر اس طرح آیا ہے۔

۱۔ سورۂ بقرہ میں اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ"

۲۔ سورۂ آلِ عمران اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ۔

۳۔ سورۂ نساء میں اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ لَیَجْمَعَنَّکُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ لَا رَیْبَ فِیْہِ وَ مَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا۔

۴۔ سورہ طٰہٰ میں اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ لَـہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی۔

۵۔ سورۂ تغابن میں اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔

شیخ عبدالمجید مغربی نے کتاب ذکر الاعلیٰ فی خواص الاسماء میں فرمایا ہے کہ جو شخص

ان پانچ آیات کو اپنا ورد اور وظیفہ بنالے اور ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھے تو ہر کلی و جزئی مشکل پر فائق ہوگا۔

دیگر یہ کہ میں نے قرآن مجید میں ایک آیت دیکھی ہے جس کے دو کلمے ہیں اور دو اسم ہیں اور نقطہ نہیں ہے اور وہ دونوں اسم اعظم ہیں اور وہ آیت سورۂ توحید میں ہے وہ یہ ہے۔

"اَللّٰہُ الصَّمَد"

اس علم کے بزرگوں میں سے ایک بزرگ نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو کوئی مشکل پیش آجائے یا کوئی حادثہ بد وقوع پذیر ہو جائے یا کوئی امر مشکل جس میں ہلاکت کا ڈر ہو تو اس کو رفع کرنے کے لئے ایک نشست میں ایک ہزار ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے نجات پائے گا۔

چنانچہ میرا ایک دوست تھا جو ہمیشہ ناپسندیدہ لوگوں میں بیٹھتا تھا۔ میں نے اس کو بہت نصیحت کی لیکن اس پر کوئی اثر نہ ہُوا یہاں تک کہ اس کو حکومت نے گرفتار کرلیا اور اس کو بے گناہ متہم کیا گیا اس کو پھانسی دیئے جانے کا امکان تھا میں نے اس کے ایک آدمی سے کہا کہ اس کے پاس جاکر اس کو کہو کہ کسی کے ساتھ بات نہ کرے اور ایک ہزار مرتبہ " اللہ الصمد " پڑھے اگر کسی وجہ سے یہ عمل ناقص رہ جائے تو ہر حالت میں دوبارہ شروع کر کے اس کو پُورا کرے، وہ اس کے پاس گیا اور اس کو یہ عمل بتایا۔ پھر میں نے اِنہیں دنوں اس کی رہائی کی خبر اخبارات میں پڑھی اور اس نے نجات حاصل کی۔ جو شخص بے گناہ ہو اس کے لئے یہ عمل مُوثر ہے۔

ان دونوں اسماء کی تاثیر کئی مرتبہ ظاہر ہو چکی ہے ضروری ہے کہ ان اسماء کو ایک ہزار ایک مرتبہ ایک نشست میں پڑھا جائے۔

اَلوَھّابُ

جو شخص بعد از نمازِ چاشت سر سجدہ میں رکھے اور سات مرتبہ "الوھاب" کہے غنی ہو گا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص دُعا کے وقت اپنے ہاتھوں کو اٹھائے اور سات مرتبہ "یا وھاب" کہے تو اس کی دُعا مستجاب ہو گی۔ کہتے ہیں کہ جو شخص ورد بنالے اور ہر روز ۱۰۲۵ مرتبہ پڑھے۔ "یا وھاب یا ذاالطول" تو اس کا رزق زیادہ ہو اور جس جگہ سے گمان بھی نہیں ہو گا اس کو روزی حاصل ہو گی۔

اس اسم کے ختم کے بارے میں کہتے ہیں کہ جس شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا کسی چیز کا طلبگار ہو یا کسی ظالم کی قید میں ہو اور حبس و آزمائش میں مبتلا ہو۔ یا اس کا رزق کم یا اس کا کاروبار گھٹ گیا ہو یا وہ ملازمت سے نکال دیا گیا ہو یا قومی ریاست کا طالب ہو تو کسی مسجد یا مقام خلوت میں دو رکعت نماز شکر پڑھے اور اپنے سر کو برہنہ کر کے دونوں ہاتھوں کو بلند کرے اور سو مرتبہ "یا وھاب" کہے اور اس کے بعد اپنی حاجات طلب کرے۔ تو یقیناً اس کے مقاصد پورے ہوں گے۔ چاہیئے کہ اس عمل کو مسلسل تین راتیں حضور قلب کے ساتھ معیّن وقت میں انجام دے۔

اَلمُذِلُّ

غزالی اور شیخ شبستری شرحِ اسماء میں کہتے ہیں کہ یہ وہ اسم ہے کہ خداوند عالم اس اسم کی برکت سے مظلوموں کو ستمگروں سے نجات دیتا ہے۔

جو شخص چاہے کہ وہ اس اسم کے ذکر میں مشغول ہو تو چاہیئے کہ پہلے اپنے آپ کو گناہوں کے ارتکاب سے محفوظ رکھے اور اس سے خلافِ شریعت کوئی چیز سرزد نہ ہو۔ اہلِ تحقیق کہتے ہیں کہ جس کسی کا دشمن توانا ہو اور وہ بے رحم اور بے حیا دشمن سے خائف ہو

تو چاہیئے کہ وہ وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے، نماز پڑھنے کے بعد سجدہ میں جاکر ۵، مرتبہ یہ اسم تضرع اور یقین کے ساتھ پڑھے اور بارگاہِ خداوندی میں درخواست کرے کہ اس کے دشمن کو ذلیل و خوار کرے، اس کا دشمن جس مقام و مرتبہ کا ہو مقہور و معزول ہوگا۔ مغربی کہتا ہے جس کو طاقتور دشمن ڈرائے یا کسی مقام پر لشکر حملہ آور ہو یا دشمن محاصرہ کرے اور اس کو دفع کرنے سے عاجز ہو اور ان سے مقابلے کی قدرت نہ ہو تو ہر روز یا رات ۲۱ دن تک دشمن کو پریشان اور دربدر کرنے کی نیت سے دس ہزار مرتبہ "المذل" پڑھے تو وہ دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔

اور اگر اس کا ارادہ دینی دشمن کی ہلاکت کا ہو اگر چالیس دن تک پڑھے۔ تو وہ یقیناً ہلاک ہوگا لیکن کسی مسلمان کے لئے یہ عمل ہرگز نہ کرے کیونکہ خود اس کے لئے نقصان ہوگا۔ اس فن کے علماء کے نزدیک معروف ہے کہ ملک عطارد کی تسخیر اس اسم کے ذریعے سے آسان ہے وہ اس طرح سے ہے کہ ساٹھ روز شرائط و قواعد کا لحاظ رکھتے اور اگر قواعد کا لحاظ نہ کرے تو نوّے دن ہر رات یا دن میں دس ہزار مرتبہ خلوت میں بیٹھ کر عطارد کی تسخیر کی نیت سے پڑھے اگر شرائط کو ملحوظ رکھے گا تو اکتیسویں روز ملک عطارد خوبصورت شکل میں ظاہر ہوگا۔ اور عامل کے ساتھ اظہار دوستی کرے گا۔ بصورت دیگر ۹۰ روز گاہے ۸۰ روز میں حاضر ہوگا کہ اے بندۂ خدا! میرے حاضر کرنے کا مقصد کیا ہے؟ تو جواب میں کہنا چاہیئے کہ میرا مقصد تیرے ساتھ مودت و دوستی ہے اور اس سے علم و ہنر طلب کرے۔

اگر وہ موکل قبول کرے تو اس سے نشانی طلب کرے وہ اس کو ایک نگینہ دے گا جس میں کوئی اسم لکھا ہوا ہوگا، اس اسم کی بھی اس کو تعلیم دے تاکہ جس وقت چاہے وہ حاضر ہو، اس اسم کو سات مرتبہ ذکر کرے تاکہ اس کے مشکل کام کو کافی ہو اور یہ اسم "مذل" کے خواص سے ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اس اسم کو حرف ندا کے ساتھ پڑھے یعنی "یامذل"

رَزَّاقُ وفَتَّاحُ

جو شخص اپنے گھر کے چاروں کونوں میں ہر روز سو مرتبہ "یا رزاق" پڑھے، تنگدستی اور پریشانی اس کے گھر میں داخل نہیں ہوگی۔

غزالی کہتا ہے جو شخص نمازِ صبح کے بعد ہر روز ،، مرتبہ "الفتاح" پڑھے اور اپنے سینے پر ہاتھ رکھے تو اس کے دل سے زنگِ غفلت صاف ہو جائے گا اور جس کام کا ارادہ کرے گا پورا ہوگا۔

کتاب جنات النعیم میں مصباحِ کفعمی سے نقل فرماتے ہیں کہ برائے کشفِ حجاب بعد از نماز صبح سینہ پر ہاتھ رکھے اور ستر مرتبہ "یا فتاح" کہے۔

کتاب شفاء الصدور میں شیخ بہائی سے نقل کیا گیا ہے کہ جو کے سات دانے لیں ہر ایک دانے پر ۹۰، مرتبہ "فتاحُ و رزاقُ" پڑھیں۔ اس کے بعد وہ دانے اس کیسہ یا بٹوہ میں رکھ دیں جو ضروری اخراجات کے لئے مہیا کیا گیا ہے اس کے بعد بغیر شمار کیے اس میں چند روپے ڈال دیں جس وقت رقم نکالنے کی ضرورت ہو تو بسم اللہ پڑھ کر رقم نکالیں اور خرچ کریں اور اگر مزید رقم اس میں رکھنی ہو تو وہ بھی بغیر گنے اس کیسہ میں ڈالیں برکت پیدا ہوگی۔

عَلِیْمُ

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص اسم "علیم" کو اپنے دل کا ذکر بنا لے

تعویذ:۔ اگر تو ارادہ کرے کہ کسی جبار یا سلطان کے پاس جائے جب اس پر تیری نظر پڑے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہہ پھر کہہ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔ اس سے پہلے ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللہ کہے یہ خدا کے رازوں میں سے ایک راز ہے۔

تو وہ علم لدنی اور علم حضوری سے بہرہ ور ہو گا۔

اگر چاہے کہ اس کے لئے راز ہائے پوشیدہ منکشف ہوں تو تین شب مسلسل وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے، بعد از اتمام نماز ۱۵۰ مرتبہ یہ اسم پڑھے جو علیم کا عدد ہے، اس سے پہلے چند مرتبہ صلوٰت پڑھے۔ یہ عمل جس نیت کے لئے بھی کیا ہو خواب میں اس کا خوب و بد معلوم ہو جائے گا۔

”یاعلیم“ کے عدد تکبیر چار سو پچاس ہیں اور صدر و مؤخر عدد ایک ہزار سات سو اکیس اور صدر و مؤخر بغیر ”یا“ کے آٹھ سو ستر ہیں۔

اگر اس کے تکبیر کے مربع کو سعد ساعت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر شب جمعہ سو مرتبہ صلوٰت پڑھے تو حصولِ مطالب کے لئے بہت مؤثر ہے۔ اس شخص میں صفائے باطن بھی پیدا ہو گی۔

بَاسِطُ

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص وقتِ سحر (نزدیک صبح صادق) با طہارت اپنے ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کرے اور دس مرتبہ ”یا باسط“ کہہ کر ہاتھ

★ جو شخص بصبح ایک ہزار ایک سو دس مرتبہ بغیر وقفہ کے یہ چار اسماء پڑھے۔ دولت و نعمت اس کی قسمت میں ہو گی اور برکت اور طول عمر حاصل ہو گی نعمت اس قدر حاصل ہو گی کہ اس کے حساب سے عاجز ہو گا۔ مرض دور ہو گا، دشمن مغلوب ہو گا، سحر و جادو اس پر اثر نہیں کرے گا۔ اس مربع کو شرفِ زہرہ یا مشتری میں طلا یا نقرہ کی لوح میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے، معزز و مکرم ہو گا۔ وہ چار اسم یہ ہیں۔

یا قوی یا غنی یا علی یا ولی۔

★ انبساط :۔ جو شخص ”الباسط“ کو جمعہ کے دن ساعت زہرہ میں (طلوع فجر اور طلوع شمس کے درمیان نقش کر کے پہنے تو اس کے فرح و سرور زیادتی ہو گی۔ ہم و غم زائل ہوں گے اور جو اسے دیکھے گا محبت کرے گا۔

اپنے چہرے پر پھیرے تو ہرگز محتاج نہ ہوگا اور غم سے نجات پائے گا اور جس جگہ سے گمان بھی نہیں ہوگا زیادہ نعمت حاصل ہوگی اور اس کی روزی میں وسعت ہوگی اور مغموم و پریشان نہیں ہوگا۔ برائے وسعتِ رزق یا باسط ہمیشہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

اَلْبَارِئُ

بسند معتبر روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور ایک ہفتہ تک مسلسل ۲۳۲ مرتبہ پڑھے، حق تعالیٰ ایک فرشتے کو خلق فرمائے گا جو اس کے مرنے کے بعد قبر میں قیامت تک اس کا مونس ہوگا۔

اَلْمُصَوِّرُ

شیخ بونی کہتا ہے کہ جو فصاحت و بلاغت اور شعر کہنے کا طالب ہو وہ المصو کے ذکر میں مشغول ہو جائے باعدد تکبیر کہ دو ہزار بیاسی ہیں۔ مقصد حاصل ہونے کے بعد اگر ہر روز "مصور" کے عدد کے مطابق (۲۲۶ مرتبہ) پڑھ سکے تو پڑھے، کبھی ترک نہ کرے تاکہ وہ نعمت باقی رہے۔

وَهَّابٌ

ادائیگی قرض، وسعتِ رزق اور اقبال و سعادت کے لئے جمعرات یا جمعہ کے دن دو رکعت نماز پڑھے اور اس دن روزہ بھی رکھے اور قبل از نماز ایک سو مرتبہ صلوٰت

جواہر مکنونہ میں ہے کہ قبولیت دُعا و قضا حاجت اور کامیابی کے لئے بروز جمعہ دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد از حمد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور بارہ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔ سورۂ توحید کے بعد ہر دو رکعت میں اسی مرتبہ کہے "احدی صمدی" بعد از نماز کھڑے ہو کر ۹۹ مرتبہ "یا اللہ" پڑھے تو حاجت روا ہوگی۔

پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ آیت الکرسی اور پچیس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے اور بعد از نماز اکتالیس ہزار مرتبہ "یا وھاب" کہے اور کوشش کرے کہ نماز کی ابتدا سے یا وھاب کے ختم تک کوئی بات نہ کرے، نماز کے بعد خدا سے جو بھی دعا کرے گا پوری ہوگی۔

غَفَّارُ

جو شخص بعد از نماز جمعہ سو مرتبہ کہے " یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ" تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور حق تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کی آبرو کا پردہ چاک نہیں کریگا۔

سَمِیْعُ وبَصِیْرُ

اہل حق اور سالکینِ طریقِ شریعتِ مطہرہ محمدیہ صلوات اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہر وہ دُعا جس کے اوّل و آخر میں "یا سمیع و یا بصیر" پڑھا جائے وہ دُعا قبول ہوجاتی ہے اور دُعا میں التماس اور درخواست شرائط میں سے ایک شرط ہے وہ شخص تمام اعمالِ حسنہ میں موفق ہوگا۔

اَلْعَدْلُ

کہتے ہیں کہ جو شخص شب جمعہ اکیس حلال روٹی کے ٹکڑوں پر "العدل" لکھ کر کھائے تو خداوندِ عالم اس کو ضلالت اور گمراہی کی موت سے محفوظ فرمائے گا۔ اور اپنی مخلوقات کو اس کے لئے مسخر کرے گا اور اس کے قلب کو محرمِ اسرار قرار دے گا۔ اور انحراف اور کج روی سے محفوظ رکھے گا۔

جو شخص کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو تو ۲۵ روز با شرائط مذکور عمل کرے، یعنی

خود عدل کی ترازو کی حفاظت کرے اور کسی پر ظلم نہ کرے۔

بعد از نماز مغرب یا نماز صبح کسی کے ساتھ کوئی بات نہ کی ہو بعد تکبیر ۳۱۲ مرتبہ "العدل" پڑھے، اگر ایام مذکورہ میں اس اسم مبارک کے پڑھنے میں مداومت کرے تو اس کو اس ظالم کے شر سے دُور رکھے گا اور اس ظالم کو مصیبت اور بدبختی میں گرفتار کرے گا اور وہ ظالم عامل کے خیال سے منحرف ہو گا۔

اس کے علاوہ اس اسم کا عامل اپنے باطن میں اسرارِ عجیبہ کا مشاہدہ کرے گا نیز اگر ہر دُعا سے پہلے چار مرتبہ "یاعادل" کہے تو اس کی دعا مستجاب ہو گی۔

اَللَّطِیْفُ

حضرت صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص ایک دن آٹھ سو مرتبہ "اللطیف" پڑھے تو اپنے دل کی مراد پالے گا۔ اور اس کی مشکلات آسان ہو جائیں گی۔

مغربی کہتا ہے جو شخص پریشان حال ہو یا وطن سے دُور ہو یا کوئی غائب ہو گیا ہو یا کسی لڑکی کا بخت بستہ ہو اور وسائل عروسی نہ ہوں یا لاعلاج بیماری لاحق ہو یا کوئی مقصد جس کا حصول دشوار ہو تو ان تمام چیزوں کے لئے اسم "لطیف" کا ورد مفید ہے اس اسم کے عمل سے تمام مشکلات حل ہو جائیں گی۔

حَلِیْمُ

امام علیہ السلام فرماتے ہیں کہ کسی حاکم اور بزرگ کی ملاقات کے موقع پر اس کے

شرط لازم :- غسل یا وضو کر کے کامل توجہ کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے اور نماز سے فراغت کے بعد جانماز پر خضوع و خشوع کے ساتھ بارگاہِ ایزدی میں متوجہ ہوتے ہوئے سو مرتبہ "یالطیف" جس نیت کے لئے بھی پڑھے گا حاجت یقیناً روا ہو گی۔

قہر و غضب کو کم کرنے کے لئے اور اس کے روبرو ہونے کے لئے سو مرتبہ " یا حلیم " پڑھے اس کی طرف سے کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی اور وہ امن میں رہے گا۔

اگر ہمیشہ بعد از فرائض یومیہ ۸۸ مرتبہ جو " حلیم " کے عدد کے مطابق ہے، پڑھے تو تمام عاداتِ رذیلہ مثلاً حسد و بخل اس سے دور ہوں گے، خصوصاً بدخلقی کی عادت جو انسان کے لئے بدترین عادت ہے، سے آزاد ہوگا۔

نیز مریض کے سرہانے ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ " یا حلیم " پڑھ کر مریض کے چہرہ پر دم کرے تو صحت یاب ہوگا۔ یہ عمل بزرگوں کا آزمودہ ہے۔

غزالی پیغمبر خدا سے نقل کرتے ہیں کہ اہم رازوں کو پوشیدہ رکھنے کے لئے ایک سو بیس مرتبہ سیاہ پتھر پر پڑھ کر کنوئیں میں پھینکیں تو وہ راز ہرگز فاش نہیں ہوگا۔

یَاغَفُوْرُ

شیخ سلیمان بونی نے کتاب منبع اصول الحکمۃ میں لکھا ہے کہ بخار، سر درد اور مختلف قسم کے امراض کو دور کرنے کے لئے تین کاغذ کے ٹکڑوں میں ہر کاغذ کے ٹکڑوں میں ہر کاغذ پہ تین مرتبہ " یا غفور " لکھیں اور نگل لیں۔

اگر کوئی شخص مہموم و مغموم ہو اس عمل کو انجام دے تو مسرور و خوشحال ہوگا اور اس کے غم زائل ہوں گے۔

★ جواہر مکنونہ میں منقول ہے جو شخص مصیبت و پریشانی میں مبتلا ہو اور راہِ نجات مسدود ہو تو نو مرتبہ با اخلاص کہے " نَجانا مِنکَ یاسَیِّدِی الکَرِیمُ نَجِّنِی وَخَلِّصْنِی بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ " دوسری جگہ لکھا ہے کہ بعد از شرائط وضو، رو بقبلہ اور مقامِ خلوت۔ یہ ۶۳ مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد تین مرتبہ صلوات پڑھے، شفاء مریض اور حصولِ مہماتِ ضروریہ میں مجرب ہے۔

اَلشَّكُوْرُ

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ برائے غم و اندوہ اور دل تنگی اکتالیس مرتبہ "یاشکور" کہے اور پانی پر دم کرکے پیئے، کلّی طور پر مؤثر ہے۔

بزرگوں نے کہا ہے کہ جس کی معیشت و روزی تنگ ہو اور وقت تنگدستی میں گزر رہا ہو اس اسم کو ہمیشہ پڑھے تو اس کی روزی میں بہت زیادہ وسعت پیدا ہوگی۔

اگر اکتالیس روزہ، ہر روز اس اسم کے عدد کبیر کے مطابق جو ایک ہزار سے زیادہ ہیں، پڑھے تو حق تعالیٰ اس کے باطن کو غفلت، کینہ اور حسد کے زنگ سے پاک کر دے گا۔

اگر کسی کی نظر کمزور ہو جائے تو اکتالیس مرتبہ صاف و شفاف پانی پر پڑھ کر دم کرے اور اپنی آنکھوں کو اس پانی میں کھولے اور بند کرے، اس عمل کو کئی مرتبہ کرے تو صحت حاصل ہوگی اور اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

اَلْحَفِيْظُ

جو شخص چاہے کہ وہ ڈوبنے، جلنے، شرِ جنات اور ارواحِ خبیثہ سے محفوظ رہے

★ بچہ کے سقط و ضائع ہونے سے حفاظت کے لئے حاملہ عورت ہر ماہ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

ماہ اوّل :۔ اللہ الٰہ واحد ۴۸۱۹۵۱۳۱۵۱۳۲۱

ماہ دوم :۔ بارہ باسط بدوح ۸۶۴۲۹۶۱۲۱۲۱۲

ماہ سوم :۔ جامع جواد ۷۴۱۳۴۱۶۲

ماہ چہارم :۔ دائم دیان ۵۱۴۴۱۱۴

ماہ پنجم :۔ ھو ھادی ۱۰۱۴۱۵۶۵

ماہ ششم :۔ وھاب ودود ۴۶۴۶۲۱۵۶

ماہ ہفتم :۔ علی عالی ۲۱۷۱۳۷

ماہ ہشتم :۔ حلیم حکیم ۴۰۱۲۱۴۱۰۳۸

ماہ نہم :۔ طیّب طاھر ۲۰۵۱۹۲۱۰۹

بااعتقاد راسخ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے ۔

غزالی کہتے ہیں کہ جو شخص اسی اسم کے عدد کے مطابق جو ۹۹۸ ہے اس اسم کو ہر جمعہ کے دن بعد از نماز جمعہ باریک خط میں لمبے کاغذ پر لکھے اور اپنے بازو پر باندھے تو وہ وسوسۂ ابلیس، ظلم حاکم، درندوں کے ضرر اور خیالات فاسدہ سے محفوظ رہے گا۔

نیز شیخ بونی کہتے ہیں کہ اگر کوئی اس اسم کو لوحِ نقرہ پر نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو شرِ اشرار، جورِ حکام، مرگِ مفاجات، قرض، بے سروسامانی آخری زمانہ کی تمام آفات وبلیات اور ہر وہ چیز جو مصیبت اور بدبختی سے تعلق رکھتی ہے، ان تمام سے محفوظ رہے گا۔

اگر چاندی میسر نہ ہو تو شرفِ آفتاب میں کاغذ پہ لکھے اور اگر اس تحریر کو اجناس میں رکھے تو چوری سے محفوظ رہے گی۔

اگر کشتی میں سوار افراد اس اسم کو پڑھتے رہیں تو ساحل اور کنارے پر صحیح وسلامت پہنچیں گے اور دریا کی موجوں اور برّی وبحری جانوروں سے مامون ومحفوظ رہیں گے۔

بعد از وضع حمل، ماں اور بچّے کو محفوظ رکھنے کے لئے یہ تعویذ لکھ کر دونوں کے پاس رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الحمد لله الّذی من علينا بالقرآن لا اِله
الّا انت العظيم لا اِله الا انت الحكيم لا اله الّا انت الرّحيم لا اِله
الا انت النّذير لا اله الا انت الكريم لا اله الا انت الجليل
لا اله الّا انت الحميد لا اله الا انت المحيط لا اله الا انت
المزيد لا اله الا انت المجيد وانت المغيث انت الحی انت الملك
الجبار الواحد القهار العزيز الغفار انت الكبير المتعال انت ستار
العيوب وانت غفّار الذّنوب انت مالك كل مملوك برحمتك
يا ارحم الراحمين ۔

ختم یا علیؑ

دس راتیں مسلسل معیّن وقت میں دو رکعت نماز پڑھیں اور نماز سے فراغت کے بعد خلوص دل کے ساتھ ایک سو دس مرتبہ صلوات پڑھیں، اس کے بعد ایک ہزار پانچ سو ستّر مرتبہ "یا عَلِیُّ" کہے جو حاجت بھی خدا سے طلب کرے گا پوری ہو گی بعد از اتمام ختم بھی تین مرتبہ صلوات پڑھے۔ (میں نے آزمایا ہے مؤلف)

برائے فتح و غلبہ بر اعداء

فرائض نمازوں کے بعد اکیس مرتبہ یہ رباعی پڑھیں۔

حَمدًا لَکَ رَبِّ نَجِّنِیْ مِنْکَ فَلَاح　　شُکْرًا لَکَ فِیْ کُلِّ مَسَاءٍ وَّصَبَاح
مِنْ عِنْدِکَ فَتْحَ کُلِّ بَابٍ مَفْتُوح　　اِفْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فُتُوْحٍ فَتَّاح

اَلْمُقِیْتُ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس اسم کو بارش کے پانی پہ سات مرتبہ پڑھیں اور بد اخلاق بچے کو اس میں سے پلائیں تو وہ صابر، خاموش اور فطین و ذہین ہو گا جو کچھ بھی پڑھے یا سُنے گا اس کو یاد رکھے گا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو عابد و زاہد شخص اپنے نفس کو بھوک اور پیاس کی عادت

★ طاؤس یمانی کہتے ہیں کہ میں نے جب بھی اللہ کو اس دعا کے ساتھ پکارا سریع الاجابت پایا وہ دعا یہ ہے

"عُبَیْدُکَ بِبَابِکَ اَسِیْرُکَ بِبَابِکَ مِسْکِیْنُکَ بِبَابِکَ یَسْئَلُکَ مَا لَا یَخْفٰی عَلَیْکَ۔"

ڈالنا چاہیے یا قحط اور قلتِ غذا کے دنوں میں، بچے کو شیرِ مادر سے باز رکھنے کے لئے سفر میں پریشانی اور بیابان میں بے زادِ راہ رہ جانے کے لئے، اس اسم کو ۹۹ مرتبہ خالی کوزہ پر پڑھیں اور پھونک ماریں، اس کے بعد اس کوزہ کو پانی سے بھر دیں، جس نے بھی اس کوزے سے پانی پیا۔ ان تمام کے لئے جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے، فائدہ مند ہوگا۔ حتیٰ کہ اگر صحرا اور بیابان میں راستہ بھول گیا ہو تو اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ جائیگا۔

اَلْحَسِیْبُ

حضرت صادق علیہ السّلام سے منقول ہے، طاقتور دشمن کے دفع کرنے کے لئے اس اسم کو اپنا ورد بنائے اور ہر روز ۸۰ مرتبہ پڑھے، اگر جمعرات کے دن شروع کریگا تو زودتر کامیاب و غالب ہوگا

شیخ بونی کتاب منبع اصول میں کہتے ہیں کہ جو شخص چور کے شر، طاقتور دشمن زخمِ چشم، ہمسایہ اور اعداء کے مکر و فریب، ناراض میاں بیوی، جابر حاکم، سفر کی تکالیف، زیادتی قرض، مضر جانوروں کی ایذا سے ڈرے، اس کو چاہیے کہ ایک ہفتہ جمعرات سے بدھ تک روزے رکھے، ان ایام میں ہر روز صبح ۷۷ مرتبہ "حسبی اللہ الحسیب" پڑھے اور اس ہفتہ کی راتوں میں ہر اوّل شب بھی یہی ۷۷ مرتبہ پڑھے، اس اسم شریف کی برکت سے اس شخص کی جان و مال اور عیال آفات و حوادث سے ہمیشہ محفوظ رہیں گے۔

---

۵ [illegible]

★ برائے فتحِ کلی امورِ مشکلہ اور حصولِ مقاصد اور دولت"

کتاب روضۃ الاذکار محمد بن محمود تبریزی میں مسطور ہے کہ درج ذیل دعا لکھ کر اور موم لپیٹ کر اپنے پاس رکھے، تین ہفتہ کے بعد اس پر دولت و عزت کے دروازے کھل جائیں گے جو اس کیلئے باعثِ تعجب ہوں گے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ الرؤف الرحمن الرحیم یا اللہ الحی القیوم یا مسبب الاسباب یا مفتح الابواب افتح علی ھذا العبد (اپنا نام لکھیں) ابواب فضلک و ابواب رحمتک و ابواب رزقک و ابواب خیرک و ابواب کرامتک و ابواب نعمتک و ابواب سعادتک و ابواب سلامتک و ابواب عظمتک و ابواب رفعتک و ابواب برکاتک منک و ابواب الغنی و ابواب مرضاتک و ابواب عنایتک و ابواب احسانک و ابواب الجنۃ اللّٰھم تکفلت برزق کل دابۃ انت آخذ بناصیتھا ان ربی علی صراط مستقیم وانت افضل من اعطی واحسن من اعطی ومن دعوا

اَلْمُجِیْبُ

جو شخص ایک ہزار ایک مرتبہ "المجیب" کہے اور بارگاہِ خداوندی میں عرضِ حاجت کرے تو مایوس نہیں ہو گا۔

نیز اس اسم کا ہمیشہ پڑھنا ذلت اور مصیبت سے محفوظ رکھتا ہے۔

شیخ بونی کہتے ہیں جو شخص ہر دعا کے آخر میں ٢٦ مرتبہ "یَا سَرِیع یا مجیب" عرض کرے اس کی دعا مستجاب ہو گی۔

اَلْوَاسِعُ

علم الاسماء کے اساتذہ فرماتے ہیں کہ ان چار اسماء کی مداومت میں عظیم اثرات اور عجیب وغریب اسرار ہیں۔

اَلشَّہِیْدُ اَلْوَاسِعُ اَللَّطِیْفُ اَلْوَدُوْدُ

جو شخص عدد کبیر کے مطابق ان چار اسماء کو پڑھنے میں مشغول ہو گا جاہ وجلال، رزق واسع اور نورانیتِ قلب میں مُوفق ہو گا۔

شیخ سلیمان بونی ان اسماء کے عدد کبیر تین ہزار پچیس عدد کہتے ہیں۔

احمد بن محمد بن ابراہیم نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ایک شخص رسولؐ خدا کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جائیں میں بہت زیادہ مقروض ہوں تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ان آیات کی تلاوت کر لیکن دن اور اس کی تعداد بیان نہ فرمائی۔

وہ شخص دوبارہ حاضر ہوا اور استدعا کی کہ میرا قرض تو ادا ہو گیا ہے۔ لیکن بے سروسامانی اور فقر بہت تکلیف دیتے ہیں۔ پھر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ انہیں آیات

کی تلاوت کر۔ وہ کچھ مدت کے بعد پھر حاضر ہوا اور عرض کی کہ میرے دشمن زیادہ ہیں اور اپنے بُرے ہمسایہ کا کیا کروں؟ حضورؐ نے پھر اسی کو انہیں آیات کی تلاوت کا حکم فرمایا چند دنوں کے بعد پھر حاضر ہو کر عرض کی حضورؐ! میں اپنے حاکمِ شہر سے خائف ہوں۔ آنحضرت نے فرمایا کہ انہیں آیات کو پڑھ اور ہرگز نہ ڈر اور جس وقت تجھ پر کوئی مشکل آن پڑے اور اس میں تو حیران و پریشان ہو تو ان آیات کی تلاوت سے تیری مشکل حل ہو جائے گی کیونکہ ان آیات میں چند اسماء ایسے ہیں جو تمام دنیوی و اخروی خواہشات اور مقاصد کو بر لاتے ہیں۔

ایضاً۔ رسولِ خداؐ سے روایت ہے کہ جو شخص ان آیات کی تلاوت کرے اور ان کا ثواب اپنے والدین کی روح کو ہدیہ کرے تو کثرتِ ثواب کے لحاظ سے اس کی گردن پر کوئی حق باقی نہیں رہے گا۔

وہ آیاتِ کریمہ یہ ہیں

○ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○
○ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○
○ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ
لَهُ النُّوْرُ فِي السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○
○ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰاتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
وَلَهُ الْمُلْكُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اَلْوَدُوْدُ

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں تالیفِ قلوب خصوصاً برائے محبت میاں

بیوی، طعام یا چند عدد منقہ پر ایک ہزار ایک مرتبہ "اَلْوَدُوْدُ" پڑھیں اور دونوں کھائیں۔ تو محبت پیدا ہوگی۔

سلیمان بونی کہتے ہیں کہ کسی کا دشمن قوی اور لوگ بدخواہ ہوں تو یہ اسم چالیس روز بہ عددِ کبیر پڑھے، تمام لوگ اس کے دوست ہوجائیں گے۔

تمیمی جواہر القرآن میں "الودود المجید" کی فضیلت میں کہتے ہیں۔

برائے جاہ و قدرت، لوگوں، بادشاہوں اور بزرگوں کے درمیان عزت و حرمت امور مشکلہ پر کامیابی، دفعِ غم و حزن و بدبختی، حاجات کے پورا ہونے، باطنی پاکیزگی، رفع وسواس اور حصولِ مقاصد عالیہ۔ ماہِ شعبان کے آخری روز یا روز عرفہ (۹ ذوالحجہ) یا روز جمعہ ہر ماہ میں جس نیت کے لئے چاہے۔ درج ذیل عدد کے مطابق پڑھے۔ عدد کبیر "اُلْوَدُوْدُ المجید" دو ہزار دو سو بائیس، عدد وسیط ایک ہزار تین سو گیارہ، اور عدد صغیر ستتر مرتبہ پڑھے اور ضروری ہے کہ اس دن غسل کرے اور روزہ رکھے۔ اور خلوت میں ایک نشست میں پڑھے اور بخورات (خوشبویات) جلائے، قبلہ کی طرف منہ کرے اور کسی کے ساتھ کلام نہ کرے اور اگر وقتِ افطار آجائے اور ہنوز عمل مکمل نہ ہوا ہو تو افطار کرے لیکن کوئی بات نہ کرے جب کھانے سے فارغ ہوجائے

★ جو شخص ان اذکار کو پڑھے اور حضرت امام باقر علیہ السلام کو ہدیہ کرے تو ہر حاجت پوری ہوگی۔

ہفتہ۔ ہزار مرتبہ۔ یاقاضی الحاجات
اتوار۔ " " یامفتاح الابواب
سوموار۔ " " یامسبب الاسباب
منگل۔ " " یاحی یاقیوم برحمتک استغیث
بدھ۔ " " یابدیع السمٰوٰت والارض

جمعرات۔ ہزار مرتبہ یاذاالجلال والاکرام
جمعہ۔ " " لاالٰہ الّا انت سبحانک
انی کنت من الظالمین۔
اور ہر روز اسماء حسنٰی کے بعد سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صلِّ علیٰ محمد و آل محمد بھی پڑھے۔

تو پھر فوراً باقی عمل کو پورا کرے اور اگلی صبح جس قدر دے سکتا ہو کوئی چیز بنیت صدقہ غرباء کو دے ۔ اسی ہفتہ اس کی شرعی حاجت پوری ہوں گی ۔

شیخ بونی فرماتے ہیں کہ شام میں ایک کافرہ عورت تھی جو مسلمانوں کو ایذا تکلیف دینے میں کوشاں رہتی تھی ایک مرتبہ میں نے اس کو دیکھا تو میں نے اس کو بغیر کسی غرض کے پند و نصیحت کی اور عذابِ روزِ قیامت اس قدر بیان کیا کہ اس نے بے اختیار رونا شروع کر دیا اور ایک لمحہ گہری سوچ میں پڑ گئی تھوڑی دیر کے بعد اس نے اپنا سر اوپر اٹھایا اور کہا کہ اے شفیق و مہربان استاد ! میرے حق میں دعا کر ۔ میں نے کہا کہ پہلے تو مسلمان ہو جا تاکہ تجھے ایک چیز تعلیم کروں کہ اس پر عمل کرنے سے تو ضلالت و گمراہی سے نجات پا جائے پس وہ اسلام لے آئی، میں نے درج ذیل آیت اسے لکھ کر دی، اور پڑھائی، تین دن تک اس نے اس آیت کو حفظ کر لیا ۔ اوّل ماہِ رجب بروز جمعہ میں نے اس کو غسل کرنے کو کہا، اس نے غسل کیا پھر میں نے اس کو اس آیۂ مبارکہ کی تلاوت کی ہدایت کی میں نے بھی برائے تسخیر قلوب وہ آیت اسی وقت پڑھی تھی ۔ جب ختم پورا ہو گیا تو میں نے دیکھا کہ اس نے لوگوں کا مال واپس کرنا شروع کر دیا اور ایام گمراہی میں جس کسی سے بھی کوئی ہتھیا لی تھی کوشش کرنے لگی کہ ان کو راضی کرے اور وہ اسے معاف

★ جامع الاخبار میں مروی ہے کہ جو شخص تین ہفتے ان اذکار کو ہر روز ہزار مرتبہ پڑھے ۔ اس کی حوائج شرعیہ پوری ہوں گی ۔

ہفتہ ۔ ہزار مرتبہ یاربّ العالمین
اتوار ۔ ، ، یاذاالجلال والاکرام
سوموار ، ، یا قاضی الحاجات
منگل ۔ ، ، یا ارحم الراحمین

بدھ ۔ ہزار مرتبہ یاحیّ یاقیّوم
جمعرات ۔ ، ، لا الٰہ الا اللہ
جُمعہ ۔ ، ، صلوات

کردیں، پھر میں نے اس کو ایام حج میں عرفات میں دیکھا کہ اس کا رنگ زرد اور توبہ کے اثر کی وجہ سے جسم نحیف تھا وہ ایک جماعت کے ساتھ تھی جن کی حالت بھی ویسی ہی تھی، اُپر ہجوم عرفات میں اُن میں سے ہر ایک بارگاہِ خداوندی میں سجدہ میں گر کر گریہ وزاری کر رہا تھا میں ان کی طرف گیا۔ جب وہ سجدہ سے فارغ ہوئے تو اس عورت نے کہا کہ اے شیخ! آپ نے دیکھا کہ خدائے مہربان نے اس ذرۂ ناچیز کو اپنی کلام کی برکت سے کس پست مرتبہ سے مقامِ بلند تک پہنچا دیا ہے۔

اے استاد! لوگ خدا کو سرد مہری سے پکارتے ہیں حالانکہ وہ تضرع کی حرارت اور التماسِ صادق چاہتا ہے تاکہ دُعا کا تیر ہدفِ مقبولیت تک پہنچ جائے۔ پھر اسی عورت نے کچھ کلمات کہے کہ میں مدت سے جو دیرینہ مشکلات اور باطنی اسرار رکھتا تھا حل ہو گئے اور مجھے راحت ہو گئی، میں نے اس کو ایسی پاکیزگی و روشنی میں دیکھا جو کسی کے تصور میں نہیں آسکتا۔ اس کے بعد وہ اہلِ عرفات کے درمیان فریاد کرتے ہوئے آئے۔ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ اور لوگوں کے درمیان سے نکل کر نظروں سے غائب ہو گئے اس کے بعد میں نے ان کو نہیں دیکھا۔

اگر کوئی شخص اس دعائے مشروطہ پر قادر نہ ہو تو کم از کم ،، مرتبہ کا عمل کرے۔ اس آیۂ کریمہ کے فوائد بہت زیادہ ہیں لیکن انہیں پر اکتفا کیا جاتا ہے وہ آیۂ کریمہ یہ ہے۔ اِنَّہٗ یُبْدِیُٔ وَیُعِیْدُ وَھُوَالْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ۔

اَلْمَجِیْدُ

جو شخص مخلوقات کے درمیان ذلیل و حقیر اور بے اعتناء ہو گیا ہو اس اسم کو اپنا ورد بنا کر ہر روز بعد از فرائض صبح بہ نیتِ عزت و رفعت ۹۹ مرتبہ پڑھے اور اپنے آپ پر دَم کرے۔

ایضاً :- جو شخص مرضِ جذام، برص، نقرس اور تمام سخت امراض سے ڈرے تو اُسے چاہیئے کہ ماہِ رجب کے ایام البیض (۱۳-۱۴-۱۵ رجب) میں روزہ رکھے اور ان تین دنوں میں اس اسم کے پڑھنے میں مشغول رہے تو خداوندِ عالم اس کو ان تمام امراض سے محفوظ رکھے گا اور اگر مریض ہو تو ان بیماریوں سے شفایاب ہو گا۔

اَلْوَکِیْلُ

بزرگوں نے فرمایا ہے جو مظلوم شخص سحری کے وقت ۶۶ مرتبہ "یا وکیل" کہے اور ظالم کے حق میں نفرین کرے تو اس ظالم سے اس کی قدرت و سطوت سلب ہو جائے گی۔

بعض علماء معتقد ہیں کہ جو شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو، مثلاً کشتی کے غرق ہونے، بجلی سے جلنے یا ہیضے کے مرض میں مبتلا ہونے یا دشمن کے لشکر کے حملے سے ڈرے، تو اس اسم کو بہ عدد تکسیر ۱۹۸ مرتبہ پڑھے۔ جس سے بھی خائف ہو گا محفوظ رہے گا ——— اور اگر انتہائی طاقتور دشمن سے ڈرے تو بہ عدد کبیر جو ایک ہزار سے زیادہ ہیں، اس اسم کو اپنا ورد بنائے اور ہر ختم کے آخر میں گیارہ مرتبہ "حسبی اللہ و نعم الوکیل" کہے اور اپنے آپ پر دَم کرے تو صحیح و سالم رہے گا۔ آزمودہ ہے۔

روایت معتبر میں ہے کہ جو شخص بوقتِ صبح دس بار کہے "فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

بچوں کی کھانسی کے لئے لکھے :- ملعونین اینما ثقفوا اخذوا وقتلوا تقتیلاً یوم تشقق السماء بالغمام نزل الملائکۃ تنزیلاً ولقد انزلنا آیات بینات واللہ یهدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ" جو چاہے حاصل ہوگا اور مصائب سے محفوظ رہے گا۔ اگر اس قول میں صادق ہو تو امتحان کے لئے بھی پڑھے تو اپنی مراد کو پالے گا۔ اس اسم کا پڑھنا ان کے لئے مناسب ہے جو وسوسہ میں پڑ جائیں اور طلبِ روزی میں پریشان ہوں۔ اس اسم کا عدد لفظ جلالہ کے عدد کے موافق ہے جو ۶۶ ہے ۶۶ کو ۶۶ سے ضرب دیں۔ ان مضروبہ اعداد کو تین روز بشرطِ صوم، پاکیزہ لباس اور مقامِ خلوت پڑھے۔ میں نے ان حروف کا باریک بینی سے حساب کیا ہے ان تین دنوں میں ۴۵۹۶ مرتبہ بنتے ہیں۔ ہر روز بعد از نماز پڑھے اگر اس کثیر تعداد کو نہ پڑھ سکے تو بعد از فریضۂ صبح ہی ۶۶ مرتبہ پڑھ لے۔ یہ بھی مکمل طور پر مؤثر ہے۔

یَا قَوِیُّ

اگرچہ ہم نے سابقہ سطور میں اس اسم کی مختصر شرح کی ہے دوبارہ مزید شرح کی جاتی ہے اس علم کے دانشمندان محترم معتقد ہیں کہ جس شخص کا دشمن قوی ہو اور اس کے شر کو خود سے دُور نہ کر سکے تو تھوڑا سا گندم کا آٹا گوندھ لے اور اس کے ایک ہزار گولے بنالے اور ہر ایک گولے پر ایک مرتبہ "یا قوی" پڑھ کر مُرغ کو کھلائے شرط یہ ہے کہ وہ پاک زمین پر ڈالے، تو اپنے دشمن پر غالب ہو گا۔

★ برائے دفعِ دشمن، ادائیگی قرض، شفاءِ مریض، حصولِ مطالب کُلّی و جزئی اور دولتمندی۔ ایک نشست میں ۲۲۲۳ مرتبہ پڑھیں۔ فاللہ خیر حافظا وھوارحم الراحمین۔ مجرّب ہے۔

★ برائے الفتِ قلوب، وسعتِ رزق، طلبِ منصب و بزرگی، تقرب سلاطین اور عقد اللسان۔ ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

★ نیز برائے وسعتِ رزق ۹۴ مرتبہ پڑھے۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

اہل تحقیق کہتے ہیں جو شخص نفس امارہ اور وسوسۂ شیطانی میں گرفتار ہو تو برائے تصفیۂ باطن اسماء اللہ میں سے چار اسماء کا طلوع صبح سے نماز صبح کے وقت تک اور بعد از طلوع آفتاب، بغیر شمار کئے، ذکر کرے تو خداوند متعال اس کو نفس اور شیطان پر غالب فرمائے گا اور فرماتے ہیں کہ عابد و زاہد شخص کو ان اسماء سے غفلت نہیں برتنی چاہیے، وہ اسماء یہ ہیں

اَلْقَادِرُ ، اَلْمُقْتَدِرُ ، اَلْقَوِیُّ ، اَلْقَائِمُ۔

اس علم کے اساتذہ شیخ بونی اور مغربی کہتے ہیں کہ جو شخص چالیس روز باعدد کبیر مسلسل یہ عمل کرے تو خداوند عالم سرکش نفس کو ذلیل و خوار کرنے میں اس کی مدد فرمائے گا اور ان اسماء میں مخفی راز موجود ہیں۔

اَلْوَلِیُّ

اگر کسی کی عورت بد اخلاق اور بد زبان ہو تو اس اسم کو اس کے سامنے آہستہ آہستہ پڑھے تو خداوند عالم اس عورت کو خوش اخلاقی عطا فرمائے گا۔

اگر کوئی بعد از فرائض ۴۶ مرتبہ یہ اسم پڑھے تو خدائے رؤف اپنی تمام مخلوق کو اس پر مہربان فرمائے گا۔ معصوم سے وارد ہے کہ اگر بادشاہ کسی پر غضبناک ہو اور اس کو

★ طریق ختم یا قوی بہ ایک سو سولہ روز ہے۔ ہر روز ایک ہزار ایک مرتبہ خلوت میں صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان پڑھے۔

اگر اسم "قوی" مربع میں پُر کر کے اپنے پاس رکھیں تو جو بھی اس کے ساتھ مجادلہ کرے گا مغلوب ہوگا۔ اگر زرد ریشمی کپڑے پر شنگرف کے ساتھ لکھ کر پرچم کے درمیان سلائی کر کے لگا دیں اور پرچم لشکر کے درمیان رکھیں تو دشمن کی سپاہ مغلوب ہوگی۔ لکھتے وقت آگ بخورات ڈالے اس وقت قمر نحوست سے خالی ہو۔ اگر قمر در سعد ہو تو بہتر ہے۔

اس کے قہر و غضب سے منصرف کرنا چاہے یا کسی شخص کو مہربان اور شفیق بنانا چاہے تو اس اسم کو سُرخ گلاب یا کسی میٹھے پھل پر تین عدد تکسیر کے ساتھ (۶۱۵) مرتبہ پڑھے۔ اور وہ پھول اس کو سونگھائے یا وہ پھل اس کو کھلائے تو اس کا دل اس شخص پر مہربان ہوگا۔

غزالی کہتا ہے کہ ۳۶ مرتبہ پڑھنا بھی مؤثر ہے

مُمِیتُ

شیخ سلیمان کہتا ہے جس شخص پر نفس امارہ غالب ہو جائے اور وہ نفس کو اپنے اوامر کے تحت کرنا چاہے تو وہ سونے کے وقت اپنے سینے پر ہاتھ رکھے اور سو مرتبہ "یاممیت" کہے۔ اس کا اس قدر تکرار کرے کہ وہ سو جائے تو خداوند عالم اس کو نفس پر مسلط فرمائے گا اور اگر مہینے کے آخر میں کسی جابر شخص کا قلع قمع کرنے کی نیت سے ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو وہ ظالم ہلاک ہوگا۔

برائے دفع دشمن اس اسم کا ختم چالیس روز، ہر روز ایک ہزار چار سو ستر مرتبہ ہے۔

اَلْمُصَوِّرُ ، اَلْمُعِیْدُ ، اَلْمَبْدَءُ ، اَلْمُحِقُّ ، اَلْمُمِیْتُ۔

شیخ بونی ان پانچ اسماء کی فضیلت کے بارے میں کہتے ہیں جو زاہد شخص چالیس روز مسلسل پڑھے تو اس قسم کا عالم ہوگا کہ وہ اپنے فہم و ادراک اور حافظہ پر متحیر ہوگا۔ اور کوئی چیز اس کے لئے مجہول و نامعلوم نہیں رہے گی اور اگر کوئی مسئلہ اور مشکل لاینحل ہو تو ان اسماء کے پڑھنے کے ساتھ معلوم ہو جائیں گے۔

نیز معروف ہے کہ جو شخص مقام حکمرانی اور سرداری پر پہنچنا چاہے تو ان پانچ اسماء کے عمل سے یہ مقام حاصل کر سکتا ہے۔ (چالیس دنوں میں ایک ہزار سات سو چالیس مرتبہ پڑھنا چاہیے۔)

حَیُّ و قَیُّوْمُ

علم الاسماء کے بعض محقق ان دو اسموں کو اسمِ اعظم سمجھتے ہیں، ان دو اسماء کے معنی ہیں، زندہ و پائندہ بذاتِ خود نہ کہ کسی دوسرے سبب کے ساتھ۔

اور یہ وہ ذکر ہے جس کی برکت سے ملائکہ کھانے اور سونے کی احتیاج نہیں رکھتے

ایضاً۔ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی ان دو اسماء کا عمل کرنا چاہے تو لازم ہے کہ وہ خدائے ازلی ابدی پر عقیدۂ راسخ رکھتا ہو۔

حَیُّ

شیخ بونی فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی بیمار کے سرہانے اس اسم کو تین یا سات دن بعد تکبیر پڑھے۔ وہ یقیناً شفایاب ہوگا۔ اگر کھیتی یا باغ پر پڑھے تو اس کی فصل اور پھل آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ رہیں گے اور سال بہ سال اس کی فصل زیادہ ہوگی اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو اور نابینا ہونے کا ڈر ہو تو بعد تکبیر ایک ہزار ایک مرتبہ

★ حرزِ امام جعفر صادقؑ در مجلس منصور دوانیقی
کتاب مہج الدعوات میں حضرت امام صادق سے منقول ہے فرمایا کہ میں نے اس حرز کی وجہ سے منصور دوانیقی کے شر سے نجات حاصل کی۔ اس مرد سفاک کی مجلس میں داخل ہونے سے پہلے میں نے ایک مرتبہ سورۂ انا انزلنا پڑھی اور سات مرتبہ یا اللہ کہا اور اس کے بعد کہا۔ اَتَشَفَّعُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ و آلہ اَنْ تَغْلِبَهُ اِلَیَّ۔ پس جو شخص اس قسم کی مصیبت میں مبتلا ہو جس طرح میں نے عمل کیا اسی طرح وہ بھی کرے۔

★ برائے شفائے بیماران :۔ کتاب صدفِ مشحون میں طولانی حدیث کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ برائے شفائے مریضان بعد از نماز صبح ۲۵ مرتبہ پڑھ کر صبر کریں تاکہ سورج طلوع ہو جائے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھیں تو یقیناً مریض پر اثرِ صحت ظاہر ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

پڑھے، شفایاب ہوگا۔

قَیُّوْمُ

یعنی خدا ہمیشہ اور قائم بالذات ہے، اس اسم کے پڑھنے والے کو چاہیئے کہ وہ خدا کو اس کی قدرتِ کاملہ کے ساتھ پہچانے تاکہ خدائے قیوم اس کو اپنی مخلوق اور بندوں میں باقی رکھے۔ قیوم وہ اسم ہے کہ کسی مخلوق کو اس کی بزرگی سے زیادہ اپنے نفس پر تصرف نہیں ہے۔

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو اپنا ورد بنالے وہ عمر دراز پائے گا اور اس کا مقصود حاصل ہوگا۔ اور اپنے دشمن پر کامیابی حاصل کرے گا اور ہمیشہ دلوں کا حاکم و پسندیدہ ہوگا۔

ایضاً۔ یونی فرماتے ہیں کہ جو شخص خصوصاً اوقاتِ سحر میں اس اسم کا ہمیشہ ورد کرے تو جس طرح چاہتا ہے اسی طرح مخلوقات پر متصرف ہوگا۔

کہتے ہیں کہ چونکہ یہ اسم اسمائے ذات میں سے ہے اس لئے اس کے اسم اعظم ہونے کا احتمال ہے۔ حضرت امیر المومنین سے روایت ہے کہ اگر کبھی رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم شدید مضطرب ہوتے، جب "یاحیّ یاقیّوم" فرماتے تو آپؐ کے چہرہ مبارک پر آثارِ خوشی ظاہر ہو جاتے۔

آنحضرتؐ نے فرمایا تجھے چاہیئے کہ تو ہر روز ۴۱ مرتبہ کہہ۔

یاحیّ یاقیّوم یا لَا اِلٰـہَ الّا انت اسئلک ان تحیی قلبی بنور معرفتک یا اللہ۔

اور یہ دونوں اسماء اہل مراقبہ کے اذکار میں سے ہے اور طالبانِ جاہ و عزت اور رزق وافر کے متلاشی کے مناسب ہے۔ اس کے ذکر کا وقت، سحر سے طلوعِ آفتاب

تک ہے۔ جملہ اسمائے تخمیثا میں سے ایک یہ ہے۔ یاحیّ یاقیوم یالاالٰہ اِلّا انت۔ اور بعض نے کہا ہے کہ یاحیّ یاقیوم یالا الٰہ الّا اللہ محمّد رسول اللہ وعلی ولی اللہ ہے۔ اس دعا کے ذکر سے جو چاہے حاصل کرے گا۔ اور جس کام کا ارادہ کرے گا کر سکے گا۔

اَلْمُنْتَقِمُ

یعنی ظالموں سے انتقام لینے والا۔ اور یہ وہ اسم ہے کہ اسم کے ذکر کی برکت سے انبیاء برحق نے کفار و مشرکین پر فتح حاصل کی۔

علماء کہتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کا ذکر کرنا چاہے کہ وہ کسی پر بھی ظلم و تعدی نہ کرے اور کسی ذی روح کو آزار نہ پہنچائے اور جس قدر کر سکتا ہو مخلوقِ خدا سے بھلائی کرے تاکہ خدائے منتقم اس کے لئے انتقام لے اور اس کے ظالموں کو کیفرِ کردار تک پہنچائے۔

امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی ظالم کے ظلم پر صبر و تحمّل کرے اور اس اسم کو اپنا وظیفہ بنا کر ہر جمعہ کی شب ۶۶۱ مرتبہ پڑھے۔ تین شب جمعہ مسلسل پڑھے۔ تو اس کا دشمن مقہور و مغلوب ہو گا یا وہ خود معذرت کرتے ہوئے آکر صلح کرے گا۔

★ برائے رفع مشکلات :۔ ان اسماء کا ورد کرے، عجیب و غریب اثرات ظاہر ہوں گے یَاحَامِدُ یَابَاسِطُ، یَابَاعِثُ، یَامُحْیِیْ، یَامُنْعِمُ، یَاسُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ۔

★ ختم کلمہ رؤف :۔ شیخ بونی نے کہا ہے کہ جو شخص کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہو یا قید خانے میں ہو یا کوئی مسلمان کفار کے پنجے میں اسیر ہو اس اسم کو باعدد کبیر یا تکسیر پڑھے عدد کبیر ایک ہزار سے زیادہ ہے۔ مغربی کہتا ہے کہ باعدد تکسیر سترہ روز پڑھے۔ عدد تکسیر ۱۷۴۸ ہیں۔

اَلرَّءُوفُ

امام علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی مظلوم و بیچارہ کو ظالم کی قید سے رہائی دلانا چاہے تو وہ اس ظالم کے سامنے دس مرتبہ یہ اسم پڑھے تو وہ مظلوم کے بارے میں اس کی سفارش قبول کرے گا اور اس کو آزاد کر دے گا۔

اور کہتے ہیں کہ جسمانی قوت و قدرت کو واپس لانے کے لئے اس اسم کو پڑھنا عجیب و غریب اثر رکھتا ہے۔

نیز جس شخص کا ہمسایہ مخالف یا ایذا دینے والا ہو یا چاہے کہ ظالم حاکم معزول ہو جائے تو اس اسم کو بروز جمعہ نمازوں کے بعد دو سو مرتبہ کسی کے ساتھ بات کئے بغیر پڑھے اور کسی شیرینی یا پانی یا کوزہ مصری پر پڑھ کر دم کرے اور اس کو مٹی کے کوزے (لوٹے) میں رکھے اور اس شخص کو تصور میں رکھ کر اس کوزے سے پانی پیئے تو مقصود حاصل ہوگا۔

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی وصیتوں میں سے ایک وصیت یہ تھی کہ مناجات اور دعا کے وقت فراموش نہ کریں اور دعا میں منت سماجت کریں اور یہ بہت زیادہ پڑھیں "یاذاالجلال والاکرام" تاکہ تمہاری دعائیں قبول ہو جائیں۔

مغربی کہتے ہیں کہ حوائج شرعیہ میں یہ اسم ۲۱ مرتبہ پڑھنا کلی اثر رکھتا ہے اس اسم کو دعا کے اول و آخر میں حتماً پڑھا جائے

جعفر بن سلیمان نے عاصم بن حمید سے، اس نے اسماء سے روایت کی ہے کہ رسول خدا نے فرمایا کہ جس شخص کو ہم و غم یا کوئی امر مشکل عارض ہو جائے تو یہ کہے:

اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ۔

علی بن مہزیار نے کہا ہے کہ مجھے محمد بن حمزۃ العلوی کی طرف سے ایک خط موصول ہوا جس میں اس نے مجھ سے خواہش کی تھی کہ میں امام علیہ السلام کو لکھوں کہ جو شخص کشائشِ رزق کا امیدوار ہو اس کے لئے کوئی دُعا تعلیم فرمائیں۔

پس آنحضرتؑ نے میرے خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ محمد بن حمزہ العلوی نے دُعائے امیدِ فرج کے متعلق سوال کیا تھا اس بارے میں اس سے کہو کہ اس دُعا کو اپنے آپ پر لازم کر لے "یَا مَنْ یَکْفِیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَلَا یَکْفِیْ مِنْهُ شَیْءٌ اِکْفِنِیْ مَا اَهَمَّنِیْ" میں امید رکھتا ہوں کہ اس کے لئے یہ دُعا کافی ہو گی اور وہ غم فرح و سرور میں بدل جائے گا۔

شیخ صدوقؒ نے اپنے والد اور اس نے اپنے والد سے بسند معتبر روایت کی ہے کہ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ میں نے حضرت خضر علیہ السلام کو واقعۂ غزوہ بدر سے ایک رات قبل خواب میں دیکھا۔ میں نے کہا کہ مجھے مشرکین پہ فتح و نصرت حاصل کرنے کے لئے کوئی دُعا بتلائیں تو انہوں نے کہا کہ یہ دُعا پڑھو "یَا ھُوَ یَا مَنْ لَا ھُوَ اِلَّا ھُوَ"۔ صبح ہوئی تو میں نے یہ خواب حضرت رسالت پناہ کی خدمت میں بیان کیا تو حضورؐ نے فرمایا اے علیؑ! تجھے اسم اعظم سکھایا گیا ہے، آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میں جنگِ بدر میں یہ دُعا پڑھتا تھا۔ اور روایت میں ہے کہ بجائے رجز کے یہی اسم پڑھتے تھے اور سورۂ توحید بھی زیادہ تلاوت کرتے تھے، جب اس ذکر سے فارغ ہوتے تھے تو یہ پڑھتے تھے "یَا ھُوَ یَا مَنْ لَا ھُوَ اِلَّا ھُوَ اِغْفِرْ لِیْ وَانْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ"۔ خصوصاً جنگِ صفین میں روایت کیا گیا ہے۔

ابو حمزہ ثمالی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے اجازت چاہی

اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے دیکھا کہ آپ گھر سے باہر نکلنے کا ارادہ فرما رہے ہیں اور آپؑ کے دونوں لبِ مبارک حرکت میں تھے مَیں نے اس بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ اے ثمالی! تو واقف ہوگیا ہے ؟ مَیں نے عرض کیا ہاں آپ پر قربان ہوجاؤں ، تو آپ نے فرمایا۔ خدا کی قسم! مَیں نے اس کلام سے بات کی ہے۔ اسے جو شخص بھی پڑھے گا تو خداوند عالم اس دعا کی برکت سے اس کی جو ضرورت ہوگی دنیا و آخرت میں کفایت کرے گی۔ میں نے عرض کیا اس کے متعلق مجھے آگاہ فرمائیں آپ نے فرمایا ہر شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت یہ پڑھے ، بِسْمِ اللّٰہِ حَسْبِیَ اللّٰہُ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ اُمُوْرِیْ کُلِّھَا وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَ عَذَابِ الْاٰخِرَۃِ۔

ایضاً۔ حضرت امیر المومنین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت اپنی انگوٹھی اپنے ہاتھ میں گھمائے اور اس کو دیکھ کر سورۂ اِنّا انزلنا پڑھے اس کے بعد کہے "اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَ اٰمَنْتُ بِسِرِّ آلِ مُحَمَّدٍ وَعَلَانِیَتِھِمْ" تو اس روز کوئی مکروہ و ناپسندیدہ نہیں دیکھے گا۔

نیز بسند معتبر حضرت امیر المومنینؑ سے روایت ہے کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ جو شخص ان اذکار کو ان ایّامِ ہفتہ میں اس ترتیب سے پڑھے اس کی ہر حاجت پوری ہوگی

ہفتہ :۔ ۱۳ مرتبہ۔ فَنَادٰی فِی الظُّلُمَاتِ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ

★ بحار میں حضرت سلمان فارسیؓ سے منقول ہے کہ جو شخص بعد از نماز صبح کسی سے بات کرنے سے پہلے ان اسماء کو سو مرتبہ پڑھے تو اس کی حاجتیں پوری ہونگی۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرّحیم یَاقَدِیْمُ یَادَائِمُ یَافَرْدُ یَاوِتْرُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاوَاحِدُ یَااَحَدُ یَاصَمَدُ یَامَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَلْقَدِیْرُ اَلْقَاھِرُ اَلْقَوِیُّ اَلْعَزِیْزُ اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَکَبِّرُ بِلَامُعِیْنٍ"۔

اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔

اتوار :- ۴۱ مرتبہ - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ -

سوموار :- ۴۱ مرتبہ - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَزِیْزًا جَلِیْلًا یَا عَزِیْزُ یَا جَلِیْلُ

منگل :- ۱۰۰ مرتبہ - صلوات بر محمد و آلِ محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین۔

بدھ :- ۴۱ مرتبہ - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مُخْلِصًا۔

جمعرات :- ۴۱ مرتبہ - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ -

جمعہ :- ۴۱ مرتبہ - سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ -

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس سلطان یا حاکم سے ڈرتا ہو، جب اس کے سامنے جائے تو کھیعص پڑھے اور اپنے دائیں ہاتھ کی ایک انگلی بند کرے اسی طرح ایک ایک مرتبہ پڑھ کر ہر انگلی بند کرتا جائے تاکہ پانچوں انگلیاں بند ہو جائیں اور کہے " وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا " پھر اس کے سامنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھول دے تو خداوندِ عالم اس کا شر دفع فرمائے گا۔

ایضاً :- ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی کافی میں فرماتے ہیں کہ جو شخص دشمن کے ہاتھ میں اسیر ہو تو کھیعص اور حمعسق اپنے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کی تعداد کے

★ یا حی یا قیوم یا لا الٰہ الا انت. کے عدد بعداز حذفِ مکرر ۴۵۸ ہیں۔

ایضاً۔ جو شخص اپنی انگوٹھی کے نگینہ میں یہ دونوں اسم نقش کرکے اپنی انگلی میں پہنے تو لوگ اس کو پسند کریں گے۔

مطابق پڑھے تو نجات پائے گا۔

اَلْمُقْسِطُ

شیخ سلیمان بونی کہتا ہے کہ جس پر وسوسے غالب ہوں یا زیادہ محتلم ہوتا ہو اور بے ہودہ خیالات عارض ہوتے ہوں تو اس اسم کا مربع پُر کرے اور موم میں رکھ کر (موم تازہ اور غیر مستعمل ہو) اپنے پاس رکھے۔

یا بعدد تکسیر اپنا ورد بنائے تو ان پریشانی سے خلاصی ہوگی۔ اگر اس کا ورد عمل چالیس روز سے تجاوز کر جائے تو مختلف قسم کی حکمتوں پہ مطلع ہوگا۔ اور اس کے کام میں برکات کلی ظاہر ہوں گی اور بے نیاز و مستغنی ہوگا لیکن توکّل بر خدا کی شرط کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔ اور مخلوق سے کوئی طمع و لالچ نہ رکھتا ہو اگر ایسا کرے گا تو خدا تمام چیزوں کو اس کا مطیع کر دے گا۔ ایضاً۔ مغربی کہتا ہے کہ اسم "مُقْسِطٌ وَجَامِعٌ" کو ایک مربع میں پُر کریں تو اس کے پریشان کام حل ہوں گے۔

یہ مربع مفرور اور غائب کے لئے عظیم اثر رکھتا ہے۔ جب ان اسماء کا مُربع پُر کرے تو مربع کی پُشت پہ مفرور یا گمشدہ چیز کا نام لکھ کر قرآن مجید کے اوراق کے درمیان رکھ دے تو مفرور اور چوری شدہ مال ظاہر ہو جائے گا۔ اور اس کے حامل کو فائدہ بسیار حاصل ہوگا۔

کہتے ہیں کہ یہ اسم حضرت سلیمان بن داؤد کی انگوٹھی کے نگینہ میں نقش تھا۔ جس کی

★ شیخ بہاء الدین عاملی نے ایک شخص کو دولتمند ہونے کیلئے فرمایا کہ ان اسماء کے ذکر کی مداومت کرے۔ "یا کافی یا غنی یا فتّاح یا رزاق" وہ شخص کہتا ہے کہ میں خلوت میں بیٹھ کر بعدد تکسیر مشغول ہوگیا، چالیسویں روز گھر کی چھت کھل گئی اور سونے کی چالیس تھیلیاں پھینکیں اور کہا کہ یہ تیری اُجرت ہے۔ ان اسماء کے عددِ تکسیر ۴۹۲۷۰ ہیں۔

برائے دردِ پستان سینہ اور دل۔ سورۂ الم نشرح پڑھے تو درد زائل ہوگا اور اس آیت کو لکھ کر سینہ پر لٹکائے۔ "وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين إلّا خسارا"

برکت و ہیبت کی وجہ سے تمام جن و انس اور چرند و پرند آپ کے مطیع تھے۔

اہلِ تحقیق فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو اپنا ورد و وظیفہ بنائے تو چاہیے کہ وہ اس حدیث شریف کے مفہوم پر عمل کرے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ العلم بلا عمل وبال والعمل بلا علم ضلال۔ علم کو عمل کے ساتھ جمع کرے۔

حضرت امام صادق علیہ السّلام نے فرمایا جس کو کوئی پریشانی لاحق ہو جائے اور اپنے گھر اور دوستوں سے دُور ہو جائے اور اپنوں کے بارے میں حیران و پریشان ہو اور کام کا ذریعہ اس کے ہاتھ سے نکل گیا ہو تو اُسے چاہیئے کہ اتوار کے دن چاشت کے وقت غسل کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور اپنے ہاتھوں کی ہر انگلی پر ایک ایک مرتبہ "یا جامع" پڑھے اور اس انگلی کو بند کرے تو وہ بہت جلد اپنے تمام احباب کی طرف واپس لوٹے گا اور اس کے کام کی گرہ کھل جائے گی۔

سلیمان بونی کہتے ہیں کہ دو شخصوں کے درمیان خصوصاً میاں بیوی کے درمیان اتنا اختلاف پیدا ہو جائے کہ جدائی کا خطرہ ہو تو یہ اسم ان کو اکٹھا کرنے کی نیت سے پڑھے۔ خصوصاً بستر میں داخل ہوتے وقت کہ ابھی پاؤں دراز نہ کیے ہوں، دس مرتبہ یا زیادہ دل میں اس اسم کو خلوصِ نیت کے ساتھ پڑھے تو کدورت اور سرد دلی دُور ہو گی۔

○ اگر کوئی بے وطنی میں ہو اس اسم کو بعد تکبیر یا تکبیر اپنا ورد بنا لے تو اپنے مقصد کو پہنچ جائے گا۔

○ اضطراب و پریشانی کے مواقع پر اس اسم کو بعد تکبیر یا پانچ سو چراسی مرتبہ پڑھنا بسیار مؤثر ہے۔

برائے دفعِ غم ۔ شیخ بہائی نے کشکول میں لکھا ہے کہ حضرت رسولِ اکرمؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ اے علیؑ! غم و ہم، حزن و غصہ اور طلبِ حاجات میں یہ پڑھو۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ فَاغْفِرْ لِيْ وَاَصْلِحْ شَاْنِيْ وَ فَـرِّجْ هَـمِّي بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

مغربی کہتا ہے کہ اگر اس اسم کو ہر روز پانچ عدد تکسیر (دو ہزار نو سو بیس مرتبہ) پڑھے تو اپنے وطن واپس لوٹے گا اور مصیبت و بدبختی سے رہائی حاصل کرے گا۔ اور ظاہری اور باطنی الفت و محبت حاصل ہوگی۔

اگر کوئی شخص شرطِ مذکور پر عمل کرے تو عجیب نہیں کہ تمام وحشی جانوروں، پرندوں اور دو ضدوں کو جو آپس میں جمع نہیں ہو سکتیں، ان کو آپس میں جمع کر سکے۔ لیکن بشرطہا وشروطہا۔

حضرت صادق علیہ السلام فرماتے ہیں جس کے گناہ بہت زیادہ ہوں اور نعوذ باللہ وہ مایوس و ناامید ہو تو اس کو ہمیشہ پڑھنے کی وجہ سے اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور وہ ناامیدی امید پر منتہی ہوگی۔

اَلْغَنِیُّ

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو یا لوگوں کے پاس جو کچھ دیکھے اس پر طمع و حسرت کرے، اگر وہ اس مذموم عادت اور شرک خفی سے نجات حاصل کرنا چاہے تو اس اسم کو ہر روز اس اسم کے عدد کے مطابق اپنے اعضائے بدن میں سے کسی عضو پر پڑھے اور اس عضو پر ہاتھ پھیرے تو وہ مقطوع الطمع اور آسودہ حال ہوگا۔

★ علاجِ خنازیر (کنٹھ مالا) :- ابراہیم بن اسرائیل نے بسند معتبر حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے انہوں نے فرمایا کہ میری ایک کنیز تھی اس کی گردن میں کنٹھ مالا نکل آیا تھا۔ میں نے الف سے سُنا ہے کہ اے علیؑ! اپنی کنیز سے کہو کہ یہ پڑھے، یارؤف، یارحیم، یارب، یاسیدی" اس نے ان چار اسماء کو پڑھا تو وہ اس مرض سے شفایاب ہو گئی۔"

اہل تحقیق فرماتے ہیں جو شخص اس اسم کو اپنا ورد بنانا چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ یقین حاصل کرے کہ غنیٔ مطلق خدا ہے اور اس کے علاوہ تمام فقیر و محتاج ہیں اپنی ضرورت کا کسی کے سامنے اظہار نہ کرے اور خدا کے علاوہ کسی سے کوئی چیز نہ مانگے تو خدائے بے نیاز اس کو مخلوق سے مستغنی کر دے گا۔

اس علم کے علماء اس طرح فرماتے ہیں کہ "الغنی" کا عدد تکسیر سات ہے جو اس کو پڑھے گا تو وہ عالمین سے مستغنی ہوگا۔ اس کے تین قاعدے ہیں۔

اول:۔ الف لام کے ساتھ تکسیر کرتے ہیں یعنی "الغنی" اس کے ۵۵۵۵ عدد ہیں۔

دوم:۔ حرف نداء کے ساتھ تکسیر کرتے ہیں یعنی "یا غنی" اس کے ۵۳۵۵ ہیں۔

سوم:۔ بغیر حرفِ نداء اور الف لام یعنی "غنی" اس کے ۳۱۸۰ عدد ہیں۔

اکثر اس فن کے علماء اس بات پر متفق ہیں کہ صرف "غنی" کی تکسیر کریں۔

شیخ احمد ہمدانی سے منقول ہے کہا کہ اپنے تمام عزیز و اقارب کے ذریعۂ معاش کے لئے میرا دل پریشان تھا میں نے اپنے استاد سے التماس کی کہ مجھے کوئی ایسی چیز تعلیم فرمائیں تاکہ کوئی ذریعہ معاش حاصل ہو، انہوں نے کہا کہ ان اسماء کو ہمیشہ پڑھ۔ پس میں ایک گوشہ خلوت میں بیٹھ کر بطریقہ تکسیر، ان اسماء کے ذکر میں مشغول ہو گیا۔ چالیسویں دن میں نے دیکھا کہ میرے گھر کی چھت شق ہو گئی اور زرِ سرخ سے بھری ہوئی تھیلی میرے کمرے میں پھینکی گئی اور میرے کانوں میں ایک آواز آئی کہ اے احمد! اگر تو اس ذکر کو زیادہ پڑھے گا تو ہم بھی زر میں زیادتی کریں گے اور اگر تو کمی کرے گا تو ہم بھی کم کر دیں گے اور اگر تو اس ذکر سے باز رہے گا تو ہم بھی باز رہیں گے۔

وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا کَافِیُ - یَا غَنِیُّ - یَا فَتَّاحُ - یَا رَزَّاقُ -

ان اسماء کا عدد تکسیر چھیالیس ہزار دو سو چھہتر ہے اور عدد تکسیر با صدر و مؤخر

چالیس ہزار دو سو چالیس ہے کل تعداد چھیاسی ہزار پانچ سو سولہ ٥١٦ بنتی ہے البتہ یہ واضح ہے یہ دستور معتقد شخص کیلئے ہے بد اعتقاد کے لئے نہیں ۔

صالحین میں سے ایک شخص نے نقل کیا ہے کہ میں جب ایک ضروری امر کے لئے ان اسماء کے ذکر میں مشغول ہوا تو ان دنوں میں ایک محقق نے مجھے کہا کہ مجھے علم مکاشفہ سے معلوم ہوا ہے کہ "غنی اور مغنی" پڑھنا چاہیئے کیونکہ کے لحاظ سے یہ مناسب تر ہے ۔ اس بزرگ کے کہنے سے میرے دل میں تردد پیدا ہوا کہ اس فن کے آئمہ خصوصاً شیخ ابوالعباس اس طرح کہتے ہیں لیکن یہ شخص ہے کہ از روئے معنی یہ مناسب تر ہے ۔ جب میں نے اپنے آپ کو اضطراب میں تو عالم باطن کی طرف متوجہ ہوا ۔ اس وقت میں نے اسمائے مبارکہ کے وظیفہ کرنے الوں میں سے ایک کی زیارت کی اس نے مجھ سے کہا کہ میرے پاس تین نام دیگر بھی ہیں اسماء لازم کرتے ہیں اور ہم ذکر کے وقت تیرے ساتھ ہم آواز ہیں اور ہم اس ح کہتے ہیں ۔

يَا كَافِیُ ، يَا غَنِیُّ ، يَا مُغْنِیُّ ، يَا فَتَّاحُ ، يَا رَزَّاقُ

معتبر روایات میں اوراد و وظائف ہفتہ کو اس طریقہ سے ذکر فرمایا ہے کہ ایام ہفتہ کے ہر روز یہ اذکار ستر مرتبہ پڑھے تو اس کے نتائج حسنہ حاصل ہوں گے ۔

:- والٰهكم إلٰه واحد لا اله الّا هو الرّحمٰن الرّحيم ۔

ر :- الم اللّٰه لا إلٰه الّا هو الحىّ القيّوم

وار :- وعنت الوجوه للحىّ القيّوم

موار :- سلامٌ قولاً من ربٍّ رحيم

منگل :- فسيكفيكهم اللّٰه وهو السّميع العليم ۔

بُدھ :- بسم اللّٰه الرّحمٰن الرّحيم وتوكّل على اللّٰه العزيز الرّحيم

جمعرات :- فاللّٰه خيرٌ حافظًا وهو ارحم الرّاحمين ۔

بعض نسخوں میں یہ ہے کہ جمعرات کو یہ پڑھیں ۔ فتعالى اللّٰه الملك الحق لا إلٰه الّا هو ربّ العرش الكريم ۔

مجھے یقین حاصل ہوگیا کہ اسماء کو اس طرح ذکر کرنا چاہیئے جب میں نے اس طریقے سے شروع کیا تو وہ کام جس کو چالیس دن میں انجام پذیر ہونا چاہیئے تھا صرف چھبیس دنوں میں اس مقصد کو حاصل کر لیا تو آخری طریقہ عدد تکسیر اکتیس ہزار دو سو تیس ہو گئے اور تکسیر صدر و مؤخر ایک ہزار چھ سو ستاسٹھ اور کل عدد چالیس ہزار آٹھ سو ستانوے بنتے ہیں۔

شیخ بونی نے کہا کہ الکافی ، الغنی ، المغنی ، الفتاح ، المرزاق"

الشَّافِعُ

حضرت امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے اگر عورت اپنے خاوند کی نسبت کم محبت اور قلیل المودت ہو تو سونے کے وقت اس اسم کو زیادہ پڑھے تو محبت والفت پیدا ہوگی

شیخ بونی کہتے ہیں کہ سورج کی گرمی کی شدت کے وقت ، زیادہ سردی، باد وباراں وطوفان ، ٹڈیوں کے نازل ہونے اور ہر بڑا حادثہ جس سے گمان خوف ہو تو اس اسم کو زیادہ پڑھے تو صحیح وسالم رہے گا۔

اگر کئی لوگوں کے درمیان دشمنی ہو جائے جس طرف سے اس اسم کو پڑھا جائے گا وہ غالب ہوں گے یا صلح کریں گے۔

★ جمال الصالحین میں حضرت بقیۃ اللہ ولی عصر ارواحنا فداہ سے مروی ہے کہ جو شخص ایک نشست میں ایک ہزار مرتبہ " ماشاء اللہ " کہے تو توفیق حج حاصل ہوگی۔

★ برائے محبت ۔ اگر تو کسی کی محبت حاصل کرنا چاہے تو ان کلمات کو بعدد ایام سال ۳۶۵ مرتبہ پڑھ کر محبوب کے گھر کی طرف پھونک مار عجیب اثر رکھتا ہے ۔ هُوَ الْمُؤَلِّفُ بَيْنَ الْقُلُوبِ بِالْحَبِيبِ وَالْمَحْبُوبِ وَالطَّالِبِ وَالْمَطْلُوبِ۔

اَلنَّافِعُ

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو جمعہ کی راتوں میں زیادہ پڑھے تو وہ تقربِ خداوندی حاصل کرے گا اور اگر ہمیشہ اس کو اپنا ورد بنالے اور بے شمار دشمنوں کے درمیان چلا جائے تو صحیح و سلامت رہے گا اور اس کو کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ کہتے ہیں کہ جو لوگ زراعت اور تجارت کے پیشے میں مشغول اور کثیر السفر ہیں وہ اس اسم کو ہمیشہ پڑھتے رہیں تو ان کو اپنی اجناس کی خرید و فروخت میں بہت زیادہ نفع حاصل ہوگا اور ان کے مال میں خسارہ و نقصان نہیں ہوگا۔

نیز کہتے ہیں کہ اگر دس افراد کشتی میں سوار ہوں اور ان میں سے ہر ایک فرد دس ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اور اگر تین یا دو یا ایک آدمی تنہا ایک لاکھ مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو وہ تمام افراد غرق ہونے اور بحری آفات سے نجات پا جائیں گے۔

مغربی کا اعتقاد ہے کہ اگر کوئی عدد تکسیر کے مطابق چھ مرتبہ پڑھے تو وہ یقیناً توانگر اور صاحبِ مال و دولت ہوگا۔

لیکن اس اسم کو شرفِ زحل یا شرفِ آفتاب یا سعد مشتری میں چاندی کی لوح میں نقش کرے۔

بایں طریق:۔ اس اسم کے ذکر کے وقت اس لوح کو سفید جام یا سفید چینی کے پیالے میں رکھے اور اس پر تھوڑا سا گلاب ڈالے اور اپنی آنکھوں کے سامنے رکھے اور اس پر نظر کرے اور ہر روز ایک مرتبہ بعدد تکسیر پڑھے اس کے بعد دعا کرے یقیناً قبول ہوگی اور اس عمل کو جمعہ کی رات میں انجام دے تو دولتمند ہوگا۔

اس ختم کو جمعرات کے دن شروع کرے اور شبِ جمعہ بھی چھ مرتبہ عدد تکسیر کے مطابق پڑھے تو وہ شخص ظاہر و باطن میں مستغنی ہوگا اور اس کے تمام دشمن مغلوب ہوں گے۔

اور ہر کام اور ہر اقدام میں نفع حاصل کرنے کا دستیاب ہوگے علاوہ اس کا نفع تمام لوگوں کو بھی پہنچے گا۔ اور اس میں ایسی پاکیزگی ظاہر ہوگی کہ اس کا فیض تمام اشیاء کو پہنچے گا اور ہمیشہ غالب رہے گا اس اسم کے بے شمار خواص ذکر کئے گئے ہیں اس سے زیادہ لکھنا کتاب کے پڑھنے والے کی پریشانی کا باعث ہوگا۔

نوٹ :- عدد تکسیر اسم ”نافع“ چھ سو تین ہیں اور باعدد زر و مؤخر ایک ہزار دو سو چھ ہیں الف لام کے ساتھ یعنی ”النافع“ ایک ہزار ایک سو ساٹھ اور باعدد زر و مؤخر ایک ہزار آٹھ سو تین ہیں۔ حرف ندا کے ساتھ یعنی ”یانافع“ ایک ہزار ساٹھ ہیں۔ اور چھ مرتبہ عدد تکسیر ”نافع“ سات ہزار چھتیں اور چھ عدد تکسیر ”یانافع“ تین ہزار دو سو اٹھاون اور چھ عدد تکسیر ”النافع“ گیارہ ہزار ایک سو اٹھارہ ہے۔

بزرگ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھے اس کی سات خاصیتیں ہیں۔

(۱) عزت (۲) رفعت (۳) نعمت و حشمت (۴) محبت (۵) قدرت (۶) قوت (۷) رزق ۔

اَلْوَارِثُ

سلیمان بونی فرماتے ہیں کہ یہ اسم قبل از طلوع آفتاب پڑھیں اور سو مرتبہ سے کم نہ پڑھیں جو شخص اس اسم کو ہمیشہ خصوصاً تنہائی اور تاریکی میں پڑھے تو خدا اس کو وحشت اور تنہائی سے نجات دے گا اور قبر میں اس کا مونس و مددگار ہوگا۔ جب اس اسم کو پڑھنا چاہے تو اس سے پہلے یہ آیت تلاوت کرے۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ۔“ اس آیت کی تشریح آئندہ کریں گے

اَلرَّشِیْدُ

سلیمان بونی اور احمد تمیمی کہتے ہیں کہ جو شخص بعد از نماز عشاء اس اسم کو پڑھے اور

بعد از آیۂ مذکورہ ایک ہزار مرتبہ "الرشید" کہے تو فتح، تدبیر، امور کے سر انجام پانے، حاجات بر آنے، ملوک و حکام کے تقرب اور لوگوں کے نزدیک محترم ہونے میں بہت مؤثر ہے آیت یہ ہے۔ وَهُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِیْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔

بسند معتبر وارد ہے کہ اگر بنیتِ استخارہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کا نفع و نقصان اس پر روشن و واضح ہوگا اور اس کام کا انجام کما حقہ جان لے گا۔

اَلنُّوْرُ

حضرت موسیٰ بن عمران نے اس اسم مقدس کی برکت سے درختِ زیتون کی شاخ سے اِنِّیْ اَنَا اللّٰہ کی آواز سُنی۔

کہتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کا ذکر کرنا چاہے اس کو اس بات کا معتقد ہونا چاہیئے کہ تمام موجودات نورِ حق سے ظاہر ہوئے ہیں اور دستِ نیاز سے دامنِ بے نیاز کو تھام لے تاکہ وہ اس کو نورِ محض و مطلق گردانے اور وہ ہمیشہ کوشش کرے کہ اپنے آپ کو نواہی کی ظلمت سے محفوظ رکھے۔

★ برائے تپ ہائے کہنہ :- خلاصۃ التجارب میں لکھا ہے نابالغ لڑکی سے کہے کہ صاحبِ بخار کی نیت سے تین دانے بادام اس طرح توڑے کہ اس کے مغز سالم رہیں، باہر کی ہوا نہ لگے اور اس بخار والے کے سرہانے رکھ دیں، علی الصبح قبل از طلوعِ آفتاب کسی سے بات نہ کرے اور ایک مغز پر بسم اللہ، دوسرے پر بسم اللہ اللہ اور تیسرے پر بسم اللہ اللہ اللہ لکھے اور ہر روز ایک مغز نہار منہ کھائے۔

★ فائدہ :- برائے ہر شرعی حاجت بعد از نماز صبح ایک سو ستر مرتبہ "یَا اللّٰہُ یَا حَکِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا وَکِیْلُ" پڑھے تو انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

بونی فرماتے ہیں جو شخص ہر رات آیۂ نور کی تلاوت کرے اور عدد تکسیر کے مطابق یہ اسم پڑھے تو اس کے باطن میں نورِ ہدایت ظاہر ہوگا۔ اگر کم از کم سات راتیں پڑھ سکے تو پڑھے۔

اور جو شخص ان اسماء کو اس صورتِ تکسیر سے چاندی پر نقش کرے۔

ااال لل ب ن ق د وای ر ب ح ض"

اور اس کے چاروں طرف آیت اللہ نور السمٰوٰت والارض تا بکلّ شیءٍ علیم۔ جمعہ کے دن طلوعِ آفتاب کے وقت لکھے اور اس نقش کو درج بالا دستور کے مطابق لکھنے کے وقت غسل کر کے پاکیزہ لباس زیبِ تن کرے اور اپنی انگلی میں ڈالے اور ان اسماء کو چار سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ جملہ کاموں مثلاً تقرب سلاطین و قیدیوں کی رہائی اور محکوم بہ قتل شخص کو رہائی دلانے کے لئے بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کا مقام و مرتبہ بلند ہوگا اس سے تمام آفات و بلیّات دفع ہوں گی اور اس کا مال و جان اور ایمان بھی محفوظ رہے گا۔

اور اخبارِ غائب، عجائب کا دیکھنا، دفعِ دشمن، پاکیزگیٔ قلب، علم لدنی اور عزتِ دارین بھی اس کو حاصل ہوگی۔ لیکن شرائط کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ بیشتر ایام روزہ رکھے اور باطہارت اور معتکف ہو۔

اَلرَّحْمٰنُ

بونی کہتے ہیں کہ جو شخص بعد از فرائض سو مرتبہ ہمیشہ پڑھے تو اس کا دِل ظلمت

★ بات کی مقبولیت کیلئے :۔ اس آیت کو پوستِ آہو میں حروفِ مقطعہ کے ساتھ لکھے "وتمت کلمة ربك صدقًا وعدلًا لا مبدّل لکلماته وهو السميع العليم" اور اس کو اس طرح تہہ کریں کہ تحریر شدہ حصہ باہر کی طرف ہو اور اس کو موم میں رکھیں اور اسے اپنی زبان کے نیچے رکھ کر کسی سے اپنی ضرورت کی بات کرے۔ کام ہو جانے کے بعد اس کو کسی پاک مقام میں دفن کر دے۔

اور غفلت سے پاک و صاف ہو جائے گا۔

حضرت سلطان الاولیاء علی بن موسیٰ الرضا علیہ آلاف التحیۃ والثناء فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص الرحمٰن کے عدد کے مطابق ۲۹۸ مرتبہ پڑھے تو تمام مخلوق اس کو دوست رکھے گی حتیٰ کہ اس کے دشمن بھی اس پر مہربان ہوں گے۔

ابراہیم الخواص اپنی شرح میں کہتے ہیں کہ جس شخص کو کوئی مشکل امر درپیش ہو اور اس کو انجام دینے سے عاجز ہو تو بروزِ جمعہ نمازِ عصر کے بعد دنیاوی بات کرنے سے پہلے خلوصِ دل کے ساتھ جس قدر ہو سکے ان دو اسماء کو پڑھے۔ "یا اللّٰہُ یا رحمٰنُ" اتنا پڑھے کہ سورج غروب ہو جائے اس کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر حاجت طلب کرے تو یقیناً کامیاب ہوگا۔

کہتے ہیں اس دستور کو جسے میرے استاد خواجہ الیاس نے بتایا ہے برائے کفایتِ مہماتِ مسلمین اور اس کی شرح بہت زیادہ ہے۔

بزرگ فرماتے ہیں مشکلاتِ مہمہ اور امورِ عظیمہ کے لئے بروزِ جمعہ بعد از نمازِ عصر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ورد شروع کرے یہاں تک کہ مغرب کی اذان کا وقت ہو جائے اس وقت سجدہ میں جائے اور عاجزی و انکساری کرے اور اپنی حاجت طلب کرے اس کے بعد سجدے سے سر اٹھائے اور دونوں ہاتھوں کو اُوپر اٹھا کر صلوٰت پڑھے جو چاہے گا پُورا ہوگا۔

دُعا کی جلد قبولیت کے لئے لازم ہے کہ پہلے بارگاہِ ایزدی میں مومنین و مومنات کی مغفرت کی دُعا کرے۔

★ برائے رفعِ خیالات و بے خوابی اس آیت کو چھتیس مرتبہ پڑھے۔ اللّٰہ لا الٰہ الّا ھو الحیّ القیّوم لا تأخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت و ما فی الارض"

مغربی کہتا ہے میں نے اپنے استاد سے سُنا ہے کہ اس اسم سے بزرگ تر کوئی اسم نہیں ہے کیونکہ اگر کوئی اسم بزرگ تر ہوتا تو کلام ربانی کی ابتدا میں وہ اسم لایا جاتا اور قرآن کی ہر سورت کی ابتدا میں وہ اسم مذکور ہوتا۔

نیز رسول اکرمؐ سے منقول ہے کہ بجہت فتح امور، آفات و بلیات سے محفوظ رہنے بدگو لوگوں کے مکر و فریب اور وسوسۂ شیطان، ۴+۴ کے مربع میں شرف آفتاب اور ساعت سعد میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز ۶۰۰ مرتبہ پڑھے تو ہر طلسم کو کھول سکتا ہے اور اس پر تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی۔

اس ذکر سے فراغت کے فوراً بعد ایک سو بتیس مرتبہ صلوٰت پڑھے تاکہ اس کی دُعا مقرون باجابت ہو جائے، اس کا رزق وسیع ہو جائے، پاکیزگی ظاہر و باطن حاصل ہو اور متواتر کامیابیاں اس کا رُخ کریں، شرط یہ ہے کہ یہ لوح رکھنے والا پاک اور معطر ہو۔

اس فن کے دانشمند منجملہ مغربی وغیرہ نے باسناد معتبر آئمہ طاہرین علیہم السّلام سے نقل کیا ہے کہ ہر وہ دُعا جس کے اوّل "اَللّٰھُمَّ" یا "اللّٰہ" ہو یقیناً مستجاب ہوگی۔ نیز عزت و طلب جاہ، سانس کی روانی، الفت قلوب، وسعت رزق اور ہر خواہش کیلئے اپنا ورد بنا کر یہ آیت ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے: "اَللّٰہُ لَطِیۡفٌ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ وَھُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ" جو چاہتا ہے وہ زود تر حاصل ہوگا۔

قید سے نجات، جس کام سے معزول کیا گیا ہو اس پر بحالی، طلب جاہ و عزت

☆ عبداللہ بن مسعود نے رسول اکرمؐ سے روایت کی ہے حضور نے فرمایا کہ جس نے ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہا تو اس کے گناہ ایک ذرہ بھی باقی نہیں رہے گا۔

☆ اوائل المصباح کفعمی میں ہے کہ گھر کے صدر دروازے پر باہر کی طرف "بسم اللہ" لکھنا ہلاکت سے محفوظ رکھتا ہے اسی کے ذریعے دُعاۓ موسیٰؑ کے ساتھ فرعون ہلاک ہُوا۔

اور غلبہ بر دشمن کے لئے مسلسل چھ روز، روزانہ تین ہزار تین سو تینتیس مرتبہ یہ آیت پڑھے "فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ"۔ اگر یہ آیت یمنی عقیق میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو تسلطِ اعداء، لوگوں کی نظر میں ذلت و خواری اور مرگِ مفاجات سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

هُوَ

شیخ علی بن یوسف الکرکہری شرح الاسماء میں کہتے ہیں کہ "ھو" خداوند عالم کے اسماء سے اوّلین اسم ہے۔

"ھو" خاص ترین اسم ہے اور عدد "ھو" گیارہ ہیں اور عدد تکسیر ۳۲ ہیں۔

مغربی کہتے ہیں کہ عددِ اسم "ھو" قرآن مجید کی سورتوں کے مطابق ۱۱۴ ہیں اور وہ معتقد ہیں کہ حروف کی ملفوظی تکسیر کرنی چاہیئے مثلاً (ھا واو) جب تکسیر کریں تو اس کے عدد ۱۱۴ ہوں گے۔

نوع دیگر تکسیر:۔ از استاد جلیل سید حسین افلاطی وہ ہے کہ وہ اسماء کی تکسیر کرتے ہیں اور زمام کو معتبر جانتے ہیں لیکن سطر آخر کو شمار نہیں کرتے کیونکہ وہ سطر تکسیر کی صحت و سقم کے لئے میزان ہے۔

اور اس کی دوسری تکسیر با اسمِ تکسیرِ مکسر ہے اگر چاہیں کہ اسماء اللہ میں سے ایک اسم سے اپنے نام کے ساتھ یا دوسرے چند اسموں سے تکسیر کریں تو ان قواعد سے جو بیان کئے گئے

★ اگر حاملہ عورت اپنے بازو پر باندھے تو وضع حمل جلدی اور آسان ہوگا۔

تحصنت بحصن الملك الاكبر من شر ما اخاف من الجن واحذر يا رحمن الدنيا ورحيم الاخرة ارحم علىّ فى الشدّة والنوائب يا رب العالمين۔

ہیں ان کی تکسیر کر سکتے ہیں تاکہ ایک حرف رہ جائے اس حرف کو اپنے پاس رکھے یا عمل کرے عجیب اثر ہوگا۔

مغربی نے کتاب ذکر الاعلی فی شرح الاسماء میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا کہ قرآن مجید میں ٣٠ جگہ پر لا الٰہ الّا اللہ مذکور ہے اور وہ توحید قرآن ہے۔ جو شخص اپنی پوری زندگی میں اس کو ایک مرتبہ پڑھے وہ اس طرح ہے جس طرح اس نے تمام قرآن کی تلاوت کی ہے۔ اور اس کے گناہ بخشے جائیں گے، اگرچہ اس کے گناہ صحرا کی ریت، درختوں کے پتوں اور بارش کے قطروں جتنے بھی ہوں۔ اگر وہ با اعتقاد کامل پڑھے تو اس کے تمام گناہ نیکیوں میں بدل جائیں گے۔

خَبِیْرٌ

جو شخص لفظ "خبیر" کو پچیس مرتبہ سعد ساعت میں لکھ کر اپنے دل کے برابر لٹکائے تو اکثر مخفی امور پر واقف ہوگا۔

عَزِیْزٌ

جو شخص اس آیت کو چار مرتبہ لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھے تو شیطان اس کے ارد گرد نہیں پھرے گا (شیطان اس کے نزدیک نہیں آئے گا) اور اسے کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا۔

چند اسم اعظم

ترس وبیم اور چھوٹا بڑا ڈر خصوصاً بچوں کے ڈر کے لئے ایک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھلائے تو رفع ہوگا۔ ان بطش ربک لشدید انہ ھو یبدئ ویعید وھو الغفور الودود ذو العرش المجید فعال لما یرید۔

نُورٌ

شہید ثالثؒ نے مجالس المتقین میں کتاب بحر السعادت سے ایک شیریں اور دلربا حکایت کے بعد رسول خداؐ سے روایت کی ہے کہ قوی دشمن کی ضرر رسانی کو دُور کرنے کے لئے دو رکعت نماز پڑھے اور اپنا چہرہ خاک پر رکھ کر اس دُعا کو پڑھے تو یقیناً نجات پائے گا۔

يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيدِ يَا فَعَّالاً لِمَا يُرِيدُ أَسْئَلُكَ بِنُورِ وَجْهِكَ

★ علمِ دَم (سانس) علمائے ہند سے اس ترتیب سے حاصل ہُوا ہے۔
بعض علماء کہتے ہیں علم سانس کے بعض طریقوں میں سے ایک یہ ہے کہ اگر کوئی کسی کام یا حاجت کے بارے میں سوال کرے تو اگر سائل کے نام کے حروف طاق ہوں اور اس کا سانس اس کی ناک کے دائیں سوراخ سے آ رہا ہو تو اسکا کام مرضی کے مطابق جلدی پُورا ہو گا اور اگر اس کے نام کے حروف جفت ہوں اور سانس بائیں طرف سے آ رہا ہو تو اس کا کام نہیں ہو گا اور اگر کوئی بیمار کے متعلق پوچھے اور بیمار کے نام کے حروف طاق ہوں اور سائل و مسؤل کا سانس دائیں جانب سے آ رہا ہو تو بیمار شفایاب ہو گا اور اگر دونوں کا سانس بائیں طرف ہو تو اس بیمار کو خطرہ ہے اگر دو دشمنوں کے بارے میں سوال کریں کہ کون غالب ہو گا اگر سائل اس طرف سے آیا ہو کہ سانس زیادہ ہو جس کا نام پہلے لے گا وہ غالب ہو گا اور اگر اس طرف سے آیا ہو جس طرف سانس کم جاری ہو جو نام آخر میں لے گا وہ غالب ہو گا اگر حاملہ عورت کے متعلق پوچھیں اگر سائل بائیں طرف سے آیا ہو اور سانس اسی طرف زیادہ ہو تو لڑکی ہو گی اور سائل دائیں طرف سے آیا ہو اور سانس اسی طرف زیادہ ہو تو لڑکا ہو گا اگر غائب کے متعلق پوچھیں کہ زندہ ہے یا مُردہ۔ اگر سائل اس جانب سے آیا ہو جس جانب سانس کم جاری ہو اور اس جانب بیٹھے کہ سانس زیادہ ہو تو وہ غائب زندہ ہے ورنہ مُردہ۔ اور اگر چوری شدہ مال یا مغرور کے متعلق پوچھیں اگر سائل اس جانب سے آیا ہو کہ سانس زیادہ جاری ہو تو واپسی ہو گی اور اگر اس طرف سے آیا ہو کہ سانس کم تر ہو تو بہت تاخیر سے واپسی ہو گی۔ اگر وقتِ خلوت اپنی بیوی سے اس وقت مباشرت کرے کہ سانس دائیں طرف زیادہ ہو تو لڑکا ورنہ لڑکی ہو گی۔

الَّذِیْ مَلَاءَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ۔ تین مرتبہ پڑھے اور اپنے آپ پر پھونک مارے۔ (مجرب ہے مؤلف)

نیز در خواص اسماء اَلْغَنِیُّ و رَزَّاقُ

اس طرح ذکر کیا گیا ہے کہتے ہیں کہ بلادِ مغرب کا ایک درویش ایک مسجد کے گوشے میں گیا اور رُو بقبلہ "الغنی" کے ذکر میں مشغول ہو گیا۔ جب پڑھتے پڑھتے وہ ایک ہزار اکہتر کے عدد تک پہنچا تو مسجد کی چھت نیچے آ گئی اور ایک ہزار مثقال سونا مسجد کی چھت سے گر پڑا، درویش نے وہ سونا اٹھایا اور چلا گیا۔

اسی طرح اسم "اَلرَّزَّاقُ" نماز صبح سے پہلے اپنے گھر کے چاروں کونوں ہر ایک کونے میں دس مرتبہ پڑھے اور اس کی ابتداء دائیں ہاتھ کی طرف سے کرے اور جانب قبلہ جائے تو فقر و فاقہ سے نجات پائے گا۔

اسی طرح اسم "اَلْمُغْنِیُّ" کو ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے۔ اس اسم کا مراقبہ کرنا، اور لکھ کر اپنے پاس رکھنا بھی یہی خاصیت رکھتا ہے اور موجب توانگری و دولتمندی ہے۔

ختم "قل اللّٰھم" برائے اقبال و دولت وعزت اور اسی طرح ثروت و بے نیازی کے لئے بھی مجربات سے شمار کیا گیا ہے اور بزرگ مدعی ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں اور اس کا طریقہ یہ ہے۔ رات کو کسی وقت اٹھے اور مکمل وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے، پھر رُو بقبلہ خلوصِ دل کے ساتھ اس آیۂ مبارکہ کو چالیس مرتبہ پڑھے:۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ" جب

فارغ ہو جائے تو اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھے اور میم کے درمیان ہ کو اس طرح کشادہ لکھے (ھ) اور اس کو کسی دیوار پر چسپاں کرے اور اس حرف کو روزانہ چالیس مرتبہ دیکھے اور ہر دفعہ اس آیت کو چالیس مرتبہ پڑھے اور بوقتِ تلاوتِ آیت اس حرف سے نظر نہ ہٹائے اور چالیس روز تک کسی شخص یا کسی چیز کی طرف متوجہ نہ ہو، جب چالیس دن پورے ہو جائیں، تو اس پر دولت و اقبال اس طرح ظاہر ہوں گے کہ تعجب کرے گا اور اس وقت عجائب و غرائب مشاہدہ کرے گا۔

سرِ عظیم در معرفتِ اسماء

برائے تسخیر:۔ جس شخص کی تسخیر کرنا چاہیں، پہلے یہ دیکھیں کہ اس کے نام میں کتنے حرف ہیں اور ہر حرف کون سے اسماء اللہ اسم سے متعلق ہے، پھر اس شخص کے نام کے حروف کو اسم اعظم کے ساتھ ملاحظہ کرے اور اس شخص کے نام کے حروف کے مطابق ان اسماء کو اس طریقے سے پڑھے۔

الف، لا الٰہ الاّ اللہ - ب، یارحمٰن - ج، یارحیم - د، یامالك - ھ، یاقدوس - و، یاسلام - ز، یامؤمن - ح، یامہیمن - ط، یاعزیز - ی، یاجبّار - ك، یامتکبّر - ل، یاخالق - م، یابارئ - ن، یاصبور - س، یاغفّار - ع، یاقہّار - ف، یاوھّاب - ص، یارزّاق - ق، یافتّاح - ر، یاعلیم - ش، یاقابض - ت، یاباسط - ث، یاحافظ - [خافض] - خ، یارافع - ذ، یامعزّ - ض، یامذلّ - ظ، یاسمیع - غ، یابصیر -

مثلاً، جعفر نامی شخص کی تسخیر میں ان چار اسماء کو پڑھنا چاہیئے، ج، یارحیم - ع، یاقہّار - ف، یاوھّاب - ر، یاعلیم -

مُعِیدُ

چوری شدہ اشیاء کے لئے دو رکعت نماز پڑھیں اس نیت سے کہ مال یا جو چیز بھی ہو واپس مل جائے ، نماز کے بعد دائیں طرف ستر مرتبہ ، بائیں طرف ستر مرتبہ ، پیچھے کی طرف ستر مرتبہ اور پھر کھڑے ہو کر سامنے ستر مرتبہ "یَا مُعِیدُ" پڑھے' اس کے بعد کہے "رُدَّ عَلَیَّ ضَالَّتِی بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ" صاحب کتاب گوہر شب چراغ نے تجربے کا دعویٰ کیا ہے ۔

راز دیگر

کہتے ہیں کہ اگر تو چاہتا ہو کہ کسی کو برائے خدا اپنا دوست بنائے ، تو اس کا نام دیکھیں کہ اس کے کتنے حرف ہیں اس کے ہر حرف کے سامنے اسماء اللہ میں سے ایک اسم جس کا پہلا حرف وہی حرف ہو بروز بدھ یا جمعرات بہ نظم طبیعی یعنی جب ماہ مشتری کی تسدیس یا تثلیث میں ہو تو کاغذ پر ایک مربع پُر کریں اور اپنے پاس رکھیں ۔ مجرب ہے ۔ مثلاً اگر احمد نامی شخص کو دوست بنانا چاہتا ہے تو الف ، اللہ ۔ ح ، حبیب ۔ م ، مقیم ۔ د ، دیان ۔ لیکن خلاف شرع عمل نہ کریں کہ خطرہ ہے ۔

عَزِیْزُ قَدِیْرُ

استاد بزرگوار شیخ بہاء الدین عاملی فرماتے ہیں ، میں نے معتبر احادیث میں دیکھا ہے

★ اس مسدس کو فرح زحل میں کہ اس کا شمس ناظر ہو اور قمر بھی حال فرح میں ہو ، اطلس سُرخ یا زرد کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو جملہ بلیّات سے محفوظ رہے گا ، مسدّس یہ ہے ۔ وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا وَکَفٰی بِاللّٰہِ عَلِیْمًا وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیْدًا وَکَفٰی بِاللّٰہِ حَسِیْبًا وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیْلًا ۔

کہ برائے حصولِ مطالبِ شرعیہ ستر مرتبہ پڑھیں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِعِزَّتِکَ وَقُدْرَتِکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بِحَقِّ حَقِّکَ وَحُرْمَتِکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَرِّجْ بِرَحْمَتِکَ۔

نیز برائے ادائے قرض ہمیشہ پڑھیں تو قرض زود تر ادا ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

شرح ذکرِ اسماءِ ادریسیہ

۱۔ اس اسم کا اثر یہ ہے کہ اگر سلاطین اور بزرگوں کے سامنے ستر مرتبہ پڑھے تو اس کی ہر درخواست اور خواہش پوُری ہوگی۔

۲۔ اگر بروز بدھ بیالیس مرتبہ پڑھے اور جو حاجت خدا طلب کرے گا پوری ہوگی۔

۳۔ اگر مخلوق کی نظر میں پست و حقیر اور تہی دست ہو تو عرصہ بیس روز، روزانہ پچاس مرتبہ پڑھے تو توانگر اور دولتمند ہو۔

۴۔ بروز جمعہ نماز کے وقت پہلے غسل کرے اور پاکیزہ لباس پہن کر مسجد جائے جب نماز جمعہ سے فارغ ہو تو دو سو مرتبہ جس حاجت کیلئے بھی پڑھے روا ہوگی۔

۵۔ اگر کسی کی عاطفت و محبت کو اُبھارنا چاہے اور اس کا ظلم کم ہو جائے تو اس اسم کو اس کے نام مع والدہ مشک و زعفران کے ساتھ لکھ کر اس کے مکان میں دفن کرے۔

کتاب گوہر شب چراغ میں اسم "حافظ" کے فائدے کے بارے میں شیخ سہروردی سے منقول ہے کہ برائے طولِ عمر بعد از نماز صبح پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مَحْبُوْبًا فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَبَلِّغْنِیْ اِلٰی مِأَۃٍ وَعِشْرِیْنَ سَنَۃً اَنْتَ اللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ الطَّاھِرِیْنَ۔ تو عمر طبیعی کو پہنچے گا۔

۶۔ برائے ازدیادِ محبت ودوست تین دن، روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے اور اپنے ہاتھ کی ہتھیلی میں لکھ کر جس کے سامنے جائے گا، وہ اس کا محب اور دوست ہوگا۔

۷۔ اگر کوئی سخت مریض ہو وہ چینی کے پیالے میں لکھ کر اور کوزہ مصری میں حل کر کے پیئے شفا ہوگی۔

۸۔ اگر کوئی کم حافظہ ہو چالیس مرتبہ پڑھے تو اس کی قوتِ حافظہ زیادہ ہوگی اور قلب نورانی ہوگا۔

۹۔ اگر کوئی شخص فاسق وفاجر اشخاص کے تسلط سے آزادی اور راحت حاصل کرنا چاہے تو اس اسم کو ہمیشہ پڑھے۔

۱۰۔ جو شخص چاہے کہ وہ ہر کام میں ثابت قدم رہے تو تین دن تک روزانہ تین سو مرتبہ پڑھے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص زنا، فسق و فجور اور خواہشاتِ نفسانی کی طرف راغب ہو، ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو عدمِ رغبت کی توفیق حاصل ہوگی اور معصیت کے اردگرد نہیں پھرے گا۔

۱۲۔ اگر کوئی بدگو افراد کی زبان بند کرنا چاہے تو سیسہ کی لوح میں نقش کر کے گیلی زمین میں دفن کر دے۔

۱۳۔ جو شخص اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہو۔ سات دن روزہ رکھے اور اس

★ خزائن نراقی میں برائے توسعۂ رزق فرماتے ہیں کہ بعد از فرائض یہ دعا پڑھیں۔

"یَا اللّٰہُ تین مرتبہ، یا رحمٰنُ تین مرتبہ، یَا رَحِیمُ تین مرتبہ، یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا حَلَالًا طَیِّبًا عَظِیْمًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔" میں نے آزمایا ہے (مؤلف)

مدت میں ترک حیوان کرے اور ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو دوبارہ اپنے اسی مقام و مرتبہ پر فائز ہوگا اور اگر مقروض ہوگا تو ادا ہوگا۔

۱۴۔ اگر کسی پر سحر و جادو کیا گیا ہو اور پریشان ہو تو سات دھاتوں کی لوح میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے تو محفوظ رہے گا۔

۱۵۔ اگر کسی جگہ یا کسی شخص سے کوئی بھلائی یا رقم کی امید رکھتا ہو اور اپنے مقصد کو بہت جلد حاصل کرنا چاہے تو اس اسم کو ہرن کی کھال میں لکھ کر مطلوب کے گھر میں دفن کرے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہو باطہارت اس اسم کی مداومت کرے رہائی ہوگی۔

۱۷۔ آنکھوں کی بینائی کی کمزوری اور اس کی دیکھنے سے ناامیدی کے لئے اس اسم کو بہت پڑھے تو اس کی آنکھوں کی بینائی بہت تیز ہو جائے گی۔

۱۸۔ اگر کوئی کسی شخص کے سامنے یا کسی مقام سے کوئی حاجت رکھتا ہو اس اسم کو زیادہ پڑھے تو تمام لوگ اسے دوست رکھیں گے اور وہ کامیاب و کامران ہوگا۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص کوئی چیز کسی کے سپرد کر دے اور اس اسم کو پارچۂ ابریشم پر لکھ کر اس امانت کے اوپر رکھ دے تو وہ امانت تلف و ضائع نہیں ہوگی۔

۲۰۔ غائب شخص کے حال سے مطلع ہونے کے لئے، اس نیت سے درج ذیل طریقہ سے اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے۔ دو رکعت نماز بنیتِ غائب پڑھے، ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ حمد، دس مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دس مرتبہ آیتہ الکرسی پڑھے اور بعد از اتمام نماز اس اسم کو ہرن کی کھال میں لکھ کر اپنے سر کے نیچے رکھے، اسی وقت غائب شخص کو خواب میں دیکھے گا۔ اور مطلع ہوگا کہ وہ کس حال میں ہے؛

۲۱۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ اپنے لئے کسی کی محبت حاصل کرے تو اس اسم کو مشک و زعفران کے ساتھ لکھ کر آبِ جاری میں ڈالے۔

۲۲۔ برائے تقرب نزد سلاطین و حکام دس روز تک، ہر روز بارہ مرتبہ پڑھے۔

۲۳۔ اگر کوئی طالب علم ہو اور درس یاد نہ کر سکتا ہو۔ یا کوئی مشکل و دشوار امر ہو جس کے حل سے عاجز ہو، اس اسم کو ہر روز ننانوے مرتبہ اسماء اللہ کے عدد کے مطابق پڑھے تو مُوَفق ہو گا۔

۲۴۔ اگر کوئی شخص ہر رات سوتے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو دانشمندی اور نیکی میں شہرت پائے گا۔

۲۵ جو شخص اس اسم کو زیادہ پڑھے جس کام اور مقام میں ہے ترقی کرے گا۔

۲۶ اگر کوئی اپنے کام کے بارے پریشان ہو اور کام سے نکال دیا گیا ہو تو ہر روز بعد از نماز صبح تین سو ایک مرتبہ پڑھے تو عزت و حرمت پیدا کرے گا۔ اور اس کے امور میں کامیابی ظاہر ہو گی۔

۲۷۔ اس اسم کے ہمیشہ پڑھنے والے کو بھی عزت و شوکت نصیب ہو گی۔

۲۸۔ برائے دولت و ثروت اس کو اپنا وِرد بنائیے۔

۲۹۔ اگر کوئی مرد بستہ ہو اور کسی علاج سے بھی نہ کھل سکے تو اس اسم کو چینی کے پیالے میں مشک و زعفران کے ساتھ لکھے اور اس کو دھو کر پلائے تو صحت پائے گا۔

۳۰۔ برائے دوستی، غلبہ بر دشمن، عَقدُ اللّسان اور عقدُ النّوم۔ ایک نشست میں توجہ کامل کے ساتھ تین سو ہزار (تین لاکھ) مرتبہ پڑھے، بلکہ ہر کارِ بزرگ کے لئے پڑھے تو بے شمار عجائب دیکھے گا۔ ایضاً:۔ اس اسم کو جس کے پاس پڑھے، اگرچہ وہ انسان بھی نہ ہو تو اس سے یقیناً اس تک رسائی حاصل کرے گا۔ اگر ایک ماہ تک روزانہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ دولت و ثروت کے لئے مؤثر ہو گا۔

۴۱۔ اگر کوئی چاہے کہ وہ خوش بخت و کامیاب ہو تو ایک عدد گوسفند کا دل لے اور اس دل پر اس اسم کو سات سو مرتبہ پڑھے اور اس اسم کو لکھ کر اس دل میں رکھ دے اور کسی مسجد کے دروازے کے نیچے چھپا دے۔

۳۲۔ برائے نزول باران (بارش) اس اسم کو ہمیشہ پڑھے تو بارش بھی ہو گی اور اس کی حوائج بھی پوری ہوں گی۔

۳۳۔ بیمار کے سرہانے چالیس مرتبہ پڑھ کر مریض کے چہرے پر دم کریں تو شفا پائیگا۔

۳۴۔ اس اسم کا ہمیشہ پڑھنا مشکل اور لاینحل کاموں کو آسانی میں بدل دیتا ہے۔

۳۵۔ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنا بارگاہ خداوند متعال میں تقرب کا باعث ہے۔

۳۶۔ گناہوں کی آمرزش کے لئے زیادہ پڑھے۔

۳۷۔ 〃 〃 〃 〃 〃

۳۸۔ 〃 〃 〃 〃 〃

۳۹۔ اس اسم کے پڑھنے میں عجائب مشاہدہ کرے گا لیکن افشاء نہ کرے۔

۴۰۔ اگر کوئی اس اسم کو پڑھے تو رنج واندوہ اور افسردگی زائل ہوں گے، اور چاہیئے کہ وہ پاک رہے اور غیر شرعی کام اس سے سرزد نہ ہوں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

اسماءِ مبارکہ ادریسیہ

① سُبْحَانَكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَوَارِثَهُ ۔

② يَا لَا إِلٰهَ الْآلِهَةِ الرَّفِيعُ جَلَالُهُ ۔

③ يَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِيْ كُلِّ فِعَالِهٖ ۔

④ يَا رَحْمٰنُ كُلِّ شَيْءٍ وَرَاحِمَهُ ۔

⑤ يَا حَيًّا حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمِيَّةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ ۔

(۶) يَا قَيُّوْمُ فَلَا يَفُوْتُ شَيْئًا عِلْمُهُ وَلَا يَؤُدُهُ (حِفْظُه)

(۷) يَا وَاحِدُ الْبَاقِي أَوَّلَ كُلِّ شَيْءٍ وَآخِرَهُ -

(۸) يَا دَائِمُ بِغَيْرِ فَنَاءٍ وَلَا زَوَالَ لِمُلْكِهٖ -

(۹) يَا صَمَدُ مِنْ غَيْرِ شِبْهٍ وَلَا شَيْءَ كَمِثْلِهٖ -

(۱۰) يَا بَارُّ فَلَا شَيْءَ كُفْوُهُ وَلَا مُدَانِيهِ وَلَا إِمْكَانَ لِوَصْفِهٖ -

(۱۱) يَا كَبِيرُ أَنْتَ الَّذِي لَا تَهْتَدِي الْقُلُوْبُ بِعَظَمَتِهٖ لِوَصْفِ الْعَظَمَةِ -

(۱۲) يَا بَارِئَ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَيْرِهٖ -

(۱۳) يَا زَاكِي الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ آفَةٍ بِقُدْسِهٖ -

(۱۴) يَا كَافِي الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَايَا فَضْلِهٖ -

(۱۵) يَا نَقِيًّا مِنْ كُلِّ جَوْرٍ وَلَمْ يَرْضَهُ وَلَمْ يُخَالِطْهُ فِعَالُهُ -

(۱۶) يَا حَنَّانُ أَنْتَ الَّذِي وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَحْمَةً وَعِلْمًا -

(۱۷) يَا مَنَّانُ ذَا الْإِحْسَانِ قَدْ عَمَّ كُلَّ الْخَلَائِقِ مَنُّهُ -

(۱۸) يَا دَيَّانَ الْعِبَادِ كُلٌّ يَقُوْمُ خَاضِعًا لِرَهْبَتِهٖ وَرَغْبَتِهٖ -

(۱۹) يَا خَالِقُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرَضِيْنَ وَكُلٌّ إِلَيْهِ مَعَادُهُ -

(۲۰) يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ وَغِيَاثُهُ وَمَعَاذُهُ -

(۲۱) يَا تَامُّ فَلَا تَصِفُ الْأَلْسُنُ لِكُلِّ كُنْهِ جَلَالِهٖ وَمُلْكِهٖ وَعِزِّهٖ -

(۲۲) يَا مُبْدِعَ الْبَدَائِعِ لَمْ يَبْغِ فِي إِنْشَائِهَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِهٖ -

(۲۳) يَا عَلَّامَ الْغُيُوْبِ فَلَا يَفُوْتُ شَيْءٌ مِنْ خَلْقِهٖ -

(۲۴) يَا حَلِيْمُ ذَا الْأَنَاةِ فَلَا يُعَادِلُهُ شَيْءٌ مِنْ خَلْقِهٖ -

(۲۵) يَا مُعِيْدُ مَا أَفْنَاهُ إِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَخَافَتِهٖ -

(۲۶) يَا حَمِيْدَ الْفِعَالِ ذُو الْمَنِّ عَلَى جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ -

(۲۷) يَا عَزِيْزُ الْمَنِيْعُ الْغَالِبُ عَلٰى أَمْرِهٖ فَلَا شَيْءَ يُعَادِلُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ -

(۲۸) يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ أَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ انْتِقَامُهٗ -

(۲۹) يَا قَرِيْبُ الْمُتَعَالِيْ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ -

(۳۰) يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ -

(۳۱) يَا نُوْرَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدَاهُ أَنْتَ الَّذِيْ فَلَقَ الظُّلُمَاتِ
بِنُوْرِهٖ -

(۳۲) يَا عَالِيَ الشَّامِخُ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ ارْتِفَاعِهٖ -

(۳۳) يَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَيْءَ يُعَادِلُهٗ مِنْ
خَلْقِهٖ -

(۳۴) يَا مُبْدِئَ الْبَرَايَا وَمُعِيْدَهَا بَعْدَ فَنَائِهَا بِقُدْرَتِهٖ -

(۳۵) يَا جَلِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَالْعَدْلُ أَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ
وَعْدُهٗ -

(۳۶) يَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْأَوْهَامُ كُلَّ كُنْهِ ثَنَائِهٖ وَمَجْدِهٖ
وَحَمْدِهٖ -

(۳۷) يَا كَرِيْمَ الْعَفْوِ وَالْعَدْلِ أَنْتَ الَّذِيْ مَلَأَ كُلَّ
شَيْءٍ عَدْلُهٗ -

(۳۸) يَا عَظِيْمُ ذَا الثَّنَاءِ الْفَاخِرِ ذَا الْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْكِبْرِيَاءِ فَلَا
يُذَلُّ عِزُّهٗ -

(۳۹) يَا عَجِيْبُ فَلَا تَنْطِقُ الْأَلْسُنُ بِكُلِّ كُنْهِ آلَائِهٖ وَثَنَائِهٖ -

(۴۰) يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَمَعَاذِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ
وَمُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اِیْمَانًا وَ اَمْنًا مِّنْ عُقُوْبَاتِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ وَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَصْرِفَ مِنِّیْ اَبْصَارَ الظَّلَمَةِ الْمُرِیْدِیْنَ بِیَ السُّوْٓءِ وَ اَنْ تَصْرِفَ قُلُوْبَهُمْ عَنْ شَرِّهَا اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ هٰذَا الدُّعَآءَ مِنِّیْ وَ مِنْكَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ۔

از صدفِ مشحون

عدد سورہ ہائے قرآن ۱۱۴۔ کلمات ۷۷۹۳۴ ۔ حروف ۳۲۳۳۷۱ ۔ اور قرآن مجید کی آیات کی تعداد بقولے ۶۲۴۰ ۔ بقولے ۶۲۲۵ ۔ بقولے ۶۶۱۶ ۔ اور ایک قول کے مطابق ۶۶۶۶ ہیں ۔

ہمزہ ہائے قرآن مجید (جبغرعد) عددِ حروف (شکجعشعا) کلمات (اغرتحخطلد) وتشدید (یطعزغ) جان لو کہ قرآن مجید کے تمام حروف کے اعداد ۲۷ ملین ۷۵۸ ہزار ۷۳۲ عدد ہیں ۔ مربع عدد سورۂ فتح ۱۸۹۵۷ ۔ مربع عدد سورۂ والضحیٰ ۳۳۲۳ ۔ پہلا مربع برائے محبت اور دوسرا برائے زبان بندی بہت ہی مفید ہے ۔ ان کو ۴ + ۴ مربع

★ نادر استخارہ ۔ اگر کسی کی کوئی حاجت ہو اور اسکی اچھائی و برائی کا علم نہ ہو اور اس کی خوبی سے آگاہ ہونا چاہے تو وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد رو بقبلہ بنیت استخارہ سو مرتبہ پڑھے "اِنَّمَا اَنَا بشر مثلکم یوحیٰ الیّ انما الٰھکم الٰہ واحد فمن کان یرجو لقاء ربہ فلیعمل صالحًا ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدًا" رات کو خواب میں اس مطلب سے آگاہ ہوگا۔

قصدِ نیت کے بعد اپنے دائیں ہاتھ کو رخسار کے نیچے رکھ کر رو بقبلہ سو جائے اور چار مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے بعد آیۂ مذکورہ کو اتنا پڑھے کہ نیند آجائے تو بتائید خدا اس کام کے خوب و بد کو خواب میں دیکھ لے گا ۔ (مجرب ہے)

میں ثبت کریں۔

فائدہ :۔ کتاب نفائس الفنون میں لکھا ہے کہ قرآن مجید میں ۴۸۶۰۰ حرف "الف" اور ۳۰۵۲۲ حرف "لام" مذکور ہیں اور حروفِ جمل میں سے کوئی حرف بھی اس قدر ذکر نہیں ہوا۔

السور القرانیہ

از کشکول شیخ بہائی جو قرآن مجید میں ہے،

کلمات ۶۷۴۷۰ ۔ حروف ۳۲۳۷۲ ۔ الف ۴۷۹۲ ۔ ب ۱۱۴۰ ۔
ت ۱۱۹۹ ۔ ث ۱۲۱۱ ۔ ج ۳۲۹۳ ۔ ح ۹۹۷۰ ۔ د ۴۰۶۹۸ ۔ ذ ۴۸۴۰ ۔
ر ۱۰۹۰۳ ۔ ز ۹۹۸۲ ۔ س ۴۰۹۱ ۔ ش ۲۰۱۲۳ ۔ ص ۱۴۷۴ ۔ ض ۱۲۰۰ ۔
ط ۱۸۴۰ ۔ ظ ۹۲۱۰ ۔ ع ۷۴۹۹ ۔ غ ۱۰۲۰ ۔ ف ۶۶۰۰ ۔ ق ۶۲۴۰ ۔
ک ۲۴۰۰۰ ۔ ل ۱۴۰۹۱ ۔ م ۲۰۵۶ ۔ ن ۲۵۳۶ ۔ و ۱۲۷۰۰ ۔
ہ ۷۰۵ ۔ ی ۲۵۰۲ ۔

فائدہ کریمہ :۔ اجزاء قرآن مجید، ۳۰ جزو ہیں ۔ حزب ۱۲۰ ۔ اعشار ۵۳۰ ۔ اخماس ۱۰۴۵
کل آیات ۶۶۶۶ ۔ آیات درامر ۱۰۰۰ ۔ درنہی ۱۰۰۰ ۔
دروعدہ ۱۰۰۰ ۔ دروعید ۱۰۰۰ ۔ درقصص ۱۰۰۰
درعبرت ۱۰۰۰ ۔ درحلال وحرام ۵۰۰ ۔

اثر آیۃ الکرسی :۔ شرح من لا یحضرہ الفقیہ میں ہے سفر وحضر میں بارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنا اس طرح ہے کہ اس کیلئے بارہ تیار لشکر ہر حادثہ سے حفاظت کے لئے خداوند عالم کی طرف سے مامور کئے گئے ہیں۔ (مجرب ہے)

درآثار بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

وفضیلت و آثار فاتحۃ الکتاب (حمد)

امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے ہر وہ چیز جو قرآن مجید میں ہے۔ وہ سورۂ الحمد میں ہے اور جو الحمد میں ہے وہ بسم اللہ میں ہے اور جو بسم اللہ میں ہے وہ باء بسم اللہ میں ہے اور جو باءِ بسم اللہ میں ہے وہ باء کے نقطہ میں ہے وانا النّقطۃ تحت الباء اور جو باء کے نیچے نقطہ ہے وہ میں ہوں)۔

تمام اسماء کی نسبت سورۂ حمد شافی ہے اس لئے کہ ہر بیمار کے سرہانے حمد کی تلاوت سبب شفا ہے اور فرمایا کہ ھذا شفاءٌ من کلّ داءٍ الّا السّام۔ یعنی یہ ہر مرض کی شفا کا سبب ہے سوائے موت کے۔

کتاب درالنّظیم میں ہے کہ جو شخص بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم کو ہمیشہ پڑھے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عظیم ہیبت پیدا ہو گی اور تمام لوگوں کا ہمیشہ موردِ احترام قرار پائے گا۔

نیز کتاب مجرّباتِ سلیمانی میں مسطور ہے کہ برائے دفعِ ظالم و دفعِ شرِ ظالم بعد از نمازِ ظہر ۸۶، مرتبہ بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم پڑھے اور اس کے بعد ستّر مرتبہ کہے۔ بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم اَلّذی عَنَتِ الوُجُوہُ وَ خَشَعَت لَہُ الاَصوَاتُ وَ وَجِلَت مِنہُ القُلُوبُ اَسئَلُکَ اَن تُصَلِّیَ وَ تُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ اٰلِہٖ وَ اَن تَقضِیَ حَاجَتِی فِی ھَلَاکِ …… (اس ظالم کا نام لے) یَا قَاھِرُ یَا مُقتَدِرُ یَا مُنتَقِمُ یَا اللہُ یَا اللہُ۔ اور اس ذکر کو گیارہ روز تک مسلسل پڑھے۔

نیز برائے ہر مشکل امر، بروز بدھ، جمعرات اور جمعہ روزہ رکھے، صبح جمعہ غسل کر کے مسجد جائے مسجد آتے یا جاتے وقت جتنی طاقت ہو صدقہ دے اور مسجد کے ایک کونے میں بیٹھ جائے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا شروع کرے اور ہر ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد وہ دعا پڑھے جو ذیل میں لکھی جا رہی ہے پھر اسی طرح بسم اللہ کے پڑھنے میں مشغول ہو جائے تاکہ بارہ ہزار مرتبہ پورے ہو جائیں اور آخری نماز کے بعد اس دعا کو سات مرتبہ پڑھے تو وہ حاجت اسی روز انجام پذیر ہو گی اور یہ ختم جملہ رازوں میں سے ایک راز ہے اور اس کا امور شرعیہ میں کئی مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے۔ وہ دُعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ

★ کنز المدفون سیوطی میں حضرت علی سے منقول ہے کہ دس چیزیں دس چیزوں کو روکتی ہیں۔

۱۔ سورۂ فاتحہ کی تلاوت غضب پروردگار کو روکتی ہے۔

۲۔ سورۂ یٰسین کی تلاوت روز محشر کی پیاس کو روکتی ہے

۳۔ سورۂ دخان کی تلاوت روز قیامت کے خوف و ترس کو روکتی ہے۔

۴۔ سورۂ واقعہ کی قرأت فقر و پریشانی کو روکتی ہے۔

۵۔ سورۂ ملک کی قرأت عذاب کو روکتی ہے۔

۶۔ سورۂ کوثر کی تلاوت خصومت و تسلط اعداء کو روکتی ہے

۷۔ الکافرون کی تلاوت کفر اور بوقت موت کفر کو روکتی ہے۔

۸۔ سورۂ اخلاص کی قرأت نفاق کو روکتی ہے۔

۹۔ سورۂ فلق کی قرأت حاسدوں کے حسد کو روکتی ہے۔

۱۰۔ سورۂ والنّاس کی تلاوت قرضوں اور وسوسۂ شیطان کو روکتی ہے۔

احضار:۔ اگر کوئی اپنے ماں باپ کی اجازت اور رضامندی کے بغیر مسافرت کر جائے اور اس کو واپس لانا چاہیں تو تین عدد الائچی پر پڑھ کر آگ میں ڈالیں تو وہ واپس آ جائے گا اگرچہ وہ زنجیر کے ساتھ ہی کیوں نہ باندھا گیا ہو اس عمل کو خلاف شرع ہرگز نہ کریں ورنہ جان کا خطرہ ہے۔

لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِيْ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِيْ مَلَاَتْ عَظَمَتُهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الَّذِيْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَضَعَتْ لَهُ الرِّقَابُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَبْصَارُ وَ وَجِلَتْ مِنْهُ الْقُلُوْبُ وَ ذَرَفَتْ لَهُ الْعُيُوْنُ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تُعْطِيَنِيْ حَاجَتِيْ۔

پھر اپنی حاجت طلب کرے اسی ہفتہ روا ہوگی۔

نسخہ دیگر۔ ان تمام نمازوں میں بعد از حمد آیہ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تا آخر پڑھی جائے تو بہتر ہے۔

نیز چالیس روز۔ روزانہ ایک سو مرتبہ بایں ترتیب پڑھے، بعد از نماز صبح ۲۴ مرتبہ بعد از نماز ظہر ۲۳ مرتبہ، بعد از نماز عصر ۲۲ مرتبہ، بعد از نماز مغرب ۲۱ مرتبہ اور بعد از نماز عشاء ۱۰ مرتبہ۔ چاہیے کہ کسی سے بات کئے بغیر مقررہ وقت میں پڑھے۔ شروع کرنے سے پہلے ایک سو مرتبہ صلوٰت اور اسی طرح بعد از اتمام بھی ایک سو مرتبہ صلوٰت پڑھے اور اپنی حاجت طلب کرے۔

بسند معتبر حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے۔ اگر سورۂ فاتحہ ستر مرتبہ کسی میت پر پڑھی جائے تو عجیب نہیں ہوگا کہ خداوند متعال اس مردے میں دوبارہ روح ڈال دے۔

آنحضرتؑ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اگر سورۂ الحمد کو ستر مرتبہ ہر قسم کے درد والے پر پڑھے تو اس مرض سے شفایاب ہوگا۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جس شخص کو سورۂ الحمد عافیت و صحت نہ دے اس کو کوئی چیز عافیت و صحت نہیں دے گی۔

مشارق الانوار میں شیخ رجب برسی نے ذکر کیا ہے کہ سورۂ فاتحہ کے خواص سے ایک خاصیت یہ ہے کہ سات دن روزہ رکھے اور اس مدت میں ترک حیوانات کرے اور ہر روز ایک ہزار پانچ سو مرتبہ سورۂ الحمد پڑھے اور اتنی ہی مرتبہ صلوات بھی پڑھے، ہر حاجت اور مطلب کے لئے مؤثر ترین ہے۔

طریق دیگر:- بروز جمعہ شروع کر کے مسلسل اکتالیس روز تک روزانہ اکتالیس مرتبہ سورۂ الحمد پڑھے اگر کسی دن ناغہ ہو جائے تو عمل کو از سر نو شروع کرے اور ہر روز اس تعداد کے مطابق پڑھنے کے بعد تیرہ مرتبہ یہ دعا بھی پڑھے۔

"یَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ یَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ یَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ یَا مُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ یَا مُتَمِّمُ تَمِّمْ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ" اتنا سریع الاثر ہے کہ موجب حیرت ہوگا۔

★ ختم قرآن مجید ایک ہفتہ، جمعہ سے جمعرات تک برائے ہر مطلب شرعی خواہ دنیوی ہو یا اخروی اس ترتیب سے کرے۔

جمعہ:- اول قرآن تا آخر سورۂ مائدہ
ہفتہ:- سورۂ انعام تا آخر سورہ براۃ
اتوار:- سورۂ یونس تا آخر سورۂ مریم
سوموار:- سورۂ طٰہٰ تا آخر سورۂ قصص
منگل:- سورۂ عنکبوت تا آخر سورۂ ص
بدھ:- سورۂ زمر تا آخر سورۂ الرحمٰن
جمعرات:- سورۂ واقعہ تا آخر قرآن

★ ختم قرآن کے بعد تین سجدے کرے پہلے سجدہ میں ایک مرتبہ "سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح"۔ دوسرے سجدہ میں دو مرتبہ اور تیسرے میں تین مرتبہ یہ ذکر پڑھے اور اپنی حاجات طلب کرے انشاء اللہ پوری ہوں گی (مجرب ہے)

کتابِ مجرباتِ میں ہے کہ جو شخص نمازِ صبح کے فرض و نفل کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۂ حمد پڑھے اور چالیس روز تک مسلسل پڑھے تو اس کی حاجت روا ہوگی۔

مولانا مقدس اردبیلی سے منقول کیا گیا ہے کہ سورۂ الحمد کو درج ذیل دو آیات کے ساتھ دس روز تک، روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے (کل تعداد ۱۱۰ مرتبہ بنتی ہے) تو اس کی دعا مستجاب ہوگی، اور مجرب ہے۔

آیت نمبر ۱ :- از سورۂ آلِ عمران ۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ نُعَاسًا يَغْشٰى طَائِفَةً مِّنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔

آیت نمبر ۲ :- از سورۂ فتح ۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۔

اس کے بعد کہے :- سَهِّلْ وَيَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَيْنَا يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔

کتاب چہار مقالہ میں عروضی سمرقندی لکھتے ہیں کہ ۵۱۲ھ میں بازار عطاران نیشاپور میں محمد منجم کی دکان پر طبیب خواجہ ابوبکر دقاق سے میں نے سُنا۔ اس نے کہا۔ کہ ۵۰۲ھ میں نیشاپور کے مشاہیر میں سے ایک شخص کو قولنج ہو گیا اور مجھے بلایا گیا۔ میں نے دیکھا اور اس کا علاج شروع کیا اس بارے میں جو کچھ میری سمجھ میں آیا میں وہ بجالایا لیکن اس کو شفا نہ ہوئی، دن کو اس کے پاس آیا تھا اور شام کی نماز کے وقت ناامیدی کی حالت میں واپس لوٹا اس لئے کہ میرا خیال تھا کہ نصف شب کو یہ مریض فوت ہو جائے گا اس رنج میں مجھے نیند نہیں آئی، صبح سویرے میں بیدار ہوا مجھے یقین تھا کہ وہ مر گیا ہوگا۔ میں نے اپنے مکان کی چھت پر جاکر اس کے گھر کی طرف کان لگا کر کچھ سُننے کی کوشش کی تو مجھے کسی قسم کی کوئی آواز سنائی نہ دی جو اس کے مرنے کی دلیل ہوتی، میں نے سورۂ فاتحہ پڑھی، اور اس طرف پھونک ماری اور میں نے کہا الٰہی و سیّدی و مولائی! تو نے اپنی محکم و مقدّس کتاب میں خود فرمایا ہے۔ وننزل من القرآن ما ھو شفاء۔ اور میں حسرت اور افسوس کرتا تھا کہ وہ جوان تھا، دولتمند اور ناز و نعم میں زندگی گذار رہا تھا، مر گیا۔ پھر میں وضو کر کے مصلّے پہ گیا اور نماز سنّت ادا کی۔ ایک شخص نے میرے گھر کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے دیکھا کہ اس کا آدمی تھا اس نے خوشخبری سنائی کہ وہ ابھی تندرست ہو گیا ہے میں سمجھ گیا کہ یہ سورۂ فاتحہ کی برکت سے ہوا ہے اور یہ دواخانۂ ربّانی کا شربت ہے جس سے وہ تندرست ہو گیا ہے میں نے اس کا تجربہ کیا ہے اور بہت سے مقامات پہ یہ شربت دیا ہے۔ تمام لوگوں کو موافق آیا اور وہ سب شفایاب ہو گئے۔

درّ النظیم میں امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جس نے پانی کے پیالے پر

چالیس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھی اور اس کو بخار والے مریض کے چہرے پر چھڑکا اللہ اس کو بخار سے نجات دے گا۔

اور امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جس شخص کی نظر کمزور ہو گئی ہو اور وہ شفایاب ہونا چاہے تو پہلی رات کا چاند دیکھے اگر آسمان ابر آلود ہو اور چاند نظر نہ آئے تو پھر تیسری رات کا انتظار کرے۔ جب تیسری رات کا چاند دیکھے تو اپنا دایاں ہاتھ آنکھ پر پھیرے اور دس مرتبہ سورۂ الحمد پڑھے اس سے پہلے سبحان اللہ اور آخر میں آمین کہے۔ پھر تین مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے اور سات مرتبہ کہے شِفَاءٌ مِّنْ كُلِّ دَاءٍ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اور پانچ مرتبہ "یارب" کہے تو باذن اللہ اس کی نظر تیز ہو جائے گی۔

ایضاً برائے حصولِ محبت: سورۂ الحمد کو اس ترتیب سے لکھ کر موم عروس کے درمیان رکھ کر اپنے پاس رکھے۔

بسم الله الرّحمٰن الرّحيم الحمد لله ربّ العالمين
الم الم المص الر الرا المر الر
الرّحمٰن الرّحيم مالك يوم الدّين ايّاك نعبد.
الر كهيعص طه طسم طس طسم الم
وايّاك نستعين اهدنا الصّراط المستقيم صراط الّذين
الم الم الم يٰس ص حم حم
انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضّالّين
حمعسق حم حم ق ق ن

ختم سورۂ الحمد

شروع کرنے سے پہلے تین مرتبہ صلوات پڑھے اور بہ قصدِ طلبِ حاجات دو رکعت نماز پڑھے اور نماز کے بعد بھی تین مرتبہ صلوٰت پڑھے اور اتوار کے دن سے اس ترتیب سے شروع کرے۔ بروز اتوار ستر مرتبہ، سوموار ساٹھ مرتبہ، منگل پچاس مرتبہ، بدھ چالیس مرتبہ، جمعرات تیس مرتبہ، جمعہ بیس مرتبہ اور بروز ہفتہ دس مرتبہ۔ انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

برائے ترقیٔ کار و تجارت

اس آیت کو لکھ کر مال کے درمیان رکھ دے تو مال فروخت ہوگا۔ یا بنی اسرائیل اذکروا نعمتی سے علی العالمین تک (سورۂ بقرہ آیت ۴۰ و ۴۸)

ختم مؤثر

رات کے ثلثِ آخر میں ۶۳۳ مرتبہ پڑھیں وَرَفَعنَاہُ مَکَانًا عَلِیًّا۔ اس ذکر کے بعد سو مرتبہ صلوٰت پڑھیں۔

برائے فروش مال و متاع

آیاتِ ذیل کو کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر محلِ کسب (دکان) کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ اول سورۂ رعد سے لقوم یتفکرون تک۔

برائے فروش خانہ و ملک

یہ لکھ کر اس مقام کی دیوار پر چسپاں کر دیں تو بہت جلدی فروخت ہوگا۔" رتیشا

اِتنا من لدنك رحمة وهیئ لنا من امرنا رشدا "

ختمِ نادِ علیؑ صغیر

جس وقت اپنے امور میں عاجز و سرگردان و پریشان ہوں تو شبِ جمعہ وضو کریں، اور دس مرتبہ سورۂ توحید اور پندرہ مرتبہ صلوات پڑھیں اور پھر بارہ مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اور سات مرتبہ خلوصِ نیت کے ساتھ پڑھے۔ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ" یقیناً نتیجہ حسنہ حاصل ہوگا۔

تعویذ برائے تپ و تپ لرزہ

تھوڑی سی صاف روئی لے کر مریض کے اعضاء پر ملے۔ اس کے بعد اسی روئی کی ایک ذرع (گز) لمبی رسّی بنائے، پھر اس رسی کو دوہرا کر کے سورۂ الحمد پڑھ کر ایک گرہ لگائے اسی طرح سات مرتبہ الحمد پڑھ کر سات گرہیں لگائے اور مریض کے بازو پر باندھ دے تو انشاء اللہ شفا پائے گا۔

صلح با اہلِ خانہ

اگر کسی کے گھر میں ناراضگی، ناسازگاری اور مخالفت ہو تو نمازِ صبح کے وقت یہ آیت لکھ کر مکان میں کسی جگہ چھپا دے تو صلح و آشتی ہوگی۔ بسم الله الرحمٰن الرحيم وان امرأت خافت من بعلها نشوزا او اعراضا فلا جناح عليهما ان يصلحا بينهما صلحا والصلح خير اللهم اصلح

بین (جو ناراض ہو اس کا نام لکھیں) بحب (طالبان صلح کا نام لکھیں) یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق ھذہ الحروف برحمتك یا ارحم الرّاحمین۔

اگر شوہر و بیوی ہوں تو اس تعویذ کو لکھ کر عورت اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

"صفا اصلھاہ برھلا اجلھلہ شراھیا اسرائیل سیّدی آنك سیّدی (اس کا نام لکھیں) بحق تمخیثا القیاوط اطاما یادھا یا منیبا یجیبا (مجیبا) جماہ"

برائے ضعف وتپش قلب

اس آیت کو مشک و زعفران اور گلاب کے ساتھ چینی کے برتن میں حروفِ مقطعات کے ساتھ لکھے اور ان کو اپنی زبان کے ساتھ صاف کرے یہ عمل سات روز مسلسل کرے۔

"وت م ت ک ل م ۃ رب ک ص د ق ا، ع د ل ال ام ب د ل ل ک ل م ات ہ وھ وال س م ی ع ل ع ل ی مؔ (آیت ۱۱۵ سورہ انعام)

اور یہ شعر ہمیشہ پڑھے۔

اسداللہ گر آید بہو اداری دلے
زہرہ شیر شود آب زیاداری دل

بے خوابیٔ طفل

جو بچہ نہ سوتا ہو یہ لکھ کر اس کے تکیہ کے نیچے درمیان میں رکھ دیں۔

"ویسئلونك عن الجبال فقل ینسفھا ربی نسفاً فیذرھا قاعاً صفصفاً لا تری فیھا عوجا۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم"

برائے مراجعتِ مسافر و مفرور

اس آیت کو گوسفند کی کھال (جس کو پانی نہ لگا ہو) کے تین ٹکڑوں یا کدو کے تین چھلکوں پر لکھے اور باہر کی طرف اس مسافر یا بھاگے ہوئے شخص کا نام لکھے، اس کے بعد وہ گھر سے اس طرح باہر نکلے کہ اسے کوئی نہ دیکھے اور جس جگہ لوگوں کا گزر نہ ہو وہاں اسے دفن کردے تو وہ شخص صحیح و سلامت اور جلدی واپس آجائیگا۔

"قل اندعوا من دون اللہ مالا ینفعنا ولا یضرنا و نرد علی اعقابنا بعد اذ ھدانا اللہ کالذی استھوتہ الشیاطین فی الارض حیران لہ اصحاب یدعونہ الی الھدی ائتنا قل ان ھدی اللہ ھو الھدی وامرنا لنسلم لرب العالمین" (الانعام آیت ۷۱)

برائے ذلت اعداءِ دین

سورۂ الفیل کو اکتالیس مرتبہ پڑھے اور ہر دفعہ کچی اینٹ پر ایک خط کھینچ کر پانی میں ڈال دے۔

برائے اخراجِ ظالم

سورۂ عبس کی آیت یوم یفر المرء تا آخر سورۂ بروز جمعرات جب قمر در عقرب ہو تو ریچھ کی دباغت شدہ کھال پر اس کی شکل بنائے اور اس کو لوہے کے برتن میں رکھ کر اور اس کا منہ مضبوطی سے باندھ دے اور گھر یا دروازۂ شہر میں دفن کرے تو وہ ظالم فوری اس جگہ سے معزول ہوجائے گا اور اسے بھگا دیا جائے گا۔

برائے محبّت

سورۂ زلزلہ اوّل سے لے کر "اشتاتا" تک اکیس عدد سیاہ مرچ یا بنولے کے دانوں پر اکیس مرتبہ پڑھ کر آگ میں ڈالے۔

برائے زیادتی رزق

اس آیت کو درندہ جانور کی کھال پر لکھ کر دکان میں رکھے۔

یاایھاالانسان ماغرک بربک الکریم الذی خلقک فسوٰک۔

برائے محبّت و دوستی

قبل از طلوعِ آفتاب ستر مرتبہ کوزہ مصری پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائے تو خالص محبت کا اظہار کرے گا۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ۔ احرقت قلب فلاں بن فلاں (مطلوب کا نام لیں)

★ صاحب صدف المشحون ؒ نے شیخ [illegible] سے تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص ارادہ کرے کہ خواب میں وہ دیکھے جو چاہتا ہے تو [illegible] کہ وہ داہنے پہلو پر سو جائے اور والشمس واللیل الجحد الاخلاص اور معوذتین کی تلاوت کرے پھر کہے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ (نام لے) وَاجْعَلْ لِّیْ فِیْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا ایک رات ورنہ تین راتوں میں (سات راتوں کی بھی تاکید کی گئی ہے) انشاء اللہ وہ دیکھ لے گا جو چاہتا ہے۔

ایضاً برائے محبت

بروز اتوار سات عدد سنگریزے لے کر ہر سنگریزے پر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے اور ایک ایک کر کے آگ میں ڈالے۔

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ مَآ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا کَسَبَ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ (باسم فلان بن فلان) حَتّٰی لَا یَکُوْنَ صَبْرٌ وَّلَا قَرَارٌ وَّلَا اَکْلٌ وَّلَا شُرْبٌ وَّلَا نَیَامٌ لِمَحَبَّةِ (فلان بن فلان) وَامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ فِیْ جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۔

ایضاً

کوزہ مصری کے تین ٹکڑوں پر پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو کھلائے۔

زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ، سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ مجرب ہے۔

تاثیر کلام اللہ

سورۂ انعام کی آیت تمت کلمة ربك سے بما کانوا یمکرون تک حروفِ مقطعات کے ساتھ لکھ کر اس کو اس طرح لپیٹے کہ تحریر کیا ہوا حصہ باہر کی طرف رہے پھر اس کو موم میں لپیٹ کر اپنے منہ میں رکھے جس کے ساتھ بات کرے گا۔ وہ اس کا مطیع ہو جائے گا۔

اور اگر حروفِ مقطعات کے ساتھ لکھ کر موم میں رکھے اور عرقِ گلاب میں ڈال دے اور اس کو کوزہ مصری کے ساتھ مل کر دے اور جس شخص کو مرضِ دق ہو اس کو مسلسل سات روز نہار منہ کھلائے تو باذن اللہ مرضِ دق جاتا رہے گا۔

احتمالِ اسمِ اعظم

”وَ اِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَاۤ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَ عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ“ (سورۂ انعام) اس فن کے اکثر علماء نے کہا ہے کہ اس آیت میں اسمِ اعظم ہے۔

اس آیت میں کلمۂ ”اللہ“ دو مرتبہ متصل آیا ہے اور جو شخص ان دو کلمہ کے درمیان دُعا مانگے تو مستجاب ہوگی۔

زوجہ کو فرماں بردار کرنا

اوّل سورۂ انعام سے عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ تک روٹی پر لکھے اور گھی کے ساتھ مخلوط کر کے (چوری بنا کر) عورت کو کھلائے تو وہ مطیعہ اور فرمانبردار ہو جائے گی۔

عظیم القدر دُعا

بسند معتبر حضرت رسالت پناہؐ سے منقول ہے فرمایا کہ ابلیس نے کہا کہ میں سات اسم جانتا ہوں جن کو اگر پڑھوں تو دوبارہ اسی درجۂ رفیعہ تک پہنچ جاؤں گا لیکن خُدا وہ نام بُھلا دیتا ہے۔ اس کے بعد حضورؐ نے فرمایا کہ ہاں! جو شخص ان کلمات کو پڑھ کر خدا سے

جو چیز طلب کرے گا اس کو عطا فرمائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا إِلٰهَ الْبَشَرِ وَيَا عَظِيْمَ الْخَطَرِ وَيَا مَعْرُوْفَ الْأَثَرِ وَيَا سَرِيْعَ الظَّفَرِ وَيَا عَزِيْزَ الْمَنِّ وَيَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ وَيَا مَالِكَ يَوْمِ الدِّيْنِ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

برائے طلبِ باران

اس دعا کو لکھ کر درخت پر لٹکا دے تو بارانِ رحمت نازل ہوگی مجرب ہے۔

جاء الامطار من غمام الرحمٰن وسخاوة الكرام وانزلنا من السماء عليكم مدرارًا ويمددكم باموال وبنين ويجعل لكم انهارًا۔

برائے دوستی

اگر سُرخ گلاب پر پڑھ کر جس شخص کو دے اور وہ اس کو سونگھے تو وہ دوست بن جائے گا۔

يَا حَمِيْدُ يَا رَبَّ الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔

ایضاً

آیت زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ۔ آخر آیت تک۔

(آلِ عمران آیت ۱۴)

سُرخ سیب پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے جو بھی اسے سونگھے گا۔ اس سے محبت کرے گا۔

برائے بطلان سحر

ہر قسم کے سحر اور جادو کو باطل کرنے کے لئے تین یا سات روز حضرت امام حسین علیہ السلام کی تربت مبارکہ میں تھوڑی سی کوزہ مصری ملا کر اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھے اور اپنی زبان سے اسے نہار منہ چاٹ لے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یامن اذل السحرة باعجاز موسٰی لما القی عصاہ فاذا ھی ثعبان مبین اذل من قصدته سحر السحرة وکید الفجرة انك علی کل شیءٍ قدیر۔ مجرب ہے۔

موذی حشرات الارض کے کاٹنے سے

محفوظ رہنے کیلئے

پانی کے پیالے پر پڑھ کر اپنے بستر پر چھڑک دیں۔ وَمَا لَنَا اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰہِ وَقَدْ ھَدٰنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰی مَا اٰذَیْتُمُوْنَا وَعَلَى اللّٰہِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ۔ اس کے بعد کہے۔ فَاِنْ کُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰہِ فَنُفُوْا! شَرَّکُمْ وَاَذَاکُمْ عَنَّا۔

معرفتِ سارق

اس آیت کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر جس شخص پر گمان ہو اس کو کھلائے میں سے جس شخص کے گلے میں وہ لقمہ پھنس جائے اور وہ نگل نہ سکے وہی چور ہوگا

قالوا اتعجبین من امر اللہ رحمة اللہ وبرکاتہ علیکم اھل البیت انہٗ حمید مجید۔

نسخۂ دیگر:- یہ بھی اسی طرح کرے۔ فلولا اذا بلغت الحلقوم و انتم حنیئذ تنظرون۔

برائے زیادتیٔ حافظہ

آیۂ مبارکہ " اٰمَنَ الرّسول بما انزل الیہ من ربّہ والمومنون کُلٌّ اٰمن باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ لا نفرق بین احدٍ من رسلہ وقالوا سمعنا و اطعنا غفرانک ربنا و الیک المصیر "

لکھ کر دھوئے اور نہار منہ پیئے تو حافظہ زیادہ ہوگا۔

برائے دوستی

یہ آیت طالب و مطلوب کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے

انشاکم من نفس واحدۃ فمستقر ومستودع قد فصّلنا الآیات لقوم یفقھون "

برائے ترقیٔ کاروبار

اس دعا کو لکھ کر کام کرنے کی جگہ (دکان وغیرہ) میں چھپائے۔

" بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا اِلٰہ الّا اللہ واللہ اکبر والحمد للہ کثیرًا! اللّٰھم انّی اسئلک من فضلک و رحمتک لاحول ولا قوّۃ الّا باللہ العلی العظیم "۔

برائے رفع خوف و ہراس

ابن فہد حلی کتاب عدۃ الداعی میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص کسی بادشاہ یا کسی شخص سے ڈرے۔ جب اس کے سامنے جائے تو کھیعص پڑھے اور اس کے ہر حرف کے ساتھ دائیں ہاتھ کی ایک ایک انگلی بند کرے اور اسی طرح حمعسق پڑھتے ہوئے بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے، اس کے بعد کہے۔ "وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا" اور اس کے سامنے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کھول دے تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

برائے تقویت حافظہ

شیخ بہائی فرماتے ہیں کہ اس ذکر کو ہمیشہ پڑھیں۔ "اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی فَھْمَ النَّبِیِّیْنَ وَحِفْظَ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِلْھَامَ الْمَلٰئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ آمِیْنَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ"۔

مجرّب دُعا برائے معالجہ تپ

مفاتیح الجنان میں حضرت رسول اکرمؐ سے منقول ہے کہ ایک روز حضرت علیؑ نے حضورؐ کی خدمت میں بخار کی شکایت کی تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ یہ دُعا پڑھو۔

"یَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ کُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ
فَلَا تَاْکُلِی اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِی الدَّمَ وَلَا تَفُوْرِیْ

مِنَ الْغَمِّ وَانْتَقِلِي إِلَىٰ مَنْ يَزْعُمُ اَنَّ مَعَ
اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاِنِّي اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

(صاحبانِ علم و دانش کو کلمۂ "ام ملدم" میں کامل توجہ کرنی چاہیے)

پانچ سورتوں کی پانچ وقت تلاوت

جو شخص پانچ سورتیں پانچ وقت پڑھے گا جو چاہے گا بغیر تکلیف حاصل کرے گا۔ صبح سورہ یٰسین۔ ظہر سورۂ عمّ۔ عصر سورۂ فتح۔ مغرب سورۂ واقعہ اور عشاء کے وقت سورۂ الملک۔

برائے دفعِ دشمن

یہ آیت تیرہ دن ہر روز تین مرتبہ سحری کے وقت اس دشمن کے گھر کے دروازے پر پڑھ کر پھونکے تو اس کی گزند سے محفوظ رہے گا۔

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلَاغٌ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُوْنَ۔

برائے امراضِ چشم

شیخ کلینی اور شیخ طوسی حضرت امیرالمومنینؑ سے بسندِ صحیح روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ دردِ چشم کی وجہ سے مجھے بہت زیادہ تکلیف ہوتی ہے تو آپ نے فرمایا کہ یہ پڑھ، تجھے ہرگز دردِ چشم عارض نہیں ہوگا۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ

مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَالْبَصِيْرَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَالْيَقِيْنَ فِيْ قَلْبِيْ وَالْاِخْلَاصَ فِيْ عَمَلِيْ وَالسَّلَامَةَ فِيْ نَفْسِيْ وَالسَّعَةَ فِيْ رِزْقِيْ وَالشُّكْرَ لَكَ اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِيْ" اگر تعقیبات نماز میں پڑھا جائے تو بہتر ہے۔

تعقیبِ نماز

برائے دولتمندی وطلبِ مغفرت

شیخ طوسی فرماتے ہیں کہ بعد از نماز مغرب اس دُعا کو دس مرتبہ پڑھے تو دولتمند ہو جائے گا۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ اور اس کے بعد کہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ وَمِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالرِّضْوَانَ فِيْ دَارِالسَّلَامِ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ۔

نمازوں کے

قنوت میں پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْاَمْنَ وَالْاَمَانَ بِکَ وَالتَّصْدِیْقَ
بِنَبِیِّکَ وَالْعَافِیَۃَ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَایَا وَالشُّکْرَ
عَلَی الْعَافِیَۃِ وَالْغِنٰی عَنْ شِرَارِ النَّاسِ۔

فوائد تلاوت سورۂ یٰسین

بحار الانوار میں ہے حضور اکرمؐ نے فرمایا۔ یا علیؑ! سورۂ یٰسین پڑھو۔ تحقیق سورۂ یٰسین میں برکات ہیں۔ اگر اس کی تلاوت بھوکا کرے تو سیر ہو، پیاسا سیراب ہو، بے لباس بالباس ہو، غیر شادی شدہ شادی شدہ ہو، خائف امن میں ہو، مریض شفایاب ہو، قیدی رہا ہو، مسافر کی سفر میں اعانت کی جائے گی اور لوگ میت کے نزدیک اس لئے پڑھتے ہیں تاکہ خداوندعالم اس کے گناہوں میں تخفیف فرمادے اور آدمی اس لئے پڑھتا ہے کہ اس کی گمشدہ چیز اسے مل جائے۔

بہترین دعا برائے وسعتِ رزق

کافی میں معاویہ بن عمار نے حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حصولِ دولت اور وسعتِ رزق کے لئے مجرب دعا ہے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعِ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا لِلدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ صَبًّا صَبًّا هَنِيْئًا مَرِيْئًا مِنْ غَيْرِ كَدٍّ وَلَا مَنٍّ مِنْ اَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ اِلَّا سَعَةً مِنْ فَضْلِكَ الْوَاسِعَةِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَمِنْ فَضْلِكَ اَسْئَلُ وَمِنْ عَطِيَّتِكَ اَسْئَلُ وَمِنْ يَدِكَ الْمَلْاٰ اَسْئَلُ۔

برائے طلب صحت و شفائے امراض

حضرت ابوعبداللہ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر تمہیں کوئی بیماری یا درد ہو تو جب تو نماز پڑھ لے تو اپنے مقامِ سجدہ پر ہاتھ پھیر اور یہ دعا پڑھ پھر اپنے مقام درد یا بیماری پر سات مرتبہ اپنا ہاتھ پھیر اور کہہ۔ يَا مَنْ كَبَسَ الْاَرْضَ عَلَى الْمَآءِ وَسَدَّ الْهَوَآءَ بِالسَّمَآءِ وَاخْتَارَ

لِنَفْسِهٖ اَحْسَنَ الْاَسْمَآءِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ (یہاں جو چاہے طلب کر) وَارْزُقْنِیْ (یہاں جو خواہش ہو مانگ)

نماز برائے ہدیہ والدین و ہر میّت

مصباح میں ہے کہ دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد از الحمد دس مرتبہ کہے۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابِ۔ اور دوسری رکعت میں بعد از الحمد پڑھے:۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔ اور بعد از نماز دس مرتبہ کہے:۔ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا۔

ہر چاند کی پہلی کی نماز

ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو دو رکعت نماز پڑھے، پہلی رکعت میں بعد از الحمد تیس مرتبہ سورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۃ اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ اور نماز کے بعد یہ پڑھے:۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ رِزْقُهَا وَیَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ وَاِنْ یُّرِدْكَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ یُصِیْبُ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سَیَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ یُّسْرًا مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ لَآ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ۔

دعائے رویتِ ہلال

حضرت امیر المومنین علیہ السلام جب بھی پہلی رات کا چاند دیکھتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ ھٰذَا الشَّھْرِ وَ فَتْحَہٗ وَ نُوْرَہٗ وَ بَصَرَہٗ وَ بَرَکَتَہٗ وَ ظُھُوْرَہٗ وَ رِزْقَہٗ وَ اَسْئَلُكَ خَیْرَ مَا فِیْہِ وَ خَیْرَ مَا بَعْدَہٗ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِیْہِ وَ شَرِّ مَا بَعْدَہٗ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِیْمَانِ وَ السَّلَامَةِ وَ الْبَرَکَةِ وَ التَّقْوٰی وَ التَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی۔

سورۃ الطّارق والمطفّفین برائے بانجھپن و گریۂ اطفال

ان دونوں سورتوں کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر بانجھ عورت کھائے تو وہ حاملہ ہوجائے گی اور جو بچہ زیادہ روتا ہو تو سورۂ مطففین لکھ کر باندھیں تو رونا بند ہوجائے گا۔

خواص سورۂ توحید

ابن طاؤسؒ نے امان الاسفار فضل ابن ابی قرہ سے حکایت کی ہے کہ وہ ایک مرتبہ ایک سمندری جہاز میں سوار ہوا تو تمام جہاز والے طوفان کی وجہ سے خطرات میں گھر گئے اور اُن کے ساتھ ایک آدمی تھا جو "صلاح" کے نام سے معروف تھا انہوں نے اس سے مدد طلب کی تو اس نے ایک چھوٹے سے کاغذ کے پُرزے پر کوئی چیز لکھ کر سمندر میں پھینک دی۔ طوفان فوراً رُک گیا اور مصیبت زائل ہوگئی۔ ہم نے کوشش کی کہ ہمیں معلوم ہو جائے کہ اس نے اس کاغذ کے ٹکڑے پر کیا لکھا تھا لیکن اس نے نہیں بتایا پس ہم جہاز سے اُترے اور میں ایک شہر سے دوسرے شہر اس کے پیچھے چلتا رہا تاکہ جو اس نے لکھا تھا مجھے معلوم ہوجائے۔ جب میں نے بہت اصرار کیا

تو اس نے کہا کہ خدا کی قسم! میں نے سورۂ اخلاص کے علاوہ کچھ نہیں لکھا تھا وہی ہماری نجات کا سبب بنی اور اگر "بِسْمِ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ الْاَرْحَمِ الْاَكْرَمِ" لکھا جائے تو نجات، ظفر اور عزّ و جاہ کے لئے کافی ہے

برائے رفع دردِ چشم

تھوڑی سی پاک روئی لیں اور سات مرتبہ سورۂ الحمد پڑھیں۔ اور وہ روئی پیالے میں رکھ کر اس میں پانی ڈالیں اور پھر سات مرتبہ الحمد پڑھیں اور سات مرتبہ یہ عبارت بھی پڑھیں۔ پھر اسی روئی کو اپنی آنکھ پر باندھ دے تو شفا پائے گا۔ عَيْنُ الشَّمْسِ فِي لُجَّةِ الْبَحْرِ يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ ؛

بٹوے یا جیب کی رقم

جو شخص صبح کے وقت پچیس مرتبہ اس ذکر کو ہمیشہ پڑھے تو اس کی جیب رقم سے کبھی خالی نہیں ہوگی۔ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيلًا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ۝

مجرّب ختم

شیخ بہائی کشکول میں فرماتے ہیں کہ جس شخص کو کوئی دنیوی یا اخروی مہم اور امر سخت درپیش ہو تو دس روز تک روزانہ دس مرتبہ بعد از نماز صبح بغیر کسی سے کلام کیئے اس حرز کو پڑھے اور سجدہ میں جا کر اپنی حاجت طلب کرے

يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ وَالْأَبْصَارِ يَا دَلِيلَ الْمُتَحَيِّرِينَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ أَغِثْنِي تَوَكَّلْتُ يَا رَبِّ عَلَيْكَ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَيْكَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى رُوحِ مُحَمَّدٍ نَبِيِّنَ

الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ بَیْنَ الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ بَیْنَ الْقُبُوْرِ وَعَلٰی اِسْمِہٖ بَیْنَ الْاَسْمَاءِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۔

روایت معتبر میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے انہوں نے فرمایا کہ مجھے تعجب اور حیرت ہے چار شخصوں پر کہ وہ چار چیزوں سے کیوں غافل ہیں ؟

اوّل :۔ کہ جو شخص کسی غم میں مبتلا ہو وہ یہ کیوں نہیں کہتا ؛ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ۔

دوم :۔ جو شخص دشمن سے ڈرتا ہے یہ کیوں نہیں کہتا ”حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ“

سوم :۔ جو شخص کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہو کیوں نہیں کہتا ؟ ” وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ “

چہارم :۔ جو طالب جاہ و مقام ہے کیوں نہیں کہتا ؟ ” مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ “

ہر ایک کے پڑھنے کا طریقہ ایک سو مرتبہ ہے ۔ اس کے بعد آنحضرتؑ نے فرمایا کہ جو شخص نصف شب کے وقت بیدار ہو اور کہے : لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ “ تو وہ اپنے گناہوں سے اس طرح پاک ہوگا جس طرح ماں کے شکم سے تازہ پیدا ہوا ہے ۔

علاج دردِ دندان

یہ لکھ کر اس کان پہ لٹکائے جس طرف دانت میں درد ہو ۔ بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم صوت الرحمٰن تطفی حرّ النار اعوذ باللّٰہ و بعزّۃ اللّٰہ و

قدرته من شر ما اجد ان الله یمسك السمٰوٰت والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسکهما من احد من بعده انه کان حلیمًا غفورًا۔

مؤلف کہتا ہے کہ آیت بالا ان اللہ یمسك سے حلیمًا غفورًا تک برائے خوف اور زلزلہ بھی وارد ہے۔

برائے وسعتِ رزق و دفعِ غم

نصف شب کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ ”سُبحَانَ اللهِ المَلِكِ الحَیِّ الَّذِی لَا یَمُوتُ“

حرز امام سجاد علیہ السلام

یہ وہ دُعا ہے جو آنحضرت نے مسلم بن عقبہ کی حاضری کے وقت اس کے سامنے پڑھی جب یزید بن معاویہ کے حکم سے مدینہ کو تباہ و برباد اور مسلمانوں کو قتل کیا گیا اور موردِ عزت و اکرام قرار پایا اور صحیح و سلامت اپنے گھر واپس لوٹ گیا اس کے علاوہ تمام بنی ہاشم بھی اُس سفاک مرد کے شر سے محفوظ رہے۔ ”اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَالاَرَضِینَ السَّبعِ وَمَا اَقْلَلْنَ رَبَّ العَرشِ العَظِیمِ رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ الطَّاهِرِینَ اَعُوذُ بِكَ مِن شَرِّهِ وَاَدرَءُ بِكَ فِی نَحرِهِ اَسئَلُكَ اَن تُؤتِیَنِی خَیرَهُ وَتَکفِیَنِی شَرَّهُ“

برائے دردِ سر

ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں سر درد کی شکایت کی تو آنحضرتؐ

نے فرمایا کہ اپنے دونوں ہاتھ درد کی جگہ پر رکھ کر سورۂ الحمد اور آیۃ الکرسی پڑھ اور اس کے بعد کہہ۔

تین مرتبہ: اَللّٰہُ اَکْبَر اور "لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَجَلُّ وَ اَکْبَرُ مِمَّاۤ اَخَافُ وَ اَحْذَرُ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ عِرْقٍ نَعَّارٍ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ النَّارِ"۔

برائے حوائج شرعیہ

شیخ کراجکی فرماتے ہیں کہ جو شخص جس حاجتِ شرعی کے لئے اس دعا کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اُسی دن یا اُسی رات اپنا مقصود حاصل کرلے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

ایضاً

مرحوم میر داماد قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ بعد از نماز صبح ہر مشکل امر کے لئے ایک ہزار مرتبہ مندرجہ بالا دعا کو پڑھے اور اس کے بعد یہ پڑھے:۔ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

آدابِ تربت سیّد الشہداؑ

حضرت امام حسین علیہ السلام کے مزار مبارک کی تربت کے حصول اور اس سے شفا حاصل کرنے کے آداب کے بارے میں بحار الانوار میں جابر جعفی سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ میں دو مرضوں میں مبتلا ہوگیا۔ ایک درد کمر اور دوسرا درد شکم، میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں شرفیاب ہوا اور درد کی شکایت کی تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ کیا تو نے میرے جدّ بزرگوار حضرت امام حسین علیہ السلام کی تربت سے طلب شفا کی ہے تو میں نے عرض کیا ہاں! لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا، یہ سن کر آپ کی پیشانی مبارک پر آثارِ غضب ظاہر ہوئے۔ میں نے عرض کی میں آپ کے

غضب سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔ پس آنحضرتؑ گھر میں داخل ہوئے اور واپس تشریف لائے۔ تو آپ کی ہتھیلی میں گندم کے دانے کے برابر تربت تھی وہ مجھے دی اور فرمایا کھالے جس وقت وہ میں نے کھائی تو اپنے آپ میں آثارِ صحت پائے۔ میں نے عرض کی یا ابن رسول اللہ! یہ تو بہت زود اثر تھی۔ آپؑ نے فرمایا کہ تربت کو اٹھانے کے بھی کچھ آداب ہیں۔ ان کو ملحوظ رکھنا چاہیئے اگر تو مرقد و حائرِ مطہر حسینی سے تربت اٹھانا چاہے تو رات کی دوسری تہائی میں آب خالص سے غسل کر اور اپنے آپ کو معطر کر اور پاکیزہ لباس پہن پھر آنحضرت کے حرم مبارک میں مشرف ہو کر سر کی طرف کھڑا ہو جا اور چار رکعت نماز پڑھ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ مرتبہ قل یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ اور دوسری رکعت میں بعد از الحمد گیارہ مرتبہ سورۂ قدر پڑھ اور قنوت میں یہ دعا پڑھ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَقًّا حَقًّا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عُبُوْدِيَّةً وَّرِقًّا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَالِكُ السَّمٰوٰتِ وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

اس نماز کے بعد دیگر دو رکعت نماز پڑھ، رکعت اول میں بعد از الحمد گیارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور رکعت دوم میں بعد از الحمد گیارہ مرتبہ سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ پڑھ اور قنوت میں وہی پڑھ جو اوپر مذکور ہو چکا ہے بعد از اتمام نماز سجدۂ شکر بجا لا اور سجدہ میں ایک ہزار مرتبہ شُکْرًا شُکْرًا کہہ، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر وہ دعا پڑھ۔ جو مفاتیح الجنان باب آداب تربت امام حسینؑ میں ہے۔

برائے بخشش اموات

ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مر جائے اور یہ دعا لکھ کر اس کے کفن کے نیچے رکھ دیں تو خدا کی قسم اس میت کو قبر میں عذاب نہیں

دیا جائے گا۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم اللّٰھم انی اسئلک بقدرتک یا قدیر و بعزّتک یا عزیز و بحکمتک یا حکیم و برحمتک یا رحیم یا حنّان یا منّان ان تحفظنی بالایمان قائمًا وقاعدًا و راکعًا و ساجدًا و حیًّا و میتاً وعلیٰ کلّ حال برحمتک یا ارحم الرّحمین اللّٰھمّ صل علی محمدٍ و اٰل محمّد

بطلانِ سحر و جادو

مصباح میں ہے جس شخص کو سحر و جادو کیا گیا ہو اس دعا کو ہمیشہ پڑھے تو ہر قسم کے سحر و جادو کو باطل کردے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ رَبَّ مُوْسٰی وَخَاصَّهٗ بِكَلَامِهٖ وَهَازِمَ مَنْ كَادَهٗ بِسِحْرِهٖ بِعَصَاهُ وَمُعِيْدُهَا بَعْدَ الْعَوْدِ ثُعْبَانًا وَمُلْقِفُهَا اِفْكَ اَهْلِ الْاِفْكِ وَمُفْسِدُ عَمَلَ السَّاحِرِيْنَ وَمُبْطِلُ كَيْدَ اَهْلِ الْفَسَادِ مَنْ كَادَنِيْ بِسِحْرٍ وَبِضُرٍّ عَامِدًا اَوْ غَيْرَ عَامِدٍ اَعْلَمُهٗ اَوْلَا اَعْلَمُهٗ اَخَافُهٗ اَوْلَا اَخَافُهٗ فَاقْطَعْ مِنْ اَبْوَابِ السَّمٰوٰتِ عَمَلَهٗ حَتّٰى تَرْجِعَهٗ عَنِّيْ غَيْرَ نَافِذٍ وَلَا ضَارٍّ وَلَا شَامِتٍ بِيْ اِنِّيْ اَدْرَءُ بِعَظْمَتِكَ فِيْ نُحُوْرِ الْاَعْدَاءِ فَكُنْ لِيْ مِنْهُمْ مُدَافِعًا اَحْسَنَ مُدَافِعَةٍ وَاَتَمَّهَا يَا كَرِيْمُ وَاكْفِنِيْ بِقُدْرَتِكَ مَا اَخَافُهٗ ۔

بچہ کا دیر سے زبان کھولنا (بولنا)

اگر کوئی بچہ بات کرنے کے لئے بہت دیر کے بعد زبان کھولے یا اس کی زبان میں لکنت پیدا ہو جائے تو سورۂ بنی اسرائیل مشک و زعفران کے ساتھ لکھے اور دھو کر پلائے تو اس کی زبان صحیح ہو جائے گی اور وہ بولنے لگے گا۔

اذا اراد شیئًا ان یقول له کن فیکون فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شَیئٍ والیه ترجعون سبحان ربك رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رَبّ العٰلمین (مجرب ہے)

برائے دفع شرآفاتِ زراعت و باغات

کاغذ کے چار ٹکڑوں میں درج ذیل آیات لکھ کر دفن کرے تو وہ جگہ کیڑوں، سنڈیوں اور ٹڈیوں سے محفوظ رہے گی۔

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم کاشف الکرب ومنجی النوح ومنزل التوراۃ والانجیل والقراٰن و خالق الشمس والقمر الٓمّٓ ذلك الکتاب لا ریب فیه ھدًی للمتقین الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلوٰۃ ومما رزقنھم ینفقون وما انفقتم من شیئٍ فانّ اللہ یخلفه وھو خیر الرازقین۔

سات سین عید نوروز

حضرت امیر المومنین علیہ السّلام سے روایت ہے کہ اوّل حمل (یعنی عید نوروز) کے دن سفید چینی کے پیالے میں مشک و زعفران کے ساتھ لکھ کر اور عرق گلاب سے دھو کر جو شخص وہ پانی پیئے تو اگلے سال تک تمام آفات و بلیّات سے محفوظ رہے گا۔

۱۔ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ ۲۔ سَلَامٌ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ
۳۔ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ ۴۔ سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یٰسِیْنَ
۵۔ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ۔
۶۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ الرَّحِیْمِ ۷۔ سَلَامٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔

اگر لکھ نہ سکے تو تحویلِ آفتاب کے وقت پڑھ کر اپنے آپ اور اہل خانہ پر دم کرے (مؤلف)

برائے قضائے حوائج

خزائن نراقی میں ہے جس کی کوئی اہم حاجت ہو تو وہ اپنے شہر یا گاؤں سے نکل کر صحرا کے خالی مکان (مکان خلوت) میں چلا جائے پس اسے چاہیئے کہ وہاں دو مربعے بنائے لیکن ایک مربع دوسرے مربعے کے درمیان میں ہو اور دونوں مربعوں کے وسط میں ایک خط کھینچ دے



اور اس درمیان والی لکیر کو قبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تصور کرے۔ پھر ایک ہزار مرتبہ کہے " صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰه " پھر اپنی حاجت طلب کرے بہتر یہ ہے کہ اپنی پشت قبلہ کی طرف اور منہ اس مربع کی طرف کرے اور حضور اکرم کی قبر مطہر کا تصور کرے۔ مربع یہ ہے۔

طریقہ فال از قرآن مجید

طاؤس الحسینی رح سے منقول ہے کہ جو شخص قرآن مجید سے فال نکالنا چاہے تو پہلے آیت الکرسی اور آیت " وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ " اور دس مرتبہ صلوات پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے " اَللّٰهُمَّ بِكِتَابِكَ تَفَأَلْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ فَاَظْهِرْ لِيْ مِنْ كِتَابِكَ الْمَكْنُوْنِ مَا فِيْ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اَرِنِي الْحَقَّ حَقًّا حَتّٰى اَتَّبِعَهٗ وَاَرِنِي

اَلْبَاطِلَ بَاطِلًا حَتّٰی اَجْتَنِبَهٗ یَاکَرِیْمُ"

اس کے بعد قرآن مجید کو کھولے اور دائیں طرف کی پہلی سطر سے آخری سطر تک لفظ "اللہ" کو شمار کرے اور پھر بہ عدد ہر اسم "اللہ" بائیں صفحے کو شمار کرے آخری اسم "اللہ" اس کی نیت ہے اور اگر پہلی مرتبہ قرآن کھولتے کے وقت اسم "اللہ" نہ ہو تو دوبارہ فال نکالیں۔

مولف کہتا ہے کہ یہ طریقہ نزول وحی کی طرح ہے اور بزرگوں کی توجہ کا مرکز ہے۔

نجات از زندان

قیدی شخص بعد از فرائض اکیس مرتبہ یا بقول دیگر انیس مرتبہ پڑھے۔

نَجَاتًا مِنْكَ یَاسَیِّدَ الْكَرِیْمِ نَجِّنِیْ وَخَلِّصْنِیْ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ختم امام محمد تقی جواد علیہ السلام

برائے تقاضائے حوائج اور ادائیگی قرض جمعہ کے دن غسل کر کے قبل از ظہر بلکہ قبل از طلوع شمس نماز صبح کی طرح دو رکعت نماز پڑھے اور بعد از نماز ایک ہزار سینتالیس مرتبہ پڑھے:۔

"مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ" اور اس کا ثواب امام محمد تقی جواد علیہ السلام کی روح مقدس کو ہدیہ کرے تو انشاءاللہ کامیاب و کامران ہوگا۔

ھدیہ نفیسہ :۔ از کتاب السر المستتر تالیف علامہ کاشانی مرحوم۔ اگر کسی شخص کے اسم میں حروف نورانیہ غالب ہوں اور وہ یہ ہیں۔ (ا ل م ن ہ ی ق ک ص س ع ط ر ح) تو اس کا مقصد تین دن میں حاصل ہو جائے گا۔ اور اگر اس میں حروف ظلمانیہ غالب ہوں (وہ یہ ہیں۔ ب ت ث ج خ د ذ ز ش ض غ ف) تو مقصد سات دن میں حاصل ہوگا۔

ایضاً

فوائد الآیات میں ہے کہ امور مشکلہ کی آسانی، ابواب رزق کی کشادگی اور بلندیٔ مرتبہ کے حصول کے لئے ہر روز بعد از نماز صبح کسی سے کلام کئے بغیر دو مرتبہ پڑھے اور اگر مہینے کی پہلی شب جمعہ آیات ذیل کو پڑھنے کے بعد اعلیٰ کاغذ پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو مخلوقات میں صاحب جاہ وحشمت ہوگا اور لوگ اس کا احترام کریں گے۔ پہلے سورۃ الحمد پڑھے پھر ان آیات کی تلاوت کرے۔

① قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۔

② وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۔

③ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حُرِّمَتْ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِیْرِ وَمَا اُهِلَّ لِغَیْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّیَةُ وَالنَّطِیْحَةُ وَمَا اَکَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَکَّیْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ذٰلِکُمْ فِسْقٌ اَلْیَوْمَ یَئِسَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ دِیْنِکُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا وَّعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ قَالَ رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَغَفَرَ لَهٗ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَا اَصَابَکَ اِنَّ ذٰلِکَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ۔

اس کے بعد سورۂ والعادیات اور سورۂ توحید لکھیں یا پڑھیں۔ مجرب ہے۔

برائے دفع زخم چشم

ایک انڈے پر لکھ کر ایک دفعہ دائیں طرف، ایک دفعہ بائیں طرف اور ایک دفعہ پیشانی سے ناک کی نوک تک پھیریں اور کہیں "اَلْعَیْنُ" پھر اس انڈے کو پھینک دیں۔ اور وہ ٹوٹ جائے۔ انڈے پر یہ لکھیں۔ جاعت، فجاعت، فجیعت، تفجعت، انفجعت، انفلقت۔

جوؤں کے لئے

جوؤں کو دفع کرنے کے لئے سورۂ کہف کی ان آیات کو ہمیشہ تلاوت کریں۔ قالوا یاذاالقرنین ان یاجوج وماجوج سے فجمعناھم جمعًا تک۔

عورت کے دودھ کی زیادتی کیلئے

درج ذیل آیت لکھ کر موم میں بند کرکے پانی کے برتن میں ڈالئے اور اس سے تھوڑا سا پانی پیئے اور تھوڑا سا پانی اپنے پستانوں پر ڈالئے یا ملئے تو اس عورت کا دودھ زیادہ ہو جائیگا آیت یہ ہے۔ قل یا نار کونی بردًا وسلامًا علی ابراھیم رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارًا۔

ازدواج موافق

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کو موافق اور مطیع و فرماں بردار بیوی نصیب ہو تو یہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔

قل ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء واللہ واسع علیم یختص برحمتہ

مَن یَّشَآءُ واللہ ذوالفضل العظیم۔

ختم آیت وَمَنْ یَّتَّقِ اللہ

حصولِ مطالب، فیوضاتِ ربانی اور اپنی خواہشات کے حصول کے لئے۔

مدّت چالیس روز، سوموار سے شروع کرکے جمعہ کے دن ختم کرے۔ اس چالیس روز کی تمام معیّن مدّت میں چھ ہزار تین سو اناسی مرتبہ پڑھے اور قبل از شروع پہلے دن غسل یا وضو کرکے ایک سو مرتبہ سورۂ الحمد، سو مرتبہ سورۂ الم نشرح اور سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور ہر روز ایک سو انسٹھ مرتبہ، انتالیس دن تک اس آیت کی تلاوت کرے۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ”۔ اور چالیسویں روز اتمام ختم کے بعد پھر سو مرتبہ سورۂ “الحمد” سو مرتبہ سورۂ “الم نشرح” اور سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر یہ دعا پڑھیں: اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اور ستر مرتبہ کہے۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِّیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا اس ختم کے دوران ہی آثار اجابت و قبولیت ظاہر ہوں گے۔ اگر ان چالیس دنوں میں کسی دن یہ عمل رہ جائے تو از سر نو شروع کرے۔ اگر پہلے چالیس دنوں میں آثار اجابت نہ دیکھے تو دوسرے چالیس دنوں میں یقیناً موفق ہوگا۔

توبۂ خالص

جو شخص اس استغفار کو پڑھے خداوند عالم اس کے گناہ معاف اور اپنے حق سے صرفِ نظر فرمائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ

عَمْدًا اَوْ خَطَاءً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً قَوْلًا اَوْ فِعْلًا صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا مِنَ الزِّنَآءِ وَاللِّوَاطِ وَالسَّرِقَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالتُّهْمَةِ وَالْغِيْبَةِ وَالْكِذْبِ وَالْبُهْتَانِ وَالرِّيَا وَالرِّبَا وَالْخِيَانَةِ وَالْمَكْرِ وَالنَّظْرِ اِلٰى غَيْرِ الْمَحَارِمِ وَسَائِرِ الْمُحَرَّمَاتِ وَالْمُنْتَهِيَاتِ مَا اَعْلَمُ مِنْهَا وَمَا لَا اَعْلَمُ وَاُشْهِدُ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ وَاَنْبِيَآئَهٗ وَرُسُلَهٗ وَ جَمِيْعَ خَلْقِهٖ بِاَنِّيْ نَادِمٌ عَلٰى مَا سَلَفَ مِنِّيْ مِنَ الذُّنُوْبِ وَعَازِمٌ عَلٰى اَنْ لَا اَعُوْدَ اِلَيْهَا كَمَا لَا يَعُوْدُ اللَّبَنُ اِلَى الضَّرْعِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ جَمِيْعِ مَا كَرِهَ اللّٰهُ وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ مِنْ جَمِيْعِ مَا اَسْخَطَ اللّٰهُ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

نیز نسائی اور بخاری میں حضرت رسول اکرمؐ سے منقول ہے کہ بعد از نماز عصر ایک مرتبہ یہ استغفار پڑھے تو گناہوں کے موکل کو امر ہوتا ہے کہ اس کے صحیفۂ گناہ کو پھاڑ دے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَسْئَلُهٗ اَنْ يَتُوْبَ عَلَيَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِيْلٍ خَاضِعٍ فَقِيْرٍ بَآئِسٍ مِسْكِيْنٍ مُسْتَكِيْنٍ مُسْتَجِيْرٍ لَا يَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا۔

برائے دوستی و محبّت

جو شخص سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک مارے اور پھر اپنے چہرے پر پھیرے تو اس کو جو شخص بھی دیکھے گا دوست رکھے گا۔ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

خروج از منزل (گھر)

جو شخص اپنے گھر سے نکلتے وقت اپنی انگوٹھی کو اپنے دائیں ہاتھ میں لے کر پھیرے اور کہے۔

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ وَ اٰمَنۡتُ بِسِرِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَلَا نِیَتِہِمۡ اور جتنا صدقہ دے سکتا ہو صدقہ دے تو اس دن کوئی پریشانی نہیں دیکھے گا۔

فائدہ :۔ اثر سورۂ یٰسین و سورۂ حشر از اسرار القرآن سید علی بن عبدالحمید ۔ جو شخص سورۂ یٰسین کو زعفران اور عرق گلاب کے ساتھ سات مرتبہ لکھے اور اسے مسلسل سات روز پیئے تو جو سُنے گا ۔ یاد کر لے گا اور جو بھی اس سے مناظرہ یا مقابلہ کرے گا اس پر غالب ہو گا۔

اور جو سورۂ حشر پیالے میں لکھے اور اس کو دھو کر پیئے تو اس کو فطانت و ذہانت حاصل ہو گی ۔

قیافہ شناسی

جرجی زیدان کی کتاب فراسۃ الحدیث سے قیافہ شناسی کے باب کو فیلسوف مشرق سید جمال الدین اسد آبادی (افغانی) کے حکم اور اشارہ سے دانشمند شاعر صادق بروجردی مرحوم نے نظم کیا ہے ۔

قرآن مجید کی آیات اِنَّ فی ذالک لاٰیات للمتوسّمین اور سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود ، علم قیافہ شناسی کے معتبر ہونے کی دلیل ہیں ۔

اس نظم کا ترجمہ پیش خدمت ہے ۔ (مترجم)

سر اور پیشانی

جو سر کم عرض اور پتلا ہو اس شخص کا زمانہ تاریک ہے اگر دائیں بائیں طرف سے دراز ہو تو وہ شخص خود پسند ہے اگر سر عقب کی طرف مائل ہو تو وہ شخص عالم و عاقل ہے اگر سر کے بال آنکھ کے قریب ہوں تو اس کی نظر تنگ و تاریک ہو گی ۔ جس کی صرف ٹھوڑی پہ بال ، ہوں باحیا نہیں ہو گا اور کسی کی اعتناء نہیں کرے گا ۔ جس کی صرف ٹھوڑی پہ بال اور آنکھیں سبز ہوں وہ بدچشم ہے اور بے حیا و صاحب قہر و غضب ہے جس کی پیشانی دراز ہو اس کے تمام کام پسندیدہ ہوں مگر پیشانی

گرہ دار ہو وہ انسان نہیں بلکہ مثل حیوان ہے اگر اس کی ہڈیاں مدور (گول) ہوں تو وہ کار مملکت کے لئے مناسب ہوگا جس کی پیشانی باہر کی طرف نکلی ہوئی ہو وہ حریفوں پر قوی ہوگا اور اگر درمیان میں اندر کی طرف ہو تو خود پسند اور بے راہ ہوگا۔ جس کی پیشانی صاف و عریض ہے وہ تند خو اور نادان شخص ہے اگر ہڈی چہرے سے دراز ہے تو وہ ہیر پھیر کرنے والوں اور نقصان پہنچانے والوں سے ہے جس کی پیشانی پر شکن ہے اس کو تکلیف و شکست نہیں ہوگی اگر پیشانی کا طول و عرض چھوٹا ہو تو وہ پست فطرت اور خود پسند ہوگا اگر پیشانی کی رگ وسط میں بلند ہو تو وہ باکمال اور ہوشیار و عقلمند ہوگا اگر پیشانی کی شکن ناپذیر ہو تو وہ شخص کند ذہن اور بدضمیر ہوگا اگر اس کی پیشانی پر شکن نہ ہو تو وہ درحقیقت بے صداقت و بے یقین ہے۔

ابرو شناسی

جس کی بھنویں کمان کی طرح ہوں خوبیٔ کار کی نشانی ہے اس کی بھنویں اگر اُکتھی (ترچھی) ہوں تو بعض اوقات سچائی کے ساتھ عادت اپناتا ہے اگر درمیان میں بالوں کا گچھا ہو تو اس کے تمام کام غلط ہیں۔ اگر اس کی بھنویں بالوں سے پُر ہوں تو لوگ اس کی طرف ادب و احترام سے آئیں گے۔ اگر اس کی بھنوؤں کے بال غیر منظم اور درہم برہم ہوں تو غضب و غصہ اس کے ساتھ ہوں گے۔ اور اگر دونوں بھنویں ملی ہوئی ہوں تو حاسد و بخیل ہوگا۔ جس کی بھنویں چھوٹی ہوں تو بصیرت و دانائی سے لوگوں کو دیکھے گا اور اگر بھنوؤں کا خط کشادہ ہو تو اس کا مالک ہمیشہ خوش و خرم ہوگا۔

ناک

ناک کی نوک اگر نازک اور تیز ہے تو ایسا شخص تنگدست و نادار ہوتا ہے۔ ناک اگر چونچ کی طرح دراز ہو تو بخل اور رذالت میں دلیر اور بے باک ہوگا۔ اگر انسان کی ناک منحنی اور ٹیڑھی ہو تو وہ ہر کامیابی کے لئے صاحب قدرت ہے اور اگر ناک تھوڑی سی لمبی ہو تو وہ کسی کو آزار و تکلیف

نہیں دیتے گا اگر ناک کا سوراخ گول ہو تو اس کا مونس و ساتھی تنگدل اور آزردہ ہوگا۔ چھوٹی اور موٹی ناک والا نیک ہے اور جو کچھ بھی سنے زود باور ہے۔

ہونٹ اور مُنہ

اگر کسی کے دونوں ہونٹ مساوی ہوں تو اس کے وجود میں وفا موجود ہوگی اگر اوپر والا ہونٹ باہر کی طرف نکلا ہوا ہو تو بلندیٔ مرتبہ کی ایک دلیل ہے اور اگر نیچے والا ہونٹ دراز ہے تو وہ متکبر اور بے ہنر کی مثل ہے اگر زبان چوڑی اور ہونٹ باریک ہوں تو عزت اس کے نزدیک ہوگی جس شخص کے ہونٹ موٹے ہوں وُہ اہل عیش اور کریم ہوگا۔ آدمی کے ہونٹ اگر نازک ہوں تو دنیا میں اس جیسا کوئی بھی صاحب عقل و دانش نہیں ہوگا۔ دانتوں کا نظام اگر شکستہ ہو تو اس شخص کا کام منجمد اور تکلیف دہ ہوگا۔ جو ہونٹ بند ہوں اس نے دانائی اور دلیری کا بیج بویا۔ لٹکے ہوئے ہونٹ والا سرد دِل ہوگا۔ آب و گل کو بھی اس کا ڈر ہوگا۔ جس کے دانت منظم نہیں ہیں اس کا ذریعہ معاش محکم نہیں ہے جو مُنہ آدھا کھلا ہوا ہو اس کے خیالات دراز ہوں گے۔ اگر کسی کا منہ سخت بند ہو تو وہ خودستا اور دروغ گو ہے وہ منہ جو سایہ دار ہو وہ باحیا و باوقار ہے ہر وہ مُنہ جو چھوٹا ہے تو سمجھ لے کہ وُہ بے ہودہ اور پلید زبان ہے۔ یہ سچ ہے کہ ہر وہ منہ جو کشادہ ہو وہ اپنے مال کو عیش پر صرف کرے گا۔

ٹھوڑی

جس شخص کی ٹھوڑی کوتاہ ہے وہ ہر راہ میں پاک و ثابت قدم ہے ٹھوڑی اگر کم یا باریک ہے تو اس شخص کا نفس ضعیف و تاریک ہے اس کی ہڈی اگر آگے کی طرف ہو۔ اس کی گندم بھی جَو ہوں گے یعنی اسے نقصان ہوگا۔ اگر کسی کی ٹھوڑی دراز ہو تو مکھی کی طرح مردم آزار ہے۔ جس کی ٹھوڑی مربع شکل کی ہو وہ ہر جنگ میں شجاع تر ہوگا۔ ٹھوڑی اگر موٹی اور غیر متناسب ہو تو مال کی عیش و ہوس ہوگی اور ٹھوڑی باریک و تیز ہو تو بدخلق اور بدنام ہے۔ ٹھوڑی تنگ اور بھنوؤں کے قریب ہو تو

نڈر اور بدخو ہو گا۔ ٹھوڑی اگر مقدار سے اوپر چلی جائے تو ایسا ہے جیسے قطرہ دریا کی فکر کرے کی آنکھ کے نزدیک ہو تو صاحب عزت و آبرو ہو گا۔ بھنوؤں کے بال اگر کم اور نرم و نازک ہوں وہ باحقیقت اور شریف آدمی ہے اگر بھنویں ایک دوسرے سے دور ہوں تو اہل فضل اور نیک بخت ہو گا بھنوؤں کے بال اگر کنپٹی پر ہوں تو اس کو ہر وقت نقصان پہنچے۔ یہ سچ ہے کہ آبرو بھنوؤں سے نہیں ہے جو شخص گپ باز اور باتونی ہے وہ نیک نہیں ہے۔

چشم شناسی

جس شخص کی آنکھ درشت اور باہر نکلی ہوئی ہو اس کے وجود پر سستی زیادہ ہے اگر آنکھیں اندر دھنسی ہوئی، عمیق اور نیلے رنگ کی ہوں اس کا مالک بخیل ہو گا۔ اس کی آنکھ کی نظر نیچے کی طرف ہو تو اپنا ہنر زمانہ کو دے دے گا۔ مسکراتی ہوئی آنکھ خوشی کی علامت ہے اور وہ شادی کا دلدادہ ہو گا اگر آنکھ بھنوؤں سے بڑی ہے تو وہ باوقار اور نیک آدمی ہے چھوٹی آنکھ والا کام میں قوی اور شب و روز میں ثابت قدم ہو گا۔ اگر کسی کی آنکھ قریب ہو تو وہ زیرک اور ہوشیار ہے۔ اگر اس کی آنکھیں ایک دوسری سے دور ہوں تو اس کے کام میں نقصان ہے۔ جس کی آنکھ ایک دوسری سے جدا ہو وہ ہمیشہ لوگوں کو مکر و فریب سے آزار پہنچائے گا۔ اگر اس کی آنکھیں سادہ نہ ہوں تو میں اس کو اہل عصیان میں شمار کروں گا۔ جس کی آنکھیں نیم باز (آدھی کھلی ہوں) وہ باحیا ہو گا اور کسی کا محتاج نہیں ہو گا۔ جس کی آنکھیں گول اور چھوٹی ہوں تو وہ میری نظر میں اہل تحقیق ہے۔

گوش شناسی

جس کے کان چوڑے اور بڑے ہوں وہ بھیڑیے کے لباس میں مثل بھیڑ کے ہے۔ اگر کسی کے کان چھوٹے ہوں تو وہ رفیق بھی ہے اور خوش طبع بھی۔ اگر کان کی شکن بے ترتیب ہو تو اس کا مالک عجیب طرح کا ضعیف نفس ہو گا اگر کان پُرشکن ہوں تو کام کے وقت اس کے دل کی طاقت

زیادہ ہوگی۔ ضخیم کان اس بات کی علامت ہیں کہ وہ شخص بے کمال اور کم فہم ہے۔ کان اگر گول اور خوبصورت ہوں ہنرمندی اور کمال میں زیادہ ہو۔ جس شخص کے کان چوڑے اور گہرے ہوں وہ حقیقتاً اہل آولز ہوگا۔ کان اگر سر کے اندر چپاں نہ ہوں تو وہ دھوکہ باز اور صنعت گر ہوگا۔ اگر دونوں کان سر کے ساتھ چپاں ہوں تو وہ جھگڑالو، سرکش اور نادان ہے۔ نیچے گرے ہوئے کان والا شخص جنگ و جدل کے وقت دلیر و شجاع ہوگا۔ مگر کان نیچے کی طرف گرے ہوئے نہ ہوں تو وہ بے حیا، بے ہودہ اور عاشق مزاج ہوگا۔ جس کے کان نازک اور تیز ہوں وہ حقیقتاً شوخ طبع اور مسخرہ ہے۔

ٹھوڑی

ٹھوڑی اگر اندر کی طرف اور گول ہو تو مخلوق سے مہربانی فرمائے گا۔ ٹھوڑی کے درمیان میں اگر گہرائی (گڑھا) ہو تو وہ بہت باعلم و باہنر ہوگا۔ اگر ٹھوڑی کے درمیان میں اگر خفیف سا شگاف ہو تو وہ آدمی بے شعور اور ضعیف ہے اگر وہ ٹیڑھی اور لمبی ہو تو وہ شخص بدجنس اور سرد خون ہوگا جس کی ٹھوڑی لاغر ہو وہ نیک ہے اور اس کی رفاقت اچھی ہے اگر ٹھوڑی اپنے تناسب سے خارج ہو تو وہ بے ہنر اور اس کا خون برف کی طرح سرد ہوگا۔ درحقیقت اگر ٹھوڑی بیضوی ہو تو اس کا اخلاق ہمیشہ زیادہ ہوگا۔

تعبیرِ خواب

(از ابنِ سیرین)

باب ۱: خواب میں پیغمبروں، آئمہ اور فرشتوں کو دیکھنے کے بیان میں۔

جو شخص انبیاء میں سے کسی نبی کو خواب میں دیکھے اس کے دین و دنیا کے کام منظم ہوں۔

فرشتہ دیکھنا: اس کے امورِ دنیا و آخرت فروغ پائیں اور زیارتِ کعبہ سے مشرف ہو۔

پُلِ صراط دیکھنا: سلطان کا قرب حاصل ہو۔

سورج چاند اور ستارے دیکھنا :۔ اپنی قوم کے کسی ایک فرد کو دیکھے یا اس کو اولادِ صالح عطا ہوگی جس سے بہت زیادہ بھلائی دیکھے گا۔

مُردوں کو دیکھنا ۔ غم سے نجات حاصل ہو۔

باب ۲ :۔ **تلاوتِ قرآن کرنا اور علم سیکھنا** :۔ ایسا عمل کرے گا جس سے اجر حاصل ہو

خود یا کوئی دوسرا اذان و اقامت کہے :۔ دین قوی اور باحرمت و آبرو ہوگا۔

امام جماعت ہونا ۔ قوم کے رئیس اور سردار ہونے کی دلیل ہے اور ترویجِ دین کرے۔

قاضی ہونا، وعظ کرنا اور منبر پر بیٹھنا ۔ امر بالمعروف کرے، کاموں میں غالب ہو یا لوگوں کے درمیان بہت اچھی شہرت پائے۔

خواب میں جنگ کرنا :۔ بیداری میں دشمنوں سے احتیاط کرنی چاہیئے اور لوگوں کی غیبت نہ کرے تاکہ وہ اس کو کوئی نقصان نہ پہنچائیں۔

باب ۳ :۔ **طلاء و جواہرات دیکھنا** ۔ اس کا کام اور کاروبار ترقی کرے۔

طلاء و جواہرات کے تراشے ہوئے ذرات دیکھنا ۔ تندرستی اور نیک بختی کی دلیل ہے۔

انگشتری دیکھنا :۔ مرد کے لئے مکروہ ہے لیکن مطلق جواہرات دیکھنا جاہ و مقام کی دلیل ہے اور فائدہ فراواں حاصل ہوگا۔

لوہا۔ تانبہ۔ کانسی اور سیسہ وغیرہ دیکھنا ۔ بلند منصب حاصل ہو۔

چھری، تلوار اور آلاتِ جنگ دیکھنا :۔ زیادہ طاقت حاصل ہو۔

باب ۴ :۔ **مختلف اجناس، ریشم یا سوتی رسی، کپاس، کھدر اور گندم دیکھنا** :۔ رزق حلال ہو اور تھوڑا سا غم پہنچے لیکن نفع و بھلائی بے حساب حاصل ہو۔

مختلف دانے دیکھنا :۔ روزی حلال ہے۔

کپاس، کھدر اور موٹی رسی دیکھنا ۔ حشمت و منصبِ دنیوی زیادہ ہوگا۔

باب ۵ :۔ **روغن بادام اور پستہ وغیرہ دیکھنا** :۔ اس کو ہدیہ و تحفہ ملے گا اور اس

کے رزق میں وسعت ہوگی۔

پٹرول اور مٹی کا تیل وغیرہ دیکھنا :۔ اس کو تھوڑا سا غم پہنچے گا۔

انگور اور شراب دیکھنا :۔ رزقِ حلال کی دلیل ہے۔

مختلف شربت دیکھنا :۔ تندرستی اور خوش حالی ہو۔

باب ۶ :۔ خربوزہ اور تازہ و خشک انگور وغیرہ دیکھنا :۔ کسی دوست کے ذریعے اسے مال حاصل ہوگا۔

سیب دیکھنا :۔ عزیزوں اور دوستوں کی طرف سے خوش ہو۔

ناشپاتی دیکھنا :۔ لہو و لعب اور شادمانی کی دلیل ہے۔

آلو بخارا اور دیگر پھل دیکھنا :۔ خوش حالی کی دلیل ہے۔

منقہ اور کشمش دیکھنا :۔ خالص دوستوں کی طرف سے نیکیاں اور خوشیاں دیکھے۔

بادام پستہ اور بادام جن کے چھلکے موٹے ہوں :۔ بیوقوف لوگوں اور عوام الناس سے جھگڑا ہو۔

باب ۷ :۔ مختلف قسم کے حلوے اور مٹھائیاں دیکھنا :۔ خوش حالی سے تعلق اور صحت و عافیت کی دلیل ہے اور غم سے نجات پائے۔

بقول ابن سیرین مٹھائیاں دیکھنا :۔ عقد و نکاح پر دلیل ہے۔

دوائیں دیکھنا :۔ رنج و اندوہ اور درد سے چھٹکارا حاصل ہو۔

غسل کرنا :۔ گناہ سے توبہ کرے اور عاقبت بخیر ہو۔

فصد اور حجامت کروانا :۔ امراض سے شفایاب ہو۔

گرم پانی میں برہنہ جسم جانا :۔ لوگوں کے درمیان حرمت و آبرو ہو۔

باب ۸ :۔ نیا لباس پہننا :۔ کسی مقام سے عطیہ و انعام پا۔

سرخ لباس پہننا :۔ سیاست اور غضبِ سلطان کا شکار ہو۔

دیگر مختلف رنگ کے لباس پہننا :۔ منصب اعلیٰ اور زیادہ احترام پائے۔

آبادی یا عمارتیں دیکھنا:- تھوڑا سا غم ہو۔

فرش و قالین سجانا:- کثرتِ نعمت اور بلندئ مرتبہ کی دلیل ہے۔

رقص کرنا، ساز و آواز اور چنگ و رباب سننا:- تندرستی اور آسودگئ خاطر ہو۔

عریاں جسم کے ساتھ بلند مقام پر کھڑے ہونا:- اپنے دل کی مراد پائے گا۔

جوتا پہننا اور قبا و عبا کندھے پر ڈالنا:- شائستہ عورت اور آئیڈیل حاصل ہو۔

جوتا اتارنا اور گم کرنا:- تعبیرِ اول اپنی زوجہ کو طلاق دے، تعبیرِ دوم اس کی زوجہ فوت ہوگی۔

سر کے بال لمبے دیکھنا:- رنج و تکلیف میں گرفتار ہو۔

پاؤں اور اپنی شرمگاہ میں زیادہ بال دیکھنا:- مقروض ہو۔

عورت کے ساتھ مجامعت کرنا:- وہ سال فراخی اور فراوانی میں بسر ہو۔

اپنے بدن سے گوشت کا ٹکڑا کاٹنا:- اس کی قوم کا کوئی فرد اپنی آخری عمر کو پہنچے[1]

گھوڑا برہنہ پشت دیکھنا:- خوب ہے۔

خچر دیکھنا:- بدعمل اور حرامزادہ افراد پر دلیل ہے۔ پرہیز کرے تاکہ رنج و تکلیف میں نہ پڑے۔

گدھا دیکھنا:- بخت یاوری کرے۔

فربہ بیل دیکھنا:- اس سال تمام مخلوقات کے لئے ارزانی و راحت ہو اور خوب گزرے۔

لاغر بیل دیکھنا:- اس سال قحط ہو خصوصاً غلہ اور دیگر اجناس کمیاب ہوں۔

گائے دیکھنا:- وسعت و فراوانی ہو۔

اونٹ یا کجاوہ دیکھنا:- زیارتِ کعبہ کو جائے یا کوئی کام کرے جس کا اجر زیادہ ہو۔

---

[1] دانتوں کے گھسنے کی بھی یہی تعبیر ہے۔ دانتوں کا ٹوٹنا:- بڑی مصیبت آئے۔ گلا کاٹنا:- اپنی بیوی سے جدائی کی دلیل ہے۔ گھنی داڑھی:- مال ہاتھ آئے۔ لباس جلنا یا آگ میں ڈالنا:- حکومتِ وقت کی طرف سے تکلیف پہنچے۔

بے کجاوہ اونٹ پر سوار ہونا :۔ بزرگی و سرداری کی دلیل ہے۔

اونٹ کی مہار ہاتھ میں پکڑنا :۔ کسی جماعت پر حکم کرے۔

دُنبے یا ہرن کا بچہ دیکھنا :۔ اپنی مراد کو پہنچے۔

حیوانات وحشی حلال گوشت شکار کرنا :۔ رزقِ حلال پائے۔

خرگوش دیکھنا :۔ اولاد نرینہ ہو اور کسی واقعے سے خوش ہو۔

باب ۱۰ :۔ درندہ جانور اور شیر دیکھنا۔ اچھائیاں دیکھے اور محترم ہو۔

چیتا اور تیندوا دیکھنا :۔ اس کو بادشاہ کی طرف سے نفع پہنچے۔

خنزیر دیکھنا :۔ ظالم شخص کا محتاج ہو اور ضرر و نقصان اس کی طرف متوجہ ہو۔

ریچھ دیکھنا :۔ دُشمن کے مکر و فریب سے محفوظ رہے۔

بجُو دیکھنا :۔ دشمن اس کے حق میں دھوکہ کریں، ظاہرا دوست اور باطناً دشمن ہوں۔

بندر دیکھنا :۔ اس کی بھی یہی تعبیر ہے۔

بھیڑیا دیکھنا :۔ دشمن ہے اپنی حفاظت کرنی چاہیئے۔

گیدڑ دیکھنا :۔ چور اس کا قصد کرے۔

لومڑی دیکھنا :۔ دشمن اظہار دوستی کرے گا۔

چوہا دیکھنا :۔ چور اس کے گھر آئے۔

باب ۱۱ :۔ پرندے دیکھنا۔

باز دیکھنا :۔ بادشاہ کی طرف سے رئیس و سردار ہو۔

شاہین، لگڑ و بگڑا اور شکاری پرندے دیکھنا :۔ مقام ارجمند و بزرگ تک پہنچے۔

اُلو دیکھنا :۔ دشمن مکار ہے۔

گدھ دیکھنا :۔ مرد کم آزار ہو اور میراث حاصل ہو گی۔

کوّا دیکھنا :۔ مرد دروغ گو ہو جو اظہار دوستی کرے گا۔

فاختہ قمری اور طوطا دیکھنا :- شخص شائستہ ہو۔

بگلا، کونج اور دیگر پرندے دیکھنا :- مال و روزی حلال ہو۔

چڑیا اور چھوٹے پرندے دیکھنا :- دلیلِ خوش حالی ہے۔

سیمرغ دیکھنا :- اس کا کام ترقی کرے گا۔

مرغ و مرغی دیکھنا :- زیادتیٔ روزی کی دلیل ہے۔

باب :- ۱۲ :- آب ساکن دیکھنا۔ ظاہری میراث حاصل ہو۔

آب جاری دیکھنا۔ سفر سودمند ہو۔

اپنے آپ کو پانی میں مشاہدہ کرنا :- صحت و آسودگی حاصل ہو۔

پانی سیاہ و آلودہ دیکھنا :- معصیت میں پڑے صدقہ دے۔

کشتی کو غرق دیکھنا :- بادشاہ سے خطرہ دیکھے۔

شکار دیکھنا :- رزقِ حلال ہے۔

کچا گوشت دیکھنا :- تھوڑا سا اندیشہ و ڈر ہو۔

گوشت پختہ یا کباب شدہ دیکھنا :- خوب ہے۔

گھنٹی دیکھنا :- تندرستی ہو۔

برف دیکھنا :- بے ہنگام لشکر دیکھنا۔

بارش دیکھنا :- نیک بختی و وسعت ہو۔

ابن سیرین کہتے ہیں کہ جو شخص اپنے آپ کو خواب میں سورۂ فاتحہ پڑھتے ہوئے دیکھے اس کو بہت زیادہ فائدہ حاصل ہوگا اس کی دعا مستجاب ہوگی اور متعدد عورتوں سے شادی کرے گا۔

معتبر روایات میں وارد ہے کہ جو شخص بُرے خواب دیکھنے سے ڈرے وہ سوتے وقت باوضو سورۂ اخلاص، معوذتین، آیت الکرسی اور آیت اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے لے کر سورۂ بقرہ کے آخر تک اور شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا

بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (سورۂ آلِ عمران) اور آیت قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ سورۂ آلِ عمران پڑھے اور قبلہ کی طرف سر رکھ کر سو جائے۔

وہ راتیں جن کا خواب اثر رکھتا ہے اور جن کا خواب باطل ہے۔

شیخ شہید قدس سرہ نے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ وہ راتیں جن میں خواب دیکھنا اثر رکھتا ہے اور صحیح ہے۔

معتبر:- ۶ ، ۷ ، ۸ ، ۹ ، ۱۸ ، ۲۹ ، ۲۷ ، ۳۰۔

غیر معتبر:- ۱۰ ، ۱۳ ، ۱۴ ، ۲۰ ، ۲۱ ، ۲۶ ، ۱۹

طریقہ تعبیرِ خواب از قرآن مجید

اگر تو کوئی خواب دیکھے اور اس کی تعبیر معلوم کرنا چاہے تو پہلے دیکھ کہ چاند کی کون سی تاریخ ہے اور اس تاریخ کے مطابق قرآن مجید کی سورۃ کا نمبر نکال اور اسی نمبر کی آیت نکال۔ اسی آیت میں تیرے خواب کی تعبیر ہے۔

مثلاً اگر پانچ تاریخ کو خواب آیا ہے تو سورۃ نمبر پانچ کی آیت نمبر پانچ دیکھ، اس میں تعبیر ہوگی۔ (از جامع الاحادیث فیضؔ)

مُردہ کو خواب میں دیکھنے کیلئے

اگر خواب میں کسی مُردہ شخص کو دیکھنا چاہے تو پاک صاف ہو کر قبلہ کی طرف سر کر کے سو جائے اور یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يُوْصَفُ وَالْاِيْمَانُ يُعْرَفُ مِنْهُ مِنْكَ بَدَتِ

الْاَشْيَآءُ وَ اِلَيْكَ تَعُوْدُ فَمَا اَقْبَلَ مِنْهَا كُنْتَ مَلْجَاهُ وَ مَنْجَاهُ وَمَا اَدْبَرَ مِنْهَا لَمْ يَكُنْ لَهٗ مَلْجَاءٌ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ فَاَسْئَلُكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَ اَسْئَلُكَ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَ بِحَقِّ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ سَيِّدِ النَّبِيِّيْنَ وَ بِحَقِّ عَلِيٍّ خَيْرِ الْوَصِيِّيْنَ وَ بِحَقِّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ وَ بِحَقِّ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ الَّذَيْنِ جَعَلْتَهُمَا سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ السَّلَامُ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تُرِيَنِيْ مَيِّتِيْ فِي الْحَالِ الَّتِيْ هُوَ فِيْهَا۔

برائے زیارت پیغمبر اکرمؐ و ہر یکے از آئمہ اطہارؑ:۔ ایک ہزار ایک مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے تو ان کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے دفع احتلام

سوتے یا جاگتے وقت پڑھے:۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاِحْتِلَامِ وَ مِنْ سُوْءِ الْاَحْلَامِ وَ مِنْ اَنْ يَتَلَاعَبَ بِيَ الشَّيْطَانُ فِي الْيَقْظَةِ وَ الْمَنَامِ۔

یہ دعا پڑھنے کے بعد اپنی شہادت کی انگلی سے اپنے سینے پر "یا علی" لکھے تو محتلم نہیں ہوگا۔ حقیر نے اس کو آزمایا ہے۔

مرد کی شہوت باندھنا:۔ مرد کی شہوت کو کس طرح باندھا جائے کہ اپنے حلال کے سوا حرام کا مرتکب نہ ہو۔

موم کا ایک مجسمہ بنائے اور یہ آیت لکھے:۔ حرمت علیکم امھاتکم وبناتکم واخواتکم وعماتکم وخالاتکم وبنات الاخ وبنات الاخت وامھاتکم اللاتی ارضعنکم واخواتکم من الرضاعة وامھات نساءکم وربائبکم اللاتی فی حجورکم من نساءکم اللاتی دخلتم بھن فان لم تکونوا دخلتم

بهن فلا جناح عليكم وحلائل ابناءكم الذين من اصلابكم و ان تجمعوا بين الاختين الا ما قد سلف ان الله كان غفورا رحيما ۔ اور میت کے کفن سے بچے ہوئے ٹکڑے میں لپیٹ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔ آیت لکھتے وقت یہ کہے:- "یَا فُلَانُ (فلاں کی جگہ اس کا نام مع والدہ ذکر کرے) عَقَدْتُ شَهْوَتَكَ مِنَ النِّسَاءِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاٰيَةِ ۔ اس کے بعد وہ شخص اپنی زوجہ کے علاوہ کسی غیر عورت کے ساتھ مباشرت پر قادر نہیں ہوگا۔

نمازِ سریع الاجابت:- ظہر کے قریب دو رکعت نماز حاجت پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد از سورۃ الحمد، ایک مرتبہ پڑھے:- اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۔ اور دوسری رکعت میں بعد از حمد سورۃ الم نشرح پڑھے محدث قمی لکھتے ہیں کہ میں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے۔ غفلت نہ ہو۔

برائے دفعِ دشمن

اگر کوئی شریر یا خائن یا ظالم ہو اور چاہیں کہ اس کا کام تنزل میں پڑ جائے تو اس آیت کو مہینے کے آخری منگل کی پچھلی رات، مٹی کے سبز برتن کے سات ٹکڑوں پر لکھیں۔ ان میں سے ایک ٹکڑا اس کے گھر میں دفن کریں اور باقی ٹکڑوں کو باریک پیس کر اس کے مکان کے ارد گرد چھڑک دیں تو وہ مکان ویران ہو جائے گا اور وہ ظالم اپنے مقام سے گر جائے گا اور اس میں ظلم و ستم کی قدرت نہیں رہے گی اور اگر اس آیت کو اس ظالم کے نام سے ایک پتیلی یا دیگچی میں لکھے اور اس میں پانی ڈال کر آگ پر رکھ دے تاکہ وہ ابل جائے تو اس شخص کو تپ ہو جائے گا۔ لیکن ضروری ہے کہ یہ عمل مسلمانوں کی نجات کے لئے کرے۔ ورنہ عداوت، حسد و پلیدی کی وجہ سے عذاب خود اسے پہنچے گا۔ آیت یہ ہے:

فلما جاء امرنا جعلنا عاليها سافلها و امطرنا عليها حجارة من سجيل منضود

مُسوّمۃ عند ربك وماھی من الظالمین۔

نمازِ وحشت

شبِ دفن دو رکعت نمازِ وحشت پڑھے۔ پہلی رکعت میں ایک مرتبہ الحمد اور ایک مرتبہ آیۃ الکرسی وھو العلیّ العظیم تک اور دوسری رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور دس مرتبہ سورۂ انّا انزلنٰہ اور نماز کے بعد کہے :۔ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْ ثَوَابَھَا اِلٰی قَبْرِ فلان (فلاں کی جگہ میت کا نام لے)۔

برائے قوّتِ حافظہ

شیخ بہائی قدس سرہٗ العزیز نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ برائے زیادتی قوتِ حافظہ درج ذیل آیات کو نبات (کوزہ مصری) کے سات ٹکڑوں پر لکھے اور سات دن ہر روز ایک ٹکڑا نہار منہ کھائے۔ ہفتہ کو شروع کرکے جمعہ کے دن ختم کرے۔

۱- فتعالی اللہ الملك الحقّ۔

۲- وقل ربّ زدنی علمًا۔

۳- لا تحرك به لسانك لتعجل به۔

۴- ان علینا جمعه وقرآنه۔

۵- فاذا قرأناه فاتّبع قرآنه ثمّ ان علینا بیانه۔

۶- سنقرئك فلا تنسٰی

۷- انه یعلم الجهر من القول ویعلم ما تکتمون۔

فدیۂ مریض

ایک فربہ گوسفند مریض کے فدیہ کی نیّت سے حاصل کرے۔ تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھ کر اس

گوسفند کے منہ میں پھونک مارے :- اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذِهِ الشَّاةُ لَكَ وَمِنْ فَضْلِكَ وَكَرَمِكَ وَصَلَ اِلَیَّ وَاَنَا اَفْدِیْهَا بِعَبْدِكَ ۔ پھر مریض اور اس کے باپ کا نام لے اور کہے :- اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا فِدَاءٌ لَحْمُهٗ بِلَحْمِهٖ وَدَمُهٗ بِدَمِهٖ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِكَ اِبْرَاهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ حِیْنَ فَدٰی لِوَلَدِهٖ اِسْمٰعِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَتَقَبَّلْهُ مِنِّیْ ۔ اور جس وقت گوسفند کو ذبح کرنا چاہیں تو ضروری ہے کہ اس کو کسی چھت کے نیچے روبقبلہ لٹائیں اور جب اس کے گلے پر چھری رکھیں تو تین مرتبہ کہیں، اَللّٰهُ اَكْبَرُ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور اس کا خون اس جگہ ڈالیں۔ جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے اور اس کا گوبر دفن کردیں اور اس کے ہاتھ اور پاؤں (پائے) کھال سے جدا نہ کریں اور اس کھال اور ان پایوں کو ایک حصہ شمار کریں۔ اور سر کو دوسرا حصہ اور جو شکم میں ہے۔ مثلاً چربی، دل، کلیجی، گردہ، اوجھری وغیرہ کو تیسرا حصہ شمار کریں۔ باقی تمام گوشت کو ستاون حصوں میں برابر تقسیم کرکے اس کی کھال میں رکھ دیں اور اس میں سے ہر ایک حصہ ایک فقیر کو دیں، کسی فقیر کو ایک حصے سے کم نہیں دینا چاہیئے۔ یہ کل ساٹھ حصے بنتے ہیں خداوند عالم اس کو یقیناً جلد شفا عطا فرمائے گا۔ (میں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے مؤلف)

برائے دولت و ثروت

جو شخص بعد از فرائض سجدہ میں جاکر ایک سانس میں ۱۴ مرتبہ کہے :- یَا وَهَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ اور اس کے بعد کہے :- عُبَیْدُكَ بِفِنَائِكَ مِسْكِیْنُكَ بِفِنَائِكَ فَقِیْرُكَ بِفِنَائِكَ سَائِلُكَ بِفِنَائِكَ یَشْكُوْ اِلَیْكَ مَا لَا یَخْفٰی عَلَیْكَ ۔ وہ شخص کبھی بھی کمینے اور ذلیل لوگوں کا محتاج نہیں ہوگا۔ (مجرب ہے)

آداب و خواص آب نیساں

حضرت امیرالمومنین علیہ السلام حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے

ہیں کہ آبِ نیساں لیں (نوروز سے تئیس دن کے بعد تیس دن تک جو بارش ہوتی ہے اسے آبِ نیساں کہتے ہیں) اور اس پر سورۂ الحمد، آیت الکرسی، سورۂ توحید، معوذتین، قل یا ایھا الکافرون اور سورۂ قدر ستر ستر مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ستر مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ستر مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور ستر مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کریں اور ہر روز صبح و عصر کے وقت سات روز تک جس مرض کے لئے پئیں تو وہ خدا جس نے مجھے مخلوق کی طرف مبعوث بحق فرمایا ہے وہ ہر درد کو بدن سے خارج کر دے گا۔ جس شخص کی اولادِ نرینہ نہ ہو وہ اس نیت سے پیئے تو خدا اس کو فرزند عطا فرمائے گا۔ مزید تفصیل کے لئے مفاتیح الجنان کی طرف رجوع فرمائیں۔

برائے حفاظت از حادثاتِ بد

قصص راوندی میں حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس دُعا کی برکت سے یہودیوں کے ہاتھوں پھانسی سے نجات حاصل کی جو شخص بھی یہ دُعا پڑھے وہ حادثاتِ بد سے محفوظ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِ اَلَّذِیْ ثَبَّتَ اَرْکَانَکَ کُلَّھَا اَنْ تَکْشِفَ عَنِّیْ مَا اَصْبَحْتُ وَ اَمْسَیْتُ فِیْہِ۔

تلاش مسروقہ یا گمشدہ مال

وہ دن دیکھو جس دن مال چوری یا گم ہوا ہے۔ پھر اس ماہ کی چاند کی پہلی تاریخ سے اس دن تک شمار کرو۔ اس کا پہلا دن آدم، دوسرا دن حوّا، اور تیسرا دن ابلیس ہے۔ اسی طرح تمام ماہ کا یہی حکم ہے جس دن چوری ہوئی ہے اس دن اگر آدمؑ آئے تو مال یقیناً مل جائے گا۔

اگر حوّا آئے تو مال کچھ مدت کے بعد ملے گا۔ اور اگر ابلیس آئے تو مال کبھی نہیں ملے گا۔

توسّل حضرت فاطمہ زہرا علیہا السّلام

ختم و توسّل از عنایت حضرت زہرا سلام اللہ علیہا یہ ہے کہ شب جمعہ مقام خلوت میں دو رکعت نماز پڑھے، نماز کے بعد تسبیح پڑھے، اور پھر پیشانی کو سجدہ میں رکھ کر سو مرتبہ اس کے بعد دایاں رخسار رکھ کر سو مرتبہ اور بایاں رخسار رکھ کر سو مرتبہ اور پھر دوبارہ پیشانی رکھ کر سو مرتبہ یَا مَوْلَاتِیْ یَا فَاطِمَۃُ اَغِیْثِیْنِیْ" کہے اور خدا سے اپنی حاجات طلب کرے یہ کل ۴۱۰ مرتبہ ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔

توسّل حضرت موسیٰ بن جعفر علیہ السّلام

اللئالی المخزونہ میں ہے کہ برائے صحت و حوائج شرعیہ حضرت امام موسیٰ بن جعفر علیہ السلام کو وسیلہ قرار دے کر حضور قلب کے ساتھ عرض کرے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ وَلِیِّكَ مُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا عَافَیْتَنِیْ فِیْ جَمِیْعِ جَوَارِحِیْ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَ دَفَعْتَ عَنِّیْ جَمِیْعَ الْاٰلَامِ وَالْاَسْقَامِ یَا جَوَادُ یَا کَرِیْمُ۔ اگر کسی مرض کی شفا سے مایوس ہو جائے خصوصاً بچوں کے بارے میں تو سات روپے موسوی (کاظمی) سادات کی نذر کرے اور رات یا دوسرے دن وہی سات روپے موسوی سیّدوں کو دے دے۔

(مجرب ہے)

توسّل حضرت قمر بنی ہاشم علیہ السّلام

توسّل بذیل عنایتِ حضرت قمر بنی ہاشم عباس علمدار علیہ السلام بدھ کی شب دو رکعت نماز پڑھے اور نماز کے بعد ایک سو تینتیس ۱۳۳ مرتبہ پڑھے۔ یَا کَاشِفَ الْکَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِکْشِفْ کَرْبِیْ بِحَقِّ اَخِیْكَ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ۔

کبریتِ احمر میں ہے کہ برائے توسّل بہ حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام جتنا پڑھ

سکے یہ پڑھے :- عَبْدُ اللّٰہِ اَبُوالْفَضْلِ دَخِیْلُکَ ۔ اور بدھ کی سات راتیں، ہر رات سو مرتبہ یہ رباعی پڑھے :-

اے ماہِ بنی ہاشم خورشید لقا عباس — اے نورِ دل حیدر شمع شہدا عباس
از محنت و درد و غم مارو بتو آوردیم — دستِ من بے کس گیر از بہر خدا عباس

تعویذ برائے اطفال :- بچے کی ولادت کے روز اس کی سلامتی کے لئے لکھ کر جس کپڑے سے بچے کو باندھا جاتا ہے اس سے باندھ دیں۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم حم تنزیل الکتاب من اللہ العزیز الحکیم انّ فی خلق السّمٰوٰت والارض لاٰیات للمؤمنین وفی خلقکم وما یبث من دابة اٰیات لقوم یوقنون وفی اختلاف اللّیل والنّهار وما انزل اللہ من السّماء من رزق فاحیا به الارض بعد موتها وتصریف الرّیاح اٰیات لقوم یعقلون تلک اٰیات اللہ نتلوها علیک بالحقّ فبایّ حدیث بعدهٗ یومنون۔

ستاروں کا ایام ہفتہ سے تعلق :- ایام ہفتہ کا کون سے ستاروں سے تعلق ہے اور کس عمل کے لئے مناسب ہے۔

ہفتہ :- کا تعلق زحل سے ہے برائے عمل تفریق و جدائی۔

اتوار :- کا شمس سے، برائے محبت و بدوح۔

سوموار :- متعلق بہ قمر ہے، برائے زبان بندی و ابطال سحر۔

منگل :- مریخ سے منسوب ہے، برائے دفع دشمن و سحر و جادو۔

بدھ :- کا تعلق عطارد سے ہے، عقد اللسان اور دشمن کو آوارہ کرنے کے لئے۔

جمعرات :- متعلق بہ مشتری، طالب و مطلوب میں محبت پیدا کرنے کے لئے۔

جمعہ :- کا تعلق زہرہ سے ہے، عزت، رغبت دلانے، بستہ امور کو کھولنے، اور توسل کے

امام جعفرؑ کے لئے ۔

طالع سال

حکمائے ترکستان کا ایک دَور ہے جو بارہ سالوں پر گردش کرتا ہے اور وہ اس دَور کو اثنا عشری دَور کا نام دیتے ہیں اور ہر سال کو ایک جانور کے نام سے موسوم کیا ہے اور وہ حیوان اس سال میں کس طرح اثر پذیر ہوتا ہے ۔

اس دَور کے بارہ سالوں کی ترتیب درج ذیل ہے ۔

اوّل سیچقان ئیل یعنی (چوہا) :- پہلا سال چوہے کا لیتے ہیں جو تقریباً نصف دلو کو واقع ہوتا ہے اور وہ دن ترکوں کا نوروز ہے ۔ وہ کہتے ہیں کہ جب چوہے کا سال آئے تو اوّل سال امن اور خوشحالی سے گذرے گا اور درمیانِ سال بارش اور فراخی و وسعت ہوگی بادشاہ غمناک ہوں گے اور موسم سرما طویل گذرے گا اور چور و ڈاکو زیادہ ہوں گے ، اس سال سلطان سے ڈرنا اور پرہیز کرنا چاہیئے ۔ اور اپنے راز کو کسی پہ بھی ظاہر نہیں کرنا چاہیئے ۔

آخر سال میں حرکتِ ارض کا احتمال ہوگا اور جو مولود ثلثِ اول میں پیدا ہوگا ۔ عظیم عزم و ارادہ کا مالک ہوگا ۔ ثلثِ دوم کا مولود ہنرمند و عقلمند اور سال کے ثلث آخر میں پیدا ہونے والا بدنام اور دروغ گو ہوگا ۔

دوم اودئیل یعنی (گائے کا سال) اس سال سردی سخت ہوگی ، درختوں پر آفت آئے گی اور دنیا میں ہر طرف فتنہ و فساد ظاہر ہوگا ۔ بادشاہوں پہ رنج و تکلیف آئے گی ، سیلاب آئے گا اور خونریزی ہوگی ۔ سال اوّل کا مولود ، دانا اور دُور اندیش ہوگا ۔ وسط سال کا مولود خوش شکل و خوبصورت ہوگا اور آخر سال کا مولود ہمیشہ ملول ، شرمیلا اور زود باور ہوگا ۔

سوم پارس ئیل (چیتا) :- اس سال بادشاہوں اور اکثر لوگوں میں عداوت ظاہر ہو اور بادشاہ اور دیگر مخلوقات ایک دوسرے سے دشمنی کریں ۔ اور وعدہ خلافی اور بدگمانی شیوہ مردم ہو اور زمین کے

بعض حصے پر زلزلہ آئے، آزار و تکلیف دینے والے حیوانات زیادہ ہوں، جنگ ظاہر ہو، کشتیوں پر آفت آئے اور انگور کم ہوں۔ اول سال کا متولد دلیر اور باہمت ہو، وسط سال کا کم رزق ہو اور آخر سال کا متولد کاہل، زود باور اور بیوقوف ہو۔

چہارم توشقان ئیل (خرگوش):- اس سال پھل اور پانی فراوان ہوں، موسم سرما معتدل ہو، لوگ بے ہودہ باتوں میں مشغول ہوں، غلہ اچھا ہو، بعض پہاڑی علاقوں میں زلزلہ آئے، بارش زیادہ ہو اور ریشمی اور سوتی کپڑے ارزاں ہوں۔ سال اول کا مولود فرزند کام میں جلدی کرے اور ایک قول پر قائم نہ رہے، وسط سال کا متولد پختہ ارادہ کا مالک اور شجاع ہو اور ماں باپ کو دوست رکھے اور آخر سال والا فصیح و دانا ہو۔

پنجم لوی ئیل (مگرمچھ) اس سال بارشیں کم ہوں اور سردی کی وجہ سے درختوں پر آفت آئے مخالف ہوائیں چلیں، موسم سرما سرد ہو اور حملے اور فتنے ہوں، غلہ فراوان ہو، برف باری زیادہ ہو، بزرگوں کو غم پہنچیں، دزی زیادہ ہو اور خیموں میں رہنے والے اور ان کے قبیلے آسودہ ہوں۔ سال اول میں پیدا ہونے والا بچہ سخت غصے والا ہو اور آخر سال کا مولود بے ہودہ زبان اور بے حیا ہو اور دولت زیادہ جمع کرے۔

ششم ایلان ئیل (سانپ):- یہ سال خشکی میں گزرے، پھل کمتر، سرما سرد اور لوگوں میں درد چشم ظاہر ہو۔ حشرات موذی زیادہ ہوں۔ خصوصاً سانپ اور رینگنے والے جانور، اوائل سال کا متولد ہمیشہ خاموش و تنہا زندگی بسر کرے اور کاموں میں تاخیر کرے۔ وسط سال کا متولد تُند خو ہو۔ اور گناہوں سے نہ ڈرے۔ آخر سال کے مولود کی بھی اچھی تعریف نہیں ہے۔ (خدا بہتر جانتا ہے یہ حکم ترکستانیوں کا ہے۔ مؤلف)

ہفتم یونت ئیل (گھوڑا):- اس سال ترکستان میں جنگ و جدال ہو، موسم سرما سخت اور سواری یا باربرداری والے جانور ہلاک ہوں، پھلوں میں آسیب و خسارہ ہو، کسانوں کا کام خوب ہو، تجارت زیادہ ہو۔ غلہ ارزاں ہو، بچوں کو کئی بیماریاں ہوں۔ مثلاً چیچک، پھپھولا اور خسرہ وغیرہ اور اُن کے کاروبار کو ضرر پہنچے

ثلثِ اوّل کا مولود طاقت ور اور زیرک ہو، وسطِ سال کا مولود، خوبصورت، خوش خلق اور شیریں زبان ہو اور آخر سال کا مولود غمناک اور بے وفا ہو۔

ہشتم قوی ئیل (گوسفند) :۔ موسم سرما طولانی ہو اور کھیتی باڑی پر سردی کی وجہ سے آفت آئے۔ وہ سال ہولناک ہو اور لوگ نیکی و خیرات کی طرف راغب ہوں لیکن موسم بہار اچھا گزرے اور پھول، ناز بو اور سبزیاں وغیرہ اچھی اور فراوان ہوں۔ موسم گرما میں فضول اور بے ہودہ باتیں زیادہ ہوں۔ ایک قول کے مطابق پھلوں پر آفت آئے۔ بے موقع ہوائیں چلیں، بیماری زیادہ ہو۔ پانی بقدر کفایت حاصل ہو، کاروبار تجارت کبھی خوب اور کبھی بد ہو۔ خصوصًا ریشم و روئی کی تجارت، لوگ لہو و لعب میں سرگرم ہوں۔ ثلثِ اوّل کا متولّد دھوکہ کرے گا۔ وسطِ سال کا بدخُو اور گناہ گار ہو اور آخرِ سال کا متولّد مبارک اور خوش قدم ہو۔

نہم پیچی ئیل (لنگور) :۔ یہ سال ظالموں اور اجنبی لوگوں کی تحریک سے عوام و خواص کے درمیان کثرت نفاق کی دلیل ہے اور لوگوں کو نقصان ہو، راہزن و ڈاکو بے باک اور جری ہوں، ظلم و تعدّی بے اندازہ ہو اور موسم گرما میں جنگ ہو۔

کھانے پینے کی اشیاء اور ملبوسات قیمت کے لحاظ سے متوسط ہوں، انگور، انجیر، سیب اور انار جیسے پھل کم ہوں، سردی سخت اور بارشیں زیادہ ہوں، موسم بہار خشک گزرے اور موسم گرما تر ہو۔ متولدِ ثلثِ اوّل قول کا پابند نہ ہو اور لوگوں سے بدگمان ہو، وسط سال کا مولود حاسد اور بیکار اور آخر سال کا مولود چاپلوس لیکن عاقبت بخیر ہو۔

دہم تخاقوی ئیل (مُرغ) :۔ ماکولات اور پھلوں کے لحاظ سے یہ سال پُر نعمت ہو، بعض مقامات پر جنگ اور لشکر کشی عظیم ہو، اور نرخ ارزاں لیکن ایک اسلوب پر نہ ہوں، زمین کے بعض حصے پر زلزلے اور عجیب و غریب امراض ظاہر ہوں۔ ثلثِ اوّل کا مولود کھانے والا اور باکردار ہو، وسطِ سال کا شریر و فتنہ پسند اور آخر سال کا مولود زیرک اور دانا ہو۔

یازدہم ایت ئیل (کُتّا) :۔ اس سال فتنہ و فساد اور خونریزی ہو اور چارپایوں کو موت آئے

شاہراہیں اور راستے غیر محفوظ اور سردیاں گذشتہ سالوں کی نسبت سرد تر ہوں۔ ثلثِ اوّل کا مولود جنگجو خونریز، کینہ پرور اور چغلخور ہو، ثلثِ دوم کا زیرک و عالم اور ثلثِ آخر سال کا مولود شجاع اور نیکی و دلیری میں مشہور ہو۔

دوازدہم تنگوز ئیل (خنزیر):۔ اس سال بادشاہوں کے درمیان مخالفت ہو اور لوگ ہمیشہ نقل و حرکت میں رہیں۔

مویشیوں اور گوسفندوں پر مصیبت آئے۔ نعمت و رزق زیادہ ہو، جَو کی فصل گندم سے کمتر ہو اور نقصان دہ ہوائیں چلیں۔ موسم سرما طولانی گزرے۔ پھل فراوان اور مسافر خوش حال ہوں۔

ثلثِ اوّل کا مولود متکبر اور خود پسند ہو، ثلث دوم کا زیرک و عاقل و خوبصورت اور ثلث سوم کا مولود کاہل اور تیز مزاج ہو۔ واللہ اعلم بحقایق الامور۔

نوٹ از مؤلف:۔ جلد دوم میں معتبر کتب سے آثار سورۂ ہائے قرآن مجید، ہر سورہ کے ختم، طلسمات وھیاکل، علمِ جفر اور طب قدیم کے مطابق علاج کے طریقے قارئین کرام کی نظر سے گزریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خدا سے توفیقِ عمل کا خواستگار ہوں۔

دعائے توسّل بحضرت ولی عصر ارواحنا فداہ

اِلٰهِىْ عَظُمَ الْبَلَآءُ وَبَرِحَ الْخَفَاءُ وَانْكَشَفَ الْغِطَاءُ وَانْقَطَعَ الرَّجَآءُ
وَضَاقَتِ الْاَرْضُ وَمُنِعَتِ السَّمَآءُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى
وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِى الشِّدَّةِ وَالرَّخَاءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ
اُولِى الْاَمْرِ الَّذِيْنَ فَرَضْتَ عَلَيْنَا طَاعَتَهُمْ وَعَرَّفْتَنَا بِذٰلِكَ مَنْزِلَتَهُمْ
فَفَرِّجْ عَنَّا بِحَقِّهِمْ فَرَجًا عَاجِلًا قَرِيْبًا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ
يَامُحَمَّدُ يَاعَلِىُّ يَاعَلِىُّ يَامُحَمَّدُ اِكْفِيَانِىْ فَاِنَّكُمَا كَافِيَاىَ وَانْصُرَانِىْ فَاِنَّكُمَا
نَاصِرَاىَ يَامَوْلَاىَ يَاصَاحِبَ الزَّمَانِ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْاَمَانَ

اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ روز عاشورہ میرے پدر بزرگوار نے میرے خیمے میں اس حالت میں نزول اجلال فرمایا کہ آپ کی تمام زرہ سے خون جوش مار رہا تھا۔ فرمایا کہ یہ دعا میری ماں نے میرے نانا سے اور میرے نانا نے جبرئیل سے مجھے تعلیم فرمائی کہ شدائد و مصائب میں پڑھی جائے جو بھی غمگین پریشان اس کو پڑھے گا خدا اس کو نجات دے گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِحَقِّ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ يَا مَنْ يَقْدِرُ عَلٰى حَوَائِجِ السَّائِلِيْنَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الضَّمِيْرِ يَا مُنَفِّسَ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ وَيَا مُفَرِّجَ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ يَا مَنْ لَا يَحْتَاجُ اِلَى التَّفْسِيْرِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ اس کے بعد اپنی حاجات کا سوال کرے۔

رویتِ ہلال

محرم الحرام:۔ جس وقت محرم کی پہلی رات کا چاند دیکھا جائے تو فیروزہ یا آب جاری پر نظر کرے۔

صفر المظفر:۔ ہلال صفر دیکھتے وقت بچے کے چہرے یا اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر نگاہ کرے اور لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا سے فَتْحًا قَرِيْبًا تک (سورۂ فتح) اور تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔

ربیع الاول:۔ آب جاری پر نظر کرے اور سات مرتبہ سورۂ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور تین مرتبہ یہ آیت پڑھے:۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

ربیع الثانی:۔ جوان آدمی کی صورت دیکھے اس کے بعد سورۂ توحید اور رویت ہلال کی وہ مشہور دعا جو صحیفۂ سجادیہ میں ہے پڑھے۔

جمادی الاوّل :۔ تین مرتبہ وان یکاد الّذین کفروا الخ پڑھے ۔

جمادی الثانی :۔ آسمان و زمین کی طرف نگاہ کرکے یہ آیت پڑھے ۔ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا ۔

رجب المرجب :۔ حروف قرآن مجید یا اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر نگاہ کرکے یہ دعا پڑھے :۔ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَ رَبُّكَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ ۔ اور سات مرتبہ سورۂ الحمد پڑھ کر اپنے ہاتھ منہ پہ پھیرے تو درد چشم نہیں ہوگا ۔

روایت میں ہے کہ حضور اکرمؐ جب ہلال رجب کو دیکھتے تھے تو فرماتے تھے ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ رَجَبٍ وَشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا شَھْرَ رَمَضَانَ وَاَعِنَّا عَلَی الصِّیَامِ وَالْقِیَامِ وَحِفْظِ اللِّسَانِ وَغَضِّ الْبَصَرِ وَلَا تَجْعَلْ حَظَّنَا مِنْهُ الْجُوْعَ وَالْعَطَشَ

شعبان المعظّم :۔ عالم عامل کے چہرے پر نظر کرے اور کہے :۔ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا رَجَبَ وَبَارِكْ لَنَا شَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا شَھْرَ رَمَضَانَ وَارْزُقْنَا صِیَامَهٗ وَقِیَامَهٗ فِیْ یُسْرٍ مِّنْكَ وَعَافِیَةٍ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۔

رمضان المبارک :۔ اپنے ہاتھوں کو بلند کرکے کہے :۔ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْعَافِیَةِ الْمُجَلَّلَةِ وَالرِّزْقِ الْوَاسِعِ وَدَفْعِ الْاَسْقَامِ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا صِیَامَهٗ وَقِیَامَهٗ وَتِلَاوَةَ الْقُرْاٰنِ فِیْهِ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْهُ لَنَا وَتَسَلَّمْهُ مِنَّا وَسَلِّمْنَا فِیْهِ ۔

شوال المکرم :۔ فیروزہ اور آب جاری پر نظر کرے اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے ۔

ذی قعدہ :۔ آئینہ پر نگاہ کرے ۔ اٹھارہ مرتبہ سورۂ قدر اور دعائے صحیفہ سجادیہ پڑھے ۔

ذی الحجہ :۔ سبزہ پر نظر کرے ۔

نمازِ شب (تہجّد)

آٹھ رکعت نماز دو دو رکعت نمازِ شب کی نیت سے پڑھے، اس کے علاوہ دو رکعت نماز شفع کی نیت سے پڑھے۔ اس کے بعد ایک رکعت نمازِ وتر اس ترتیب سے پڑھے۔ سورۂ الحمد اور دوسری سورت کے بعد دعائے قنوت اگرچہ ایک ہاتھ سے ہو اور دوسرے ہاتھ میں تسبیح رکھے۔ پہلے چالیس مومن مردوں کے لئے دعا کرے۔ اگر یہ نہ کر سکے تو چالیس مرتبہ یہ دعا پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔ پھر تین سو مرتبہ ” اَلْعَفْو “ ستر مرتبہ ” اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ “ اور سات مرتبہ ” ھٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِ بِکَ مِنَ النَّارِ “ پڑھے۔

توضیح: اگر عورتوں کے لئے دعا کرنا چاہے تو کوئی حرج نہیں لیکن چالیس مردوں کی تعداد میں ان کو شامل نہ کرے، بہتر یہ ہے کہ ثلث آخر شب نزدیک سحر پڑھے۔ نماز شب کے ثواب و اثرات کے مفصل بیان کی اس مختصر کتاب میں گنجائش نہیں ہے۔ کتب ادعیہ کی طرف رجوع کیا جائے۔

برائے قبولیّت دُعا

معاذ بن جبل سے روایت ہے کہ حضور اکرمؐ نے فرمایا، اے معاذ! جس کی کوئی حاجت ہو۔ وہ نماز صبح سے پہلے اُٹھے پس وضو کرے اور اپنی نماز پڑھنے کی جگہ پر بیٹھ کر سو مرتبہ پڑھے:۔

یَا قَائِمُ یَا دَائِمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا سَنَدُ یَا مُسْتَنَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

تو اس کی دُعا قبول ہوگی۔ معاذ نے کہا کہ جو شخص یہ پڑھے اور اس کی دُعا قبول نہ ہو۔ تو وہ معاذ پر لعنت کرے۔ (نعوذ باللہ)

نقش نگینہ آئمہ اطہار

آئمہ اطہار صلوات اللہ علیہم کی انگوٹھیوں کے نگینوں کے نقوش، از کتاب صحیفۃ الرضا تالیف مولانا الحسین الکاشفی۔

○ نقش نگینۂ امیر المومنین علیہ السلام (الملک للہ)

○ نقش نگینۂ امام حسن علیہ السلام (الحق مرّ)

○ نقش نگینۂ امام حسین علیہ السلام (طالب الدنیا فی التعب)

○ نقش نگینۂ امام سجاد علیہ السلام (الصبر مرّ)

○ نقش نگینۂ امام محمد باقر علیہ السلام (القنوع غنیٰ)

○ نقش نگینۂ امام صادق علیہ السلام (الوفاء سجیۃ الکرام)

○ نقش نگینۂ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام (من کثرت سلامتہ دامت غفلتہ)

○ نقش نگینۂ امام رضا علیہ السلام (من رفض هواه کفی شر دنیاه)

○ نقش نگینۂ امام تقی جواد علیہ السلام (من کثر شهواته دام حسراته)

○ نقش نگینۂ امام نقی ہادی علیہ السلام (من عصی هواه بلغ مناه)

○ نقش نگینۂ امام حسن عسکری علیہ السلام (من لانت کلمته وجبت محبته)

○ نقش نگینۂ امام زمان حجۃ ابن الحسن علیہ السلام (العلم عند للہ ولا یعلم الغیب الا اللہ)

مجرّب و مؤثر توسّل

کتاب روضات الجنات میں آداب الحمیدہ محمد بن جریر الطبری سے منقول ہے کہ حارث بن روح نے اپنے باپ اور اس نے اپنے جد سے روایت کرتے ہوئے اپنی اولاد سے کہا کہ جب تمہیں کوئی امر مہم یا غم عارض ہو جائے تو با طہارت، پاک و صاف بستر پر

تنہا سو جاؤ اور سات مرتبہ سورۃ والشمس اور سات مرتبہ سورۃ واللیل کی تلاوت کرو اور کہو:- اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا پھر سو جاؤ، تو پہلی، تیسری پانچویں یا ساتویں رات ایک شخص تمہارے خواب میں آئے گا جسے دیکھو گے کہ تمہیں امر عظیم سے نجات و رہائی کا طریقہ یہ ہے اور تیری راہنمائی کرے گا۔

برائے شفائے مریض

خزائن نراقی میں برائے شفائے مریض لکھتے ہیں کہ اکتالیس روپے (سکتے) مریض کے سر کی چوٹی سے لے کر پاؤں کے ناخنوں تک چُن دیں اور ہر ایک سکتے کے لئے ایک مرتبہ سورۃ اقرا پڑھیں اور پاؤں کی طرف سے چننا شروع کریں اور ہر دفعہ آیتِ سجدۂ واجبہ کی تلاوت کے بعد سجدہ میں جاکر باری باری ایک ایک سکہ بستر کے نیچے رکھتے جائیں اور دوسری یا اگلی رات اکتالیس تنگدست لوگوں کو دے دیں۔ صاحبِ کتاب نے کئی مرتبہ دعوئی ادعائے تجربہ کیا ہے البتہ مریض کی شفا کی ناامیدی کے موقع پر یہ عمل کریں۔ (مؤلف)

آزمودہ ختم

علامہ نہاوندی کتاب مدھا تمان میں لکھتے ہیں کہ چار رکعت نماز دو، دو رکعت کرکے پڑھیں پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سو مرتبہ پڑھیں۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ، اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سو مرتبہ اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ پڑھیں۔ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ "نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَ فَتْحٌ قَرِیْبٌ" اور چوتھی رکعت میں سو مرتبہ "اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا" پڑھیں۔

نماز پڑھنے کے بعد سجدہ میں جاکر سو مرتبہ کہیں، غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیْکَ الْمَصِیْرُ اور سو مرتبہ "اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ" پڑھیں تو ہر شرعی حاجت روا ہوگی۔

تجربہ کا دعویٰ کیا گیا ہے۔

ختم سورۂ واقعہ

ایک بہت پرانے قلمی نسخہ میں لکھا ہے کہ ہر وہ قمری مہینہ جس کی پہلی تاریخ کو سوموار ہو اس کی پہلی تاریخ کو ایک مرتبہ، دوسری کو دو مرتبہ اور تیسری کو تین مرتبہ علی ھذا القیاس چودہ تاریخ تک چودہ مرتبہ ہو جائیں گے۔ ہر تاریخ کے عدد کے مطابق سورۂ واقعہ کی تلاوت کریں اور ہر جمعرات کے دن بعد از تلاوت سورۂ واقعہ یہ دعا بھی پڑھیں۔

يَا وَاحِدُ يَا مَاجِدُ يَا جَوَادُ يَا عَلِيْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا كَرِيْمُ اَسْئَلُكَ تُحْفَةً مِنْ تُحَفَاتِكَ الَمُّ بِهَا شَعْثِيْ وَتَقْضِيْ بِهَا دَيْنِيْ وَتُصْلِحُ بِهَا شَأْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا سَيِّدِيْ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَآءِ فَاَنْزِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ بَعِيْدًا فَقَرِّبْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاَرْسِلْهُ عَلٰى اَيْدِيْ خِيَارِ خَلْقِكَ وَلَا تُحْوِجْنِيْ اِلٰى شِرَارِ خَلْقِكَ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فَكَوِّنْهُ بِكَيْنُوْنِيَّتِكَ وَوَحْدَانِيَّتِكَ اَللّٰهُمَّ انْقُلْهُ اِلٰى حَيْثُ اَكُوْنُ وَلَا تَنْقُلْنِيْ اِلَيْهِ حَيْثُ يَكُوْنُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا رَحِيْمُ يَا غَنِيُّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ تَمِّمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ وَهَنِّئْنَا كَرَامَتَكَ وَاَلْبِسْنَا عَافِيَتَكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

مؤلف عرض کرتا ہے کہ علوم غریبہ کے اساتذہ میں سے ایک استاد نے جو حقیر پر بہت زیادہ مہربان ہیں۔ فرمایا کہ حاجات خصوصاً دولتمندی اور صحت کے لئے اس ختم کے سریع الاثر ہونے کے لئے چاند کی پندرھویں تاریخ سے شروع کریں۔ جس طرح پہلی تاریخ سے چودہ تاریخ تک تاریخ کے عدد کے مطابق پڑھتے رہے تھے۔ اسی ترتیب سے تلاوت کی تعداد کم کرتے جائیں مثلاً پندرھویں تاریخ کو چودہ مرتبہ، سولہویں تاریخ کو تیرہ مرتبہ، سترھویں تاریخ کو بارہ مرتبہ علی ھذا القیا

اٹھائیس تاریخ کو ایک مرتبہ ہوگا۔ بلاشک وشبہ حاجت روا ہوگی۔

برائے محبّت وتسخیر

از شیخ بہائی و شیخ زین الدین العربی۔ جس شخص کو تو دوست بنانا چاہے تو دو رکعت نماز پڑھ، پہلی رکعت میں بعد از الحمد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں بعد از الحمد ستتر مرتبہ یہ آیت پڑھ، عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ اور اپنی حاجت کو دل میں گذار اور ستتر مرتبہ یہ بھی کہہ، اَللّٰهُمَّ لَيِّنْ قَلْبَ (اس کا نام مع والد ذکر کر) كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

فضیلتِ دُرود شریف

شرح مشکوٰۃ اور جمال الاسبوع ابن طاؤس میں مسطور ہے کہ ایک عورت کی بیٹی فوت ہوگئی اس نے اس کو خواب میں عذاب کی حالت میں بہت زیادہ غم واندوہ میں دیکھا، کچھ مدت پریشان رہی، دوبارہ اپنی بیٹی کو خواب میں دیکھا کہ اس کے گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں اور وہ باغ جنت میں ہے۔ اس نے اس کا حال پوچھا تو اُس نے کہا کہ ایک مرد مومن قبرستان سے گزرا اور اس نے چند مرتبہ درود شریف پڑھا اور اہالیانِ قبرستان کو ہدیہ کیا اسی وجہ سے ہم بخشے گئے۔ بہترین درود شریف کا طریقہ جو شیعہ وسنّی میں شہرت رکھتا ہے اور مروی ہے کہ درود کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ کے برابر ہے۔ وہ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ وَتَعَاقَبَ الْعَصْرَانِ وَكَرَّ الْجَدِيْدَانِ وَاسْتَقْبَلَ الْفَرْقَدَانِ وَبَلِّغْ رُوْحَهٗ وَاَرْوَاحَ اَهْلِ بَيْتِهٖ مِنَّا التَّحِيَّةَ وَالسَّلَامَ۔

نیز معتبر روایات میں وارد ہے اور مجرب شمار کیا گیا ہے کہ جس گھر میں مریض ہو اس گھر میں رہنے والے تمام مرد و عورت، ہر ایک فرد ایک ہزار مرتبہ درود شریف شرعی نذر کریں اور کہیں لِلّٰہِ عَلَیَّ اِنْ کَانَ کَذَا اَنْ اَفْعَلَ کَذَا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے پانچ سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دوسرے پانچ سو کو اپنے پاس گروی در رہن رکھیں جو بیمار کی صحت کے بعد پڑھیں (از تاریخ آلِ اطہارؑ)

نیز خواص کے درمیان مشہور ہے کہ برائے قضائے حوائج شرعیہ ایک ہزار مرتبہ درود شریف (صلوات) پڑھ کر اس کا ثواب سیدہ نفیسہ مدفونہ در مصر جو جناب اسحٰق ابن امام جعفر صادقؑ کی زوجہ تھیں اور بہت ہی مومنہ و متقیہ تھیں، ان کو ہدیہ کرے۔

ابن عباس سے روایت ہے کہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ مجھے حضور اکرمؐ نے فرمایا کہ جس شخص کی کوئی حاجت یا پریشانی ہو خلوص نیت کے ساتھ اس دعا کو پڑھے۔ تو ابھی اپنی جگہ سے نہیں اُٹھے گا۔ کہ اس کی حاجت روا ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ وَ يَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهٗ وَ يَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ وَ يَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهٗ وَ يَا كَرِيْمَ الْعَفْوِ وَ يَا حَسَنَ الْبَلَاءِ وَ يَا عَظِيْمَ الرَّجَاءِ وَ يَا عِزَّ الضُّعَفَاءِ وَ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى وَ يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ اَنْتَ الَّذِيْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَ نُوْرُ النَّهَارِ وَ ضَوْءُ الْقَمَرِ وَ شُعَاعُ الشَّمْسِ وَ دَوِيُّ الْمَاءِ وَ حَفِيْفُ الشَّجَرِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ۔ اور اپنی حاجات طلب کرے۔

ختم برائے حوائج شرعیہ

وضو یا غسل کرکے پاک لباس پہنے اور تنہائی میں بیٹھ کر دو مٹکے اپنے نزدیک رکھے اور تین سو چھیاسٹھ سنگریزے جمع کرکے ایک مٹکے میں ڈال دے اور رو بقبلہ بیٹھ کر ایک ایک سنگریزے

پڑا ا۔ تب اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الْجِبْتَ وَالطَّاغُوْتَ، پڑھ کر دوسرے میں ڈالتا۔ یہاں تک کہ پہلے مٹکے والے سنگریزے تمام ہو جائیں۔ اس کے بعد کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے، پہلی رکعت میں الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ قل یا ایھا الکافرون اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ توحید پڑھے، نماز سے فراغت کے بعد دس مرتبہ پڑھے:- اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَأَهْلِكْ أَعْدَائَهُمْ أَجْمَعِيْنَ اور دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور دس مرتبہ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ أَغِثْنِيْ۔ مجرب ہے۔

یہ ختم راز رکھتا ہے جس کو اس کے اہل جانتے ہیں۔

حرز برائے قضائے حوائج

ایضاً انیس العابدین میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جس شخص کو کوئی دنیوی یا اُخروی مشکل پیش آئے، دس روز ہر روز بعد از نماز صبح کوئی کلام کرنے سے پہلے دس مرتبہ اس حرز کو پڑھے، دس مرتبہ پڑھنے کے بعد سر کو سجدہ میں رکھے اور خداوند عالم سے اپنی مراد طلب کرے، انشاء اللہ فوری حاصل ہوگی۔

يَا مُفَتِّحَ الْأَبْوَابِ يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْأَبْصَارِ يَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ أَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّ وَأُفَوِّضُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ يَا رَبِّ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ بَيْنَ الْأَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ بَيْنَ الْأَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ بَيْنَ الْقُبُوْرِ وَعَلٰى إِسْمِهٖ بَيْنَ الْأَسْمَاءِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

برائے حافظہ

شیخ بہائی نے کشکول میں حافظہ کے لئے امیر المومنین سے روایت کی ہے کہ جو شخص اس دُعا کو منقّی کے سات دانوں پر پڑھے، اور دَم کر کے کھائے اور جو کچھ سُنے گا جلدی حفظ کر لے گا۔ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ بِکِتَابِکَ قَلْبِیْ وَاشْرَحْ بِہٖ صَدْرِیْ وَانْطِلِقْ بِہٖ لِسَانِیْ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

فائدہ برائے طالب علم

جو طالب علم درس کی کتاب کی پشت پر یہ دُعا لکھے وہ طالبِ علم اور تحصیلِ معارف میں توفیق پائے گا۔

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم اللّٰھمّ اخرجنا من ظلمات الوھم و اکرمنا بنور الفھم وافتح علینا ابواب فضلک، ویسّر علینا خزائن علمک یا ارحم الرّاحمین۔

برائے اولادِ نرینہ

من لا یحضرہ الفقیہ میں حضرت زین العابدین علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو شخص اس دعا کی مداومت کرے، خداوند عالم اس کو لائق فرزند عطا فرمائے گا۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا یَرِثُنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ وَیَسْتَغْفِرُ لِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ وَاجْعَلْ لَہٗ خَلْقًا سَوِیًّا وَلَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ فِیْہِ نَصِیْبًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْکَ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ۔

عقیقہ

عقیقہ کو بچے کی سلامتی کے لئے بعض علماء نے مستحب مؤکد اور بعض علماء نے واجب سمجھا ہے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ بچہ کے لئے عقیقہ کریں اور چاہیئے کہ ایسا گوسفند خریدیں جو بے عیب اور صحیح و سالم ہو اور بہتر ہے کہ لڑکے کے لئے نر اور لڑکی کے لئے مادہ گوسفند ہو، وقتِ ذبح کہے:۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ عَقِيْقَةٌ عَنْ (بچے کا نام لے) لَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَ دَمُهَا بِدَمِهٖ وَ عَظْمُهَا بِعَظْمِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِآلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ۔

ذبح کے بعد اس کی ہڈیاں نہ توڑیں بلکہ صرف جوڑ جدا کریں اور اس کو پکا کر کم از کم دس افراد کو کھانے کی دعوت دیں، اگر بچے کی دایا ہو اور مسلمان ہو تو ایک ران اس کو دیں اور مستحب ہے کہ وقتِ ذبح یہ آیت پڑھیں۔

يَا قَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَ نُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَ اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ۔

اس کے بعد کہے:۔ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَتَقَبَّلْ مِنْ (بچے کا نام مع والد ذکر کرے) پھر ذبح کرے بہت زیادہ مؤثر ہے غفلت نہ کریں۔

برائے ادائیگی قرض و کشائش کار و یاوری بخت

بروز بدھ قبل از طلوع صبح صادق غسل کرے اور بعد از نماز صبح ایک سو دس مرتبہ "یَا عَلِیُّ"

کہے، پھر نماز ظہر و عصر کے درمیان ایک سو دس مرتبہ "یَا عَلِیُّ" اور اسی طرح نماز مغرب و عشاء کے درمیان بھی اسی عدد کے مطابق "یَا عَلِیُّ" پڑھے اور بروز جمعرات اسی طریقے سے عمل کرے اور بروز جمعہ پھر غسل کرکے یہ ورد پڑھے۔ اور شب کو بعد از فرائض دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ اذا جاء نصر اللہ پڑھے اور نماز پڑھنے کے بعد سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے۔ اور آیت "وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ" میں حاجت اپنے دل میں گزارے نیز آیت سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا کے وقت بھی اپنی حاجت دل میں گزارے اور آخری آیت تک پہنچنے سے پہلے کہے۔ سُبْحَانَ الْمُنَفِّسِ عَنْ كُلِّ مَدْيُونٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجِ عَنْ كُلِّ مَكْرُوبٍ فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ۔ پھر سجدہ میں جاکر خدا سے اپنی حاجات طلب کرے

نماز جعفر طیّار

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے یہ نماز اپنے چچازاد بھائی جعفر بن ابی طالبؑ کو تعلیم فرمائی کہ یہ نماز ہر روز پڑھے، اگر ہر روز نہ پڑھ سکے تو کم از کم سال میں ایک مرتبہ خصوصاً جمعہ کے دن اس کی تفصیل کے لئے معتبر کتب ادعیہ کی طرف رجوع کیا جائے۔ اس کی صحتِ روایت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔

طریقہ نماز جعفر طیّار: چار رکعت نماز دو سلام یا ایک سلام کے ساتھ پڑھے۔ بہتر ہے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ۔ دوسری رکعت میں سورۂ وَالْعَادِيَات تیسری رکعت میں إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ اور چوتھی رکعت میں قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ پڑھے۔ اور ہر رکعت میں دوسری سورت کے بعد قیام کی حالت میں پندرہ مرتبہ سُبْحَانَ اللَّهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ وَلَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ رکوع میں ذکر رکوع کے بعد دس مرتبہ یہی تسبیحات، رکوع کے بعد کھڑے ہوکر دس مرتبہ، پہلے سجدہ میں ذکر سجدہ کے بعد دس مرتبہ، دو سجدوں کے

درمیان دس مرتبہ، پھر دوسرے سجدہ میں دس مرتبہ، پھر دوسرے سجدہ سے سر اٹھانے کے بعد ہی تسبیحات دس مرتبہ پڑھے، پس یہ تسبیحات ہر رکعت میں پچھتر مرتبہ اور چار رکعتوں میں کل تعداد تین سو مرتبہ ہو جائے گی اور مستحب ہے کہ چوتھی رکعت کے آخری سجدہ میں تسبیح کے بعد کہے:-

سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْعِزَّ وَالْوَقَارَ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ۔

بعد از نماز یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَفْتَتِحُ الْقَوْلَ بِحَمْدِكَ وَاَنْطِقُ بِالثَّنَاءِ عَلَيْكَ وَاُمَجِّدُكَ وَلَا غَايَةَ لِمَدْحِكَ وَاُثْنِيْ عَلَيْكَ وَمَنْ يَبْلُغُ غَايَةَ ثَنَائِكَ وَاَمَدَ مَجْدِكَ وَاَنّٰى لِخَلِيْقَتِكَ كُنْهُ مَعْرِفَةِ مَجْدِكَ وَاَیَّ زَمَنٍ لَمْ تَكُنْ مَمْدُوْحًا بِفَضْلِكَ مَوْصُوْفًا بِمَجْدِكَ عَوَّادًا عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ بِحِلْمِكَ تَخَلَّفَ سُكَّانُ اَرْضِكَ عَنْ طَاعَتِكَ فَكُنْتَ عَلَيْهِمْ عَطُوْفًا بِجُوْدِكَ جَوَادًا بِفَضْلِكَ عَوَّادًا بِكَرَمِكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْمَنَّانُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

برائے صحت مریض

مؤلف کہتا ہے کہ میں ایک مریض کی عیادت کے لئے گیا وہاں حاج آقا یحیی سجادی تہرانی مرحوم بھی موجود تھے، مرحوم نے مریض کی قمیض کے دامن کو پکڑ کر ستر مرتبہ سورۂ حمد پڑھی، اور قمیض کے دامن کو جھٹکا دے کر دوبارہ تیس مرتبہ الحمد پڑھی وہ مریض جس کو اطبا نے یاس و نا امیدی کا جواب دے دیا تھا۔ دوسرے دن کامل شفایاب ہو کر اپنے کام میں حاضر ہو گیا۔

مجرب توسّل

برائے حوائج شرعیہ خصوصاً مریض اور مقروض، بہت مؤثر ہے۔ چہاردہ معصومین علیہم السلام کے نام (رسولِ خدا سے شروع کرے) چودہ ہزار مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجے۔ ہر معصوم کے نام ایک ہزار مرتبہ درود بھیجے، یہاں تک کہ باب الحوائج حضرت امام موسیٰ بن جعفر علیہما السلام تک پڑھے، یہ سات ہزار مرتبہ ہوجائیں گے اور باقی سات ہزار کو اپنے پاس گروی و رہن رکھے (یعنی نہ پڑھے) بعد از قضائے حاجت حضرت امام رضا علیہ السلام سے لے کر حضرت امام عصر علیہ السلام تک سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ میرے بعض مخلص دوست اس کے مدعی ہیں کہ انہوں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے اور اس کے مؤثر ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

برائے حاضر کردن مطلوب

کسی دیوار کی بنیاد میں رُو بقبلہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی کے ساتھ کلمہ "شمعلونی" لکھیں، میم، عین اور واو کی آنکھوں کو کشادہ لکھیں اور مطلوب کا نام مع والدہ ایک کاغذ پہ لکھ کر ایک کیل "میم" کی آنکھ کے درمیان میں رکھیں اور آیت الکرسی هو العلیّ العظیم تک پڑھیں اور کیل کو ٹھونکیں تاکہ وہ کیل "میم" سے گزر کر تھوڑا سا زمین میں چلا جائے۔ پھر دوسری مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور کیل کو اتنا ٹھونکیں کہ وہ تمام کا تمام زمین میں چلا جائے اور مطلوب کے آنے کا انتظار کریں۔ اگر مطلوب حاضر نہ ہو تو کیل کو نکال کر "عین" کی آنکھ پہ یہی عمل کریں تو مطلوب جہاں بھی ہوگا، حاضر ہوجائے گا اور اگر پھر بھی حاضر نہ ہو تو یہی "واؤ" کی آنکھ پہ کریں۔

جس روز اس عمل کو انجام دینا چاہیں اسی روز کے موکّل کو ندا دے جو ذیل میں لکھے جارہے ہیں اور کلمہ "یشفع عندہٗ" یعنی یشفع اور عندہٗ کے درمیان اس موکّل کو ذکر کرکے کہے۔

اُحضرُوا فُلانَ بنَ فُلانٍ فی هٰذا المکانِ وَفی هٰذہِ السّاعَۃِ بِحقِّ

عِندَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ آخر تک آیت الکرسی پڑھیں۔

یہ عمل خلافِ شرع ہرگز نہ کریں کیونکہ بہت زیادہ خطرات ہیں، شاید وہ پاگل ہو جائے، اگر پاگل ہو جائے تو کسی کو ملامت نہ کرے مگر اپنے آپ کو ملامت کرے۔

موکل یہ۔ اتوار روئیل۔ سوموار جبرئیل۔ منگل شمسائیل۔ بدھ میکائیل۔ جمعرات سطفائیل۔ جمعہ عینائیل۔ ہفتہ کا موکل نسخہ میں نہیں تھا۔

استجابتِ دُعا

تفسیر مجمع البیان میں رسول اکرمؐ سے منقول ہے فرمایا کہ جو شخص بعد از دُعا پیشانی کو سجدہ میں رکھ کر سو مرتبہ "مَاشَآءَ اللّٰہُ" کہے تو خداوند عالم کی طرف سے خطاب ہوتا ہے کہ جس قدر تو ماشاءاللہ کہے گا اور جو کچھ چاہے اور طلب کرے ہم نے تجھے دیا۔

برائے زخم چشم: "اَللّٰہُ الصَّمَدُ مَاشَآءَ اللّٰہُ" پڑھے تو زخم چشم برطرف ہو جائے گا۔

قید سے رہائی کے لئے

کتاب درُّ النظیم میں ہے کہ سورۂ یوسف کی یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھے یا ہمیشہ پڑھے تو قید سے نجات پائے گا۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰٓی اِلَیْہِ اَبَوَیْہِ وَ قَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ
شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیْنَ وَ رَفَعَ اَبَوَیْہِ عَلَی الْعَرْشِ وَ خَرُّوْا لَہٗ سُجَّدًا وَ قَالَ
یٰٓاَبَتِ ھٰذَا تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَہَا رَبِّیْ حَقًّا وَ قَدْ اَحْسَنَ
بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَ جَآءَ بِکُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ
الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ اِخْوَتِیْ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ اِنَّہٗ ھُوَ الْعَلِیْمُ

الحَکِیمُ ۔

استخارۂ تسبیح

حضرت امام عصر عجل اللہ فرجہ سے منقول ہے کہ سورۂ الحمد صراط المستقیم تک پڑھ کر دس مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد کہے، " یَا مَنْ یَعْلَمُ اِهْدِ مَنْ لَا یَعْلَمُ " اور تسبیح کے دانوں پر ہاتھ ڈالے اور دو دو جُدا کریں اگر ایک دانہ بچ جائے تو کام کرے اور اگر دو دانے بچ جائیں تو نہ کرے۔

تعویذ :- جس عورت کا بچہ تازہ پیدا ہوا ہو وہ یہ لکھے اور موم میں بند کرکے پانی میں ڈال کر پیئے اور پھر اپنی گردن میں ڈال دے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ الذی من علینا بالقرآن لا الہ اِلّا اَنت العظیم لا الہ الّا انت الحکیم لا الہ الّا انت الرحیم لا الہ الّا انت المنّذیر لا الہ الّا انت الکریم لا الہ الّا انت الجلیل لا الہ الّا انت الحمید لا الہ الّا انت المزید لا الہ الّا انت المجید وانت المغیث انت الحق انت الملک الجبّار الواحد القہار العزیز الغفار انت الکبیر المتعال انت ستّار العیوب الحیّ الملک انت غفار الذّنوب انت مالک کلّ مملوک برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

برائے حوائج

کتاب اکمال الدّین میں حضرت امام حسینؑ علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جو شخص بعد از فرائض یہ دعا پڑھے :- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِکَلِمَاتِکَ وَ مَعَاقِدِ عَرْشِکَ وَسُکَّانِ

سَمٰوَاتِكَ وَ أَرْضِكَ وَ أَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ. وَ أَنْ تَجْعَلَ لِيْ مِنْ أَمْرِيْ يُسْرًا ۔ تو اس کی حاجات برآئیں گی اور اس کا قرض ادا ہو گا۔

ایضاً:- مشکلات میں پڑھے فتح و کامرانی پائے گا۔ وَ إِذَا سَأَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ أُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ۔

وقتِ نزع:- محتضر شخص کو کوشش کرے کہ وہ یہ دعا پڑھے تو خداوندِ عالم اس پر سختیٔ مرگ آسان فرمائے گا۔ يَا مَنْ يَقْبَلُ الْيَسِيْرَ وَ يَعْفُوْ عَنِ الْكَثِيْرِ اِقْبَلْ مِنِّي الْيَسِيْرَ وَاعْفُ عَنِّي الْكَثِيْرَ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَفُوُّ الْغَفُوْرُ ۔ نیز یہ ذکر بھی احتضار کے وقت متوفی کی راحت کے لئے کلی طور پر موثر ہے۔

يَا عَالِمُ خَفِيَّتِيْ اِغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ ۔

دعا برائے مشکلات

کتاب الخرائج میں حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ اگر از جہت مال، جان یا اولاد کسی پر کوئی کام مشکل ہو جائے تو اس دعا کو ہمیشہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ وَ أَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ
وَ أَهْلِ بَيْتِهِ الَّذِيْنَ اخْتَرْتَهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِيْنَ
اَللّٰهُمَّ ذَلِّلْ صُعُوْبَتَهَا وَ اكْفِنِيْ شَرَّهَا فَإِنَّكَ الْكَافِيْ ۔

تسبیح پھیرنا

نفس المہموم میں علامہ مجلسی اور دعوات راوندی میں محدث نوری، حضرت امام سجاد

علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص نمازِ صبح پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور تسبیح ہاتھ میں لے کر یہ کہے :-

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَصْبَحْتُ اُسَبِّحُكَ وَ اُحَمِّدُكَ وَ اُهَلِّلُكَ وَ اُكَبِّرُكَ وَ اُمَجِّدُكَ بَعَدَدِ مَا اُدِیْرُ بِهٖ سُبْحَتِیْ اور تسبیح کو پھیرتا رہے اور جو چاہے بات کرے خواہ تسبیح نہ کہے تو اس کے لئے تسبیح کا ثواب لکھا جائے گا۔ یہ اس کے لئے حرز ہے۔ جب وہ سونے کے لئے بستر میں جائے تو یہی ذکر پڑھے اور تسبیح اپنے منہ کے نیچے رکھ دے، صبح تک خُدا کی امان میں رہے گا۔

اسمِ اعظم کی شناخت کی بہترین تحقیق

اسمِ اعظم کے بارے میں کثیر اختلاف ہے جو ساٹھ سے زیادہ اقوال ہیں اور مشہور ہے کہ اسمِ اعظم لفظ "اللہ" ہے۔ کہا گیا ہے کہ آیۃ الکرسی میں "اللہ لا الٰہ الّا ھو الحیّ القیّوم" اور سورۂ آلِ عمران کی آیت "عنت الوجوہ للحیّ القیّوم" میں اور سورۂ طٰہٰ میں، وُہ حضرت رسولِ اکرمؐ سے مروی ہے اور حضرت صادق علیہ السّلام سے روایت ہے کہ "اللہ ربّنا" میں ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ اوّلِ سورۂ حدید سے "علیم بذات الصّدور" تک ہے۔ ایک قول "بسم اللہ" اور دوسرا قول "سورۂ فاتحہ" میں ہے۔ یہ دونوں اقوال حضرت امام صادقؑ سے مروی ہیں۔

ایک قول ہے کہ اوائل سُوَر کے حروف تہجی ہیں۔ "صراط علی حق نمسکہ" ایک قول کے مطابق "اَلْمُتَکَبِّرْ" اسمِ اعظم ہے اور ایک قول کے مطابق "حوامیم" میں ہے اور عبرانی میں "آھیا شراھیا" اور اسی اسمِ اعظم کے ذریعے تختِ بلقیس سباء سے لایا گیا حضور اکرمؐ سے مروی ہے کہ سورۂ حشر کے آخر میں اور حضورؐ کی دوسری روایت ہے کہ سورۂ ملک کے آخر میں ہے۔

ایک قول کے مطابق "حسبنا اللہ ونعم الوکیل" اور قول دیگر "لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین" بقول دیگر "الودود ذوالعرش المجید الفعال لما یرید" بقول دیگر "توکلت علی الحی الذی لا یموت" اور ابن فہد نے عدۃ الداعی میں "ھو یا ھو یا من لا یعلم ما ھو الا ھو" ذکر کیا ہے۔ پھر اپنے ہاتھ بلند کرے اور کہے "یَا مَنْ ھُوَ ھٰکَذَا اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ اور اپنی حاجت کا سوال کر انشاء اللہ پوری ہو گی۔

اسم اعظم از دیوان امیر المومنینؑ



شیخ الرئیس ابو البدر کہتے ہیں کہ مندرجہ بالا اشکال کو اگر صحیح لکھا جائے اور اس میں کوئی غلطی نہ ہو تو یہ ان تمام مرضوں اور دردوں کے لئے شفا ہے جن کے علاج سے حاذق اطبا بھی عاجز آ جائیں۔

ایضاً



ریحانۃ الادب اور مصباح کفعمی میں ہے کہ ان اشکال کو شرف شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو جملہ مصائب، بخار، ہیضہ، درد، پریشانی ہمہ قسم اور سانپ اور بچھو کے کاٹنے سے محفوظ رہیں گے۔

ماہ شعبان کے آخری جمعہ کا مجرب عمل اور نماز

کتاب المخلاۃ میں ہے کہ جو شخص دولت، عزت، ہدایت اور طولانی عمر حاصل کرنا

چاہیے اور توبہ کے ساتھ بخشا جائے اور ہرگز گمراہی میں نہ پڑے تو ماہِ شعبان کے آخری جمعہ کو ظہر و عصر کی نماز کے درمیان آٹھ رکعات نماز، دو دو رکعت کر کے پڑھے، ہر رکعت میں بعد از سورۂ الحمد پانچ مرتبہ سورۂ قدر اور پانچ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دُعا پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ یَا اَکْرَمَ مِنْ کُلِّ کَرِیْمٍ وَیَا اَسْرَعَ مُجِیْبٍ، وَیَا اَقْرَبَ سَمِیْعٍ اَشْرِکْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ مَا اَعْطَیْتَ عِبَادَكَ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ وَمَا قَبْلَهٗ وَمَا بَعْدَهٗ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبِحَقِّ الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ اٰمِیْن اٰمِیْن بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ بہت آزمودہ اور معتبر ہے ۔ (الحمدللہ ہر سال میں خود اور میرے اہل و عیال پڑھتے ہیں ۔ مؤلف)

مریض کی فوری شفا کے لئے

قوامیس الدرر میں لکھتے ہیں کہ اس دعا کو تین مرتبہ مریض کے سرہانے پڑھے ۔ تو اثرِ صحت ظاہر ہوگا ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَدِیْمٌ اَزَلِیٌّ یُزِیْلُ الْعِلَلَ وَھُوَ قَدِیْمٌ بِالْاَزَلِیَّةِ لَمْ یَزَلْ وَلَا یَزَالُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ملحقات

جلد اوّل

مجرّب برائے بادی بواسیر

عنب الثعلب ۱۰ گرام، گز انگبین ۱۰ گرام، راسن ہندی ۱۰ گرام، کوہانِ شُتر ۱۰ گرام شحم حنظل ۵ گرام، خوب کلاں ۵ گرام۔

کوہانِ شُتر کے علاوہ تمام اجزاء کو اس قدر پیسیں کہ ان کا تیل نکل آئے۔ پھر کوہانِ شتر گھی میں ڈال کر اتنا گرم کریں کہ پانی کی طرح ہو جائے۔ اس کے بعد ان اجزاء کو روغنِ کوہانِ شتر میں ڈال کر اس قدر ہلائیں کہ وہ مرہم بن جائے اگر مرہم نہ بنے تو دو تین قطرے پانی کے ڈال دیں تو مرہم بن جائے گی۔ پھر اس کی ہاتھ سے بتیاں بنا لیں۔ ہر روز ایک بتی تین چار روز تک استعمال کرائیں تو وہ مادہ کو خارج کر دے گا اس کے بعد تا زیست کبھی بھی بواسیر نہیں ہوگی۔

بچّوں کے جلدی بولنے کے لئے

چند عدد خمرو (یاہو) کے انڈے لیں اور ہر روز صبح دو انڈوں کی زردی پکا کر دیں اور وہ بچہ اس کو نگل لے تو اس بچے کی زبان جلدی کھل جائے گی اور وہ خوش تقریر اور فصیح و بلیغ ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے ورم و زخمِ چشم

دو عدد عناب، ایک گندم کے دانے کے برابر افیون اور مغز بادام شیریں لے کر چربی کے

ساتھ آبِ انار میں پیس کر آنکھ پر لیپ کریں تو آنکھ کا زخم ٹھیک ہو جائے گا۔

برائے دردِ قولنج و دیگر تمام دردہا

مقل، مرکی اور مصطگی قلمی ہم وزن اور کوزہ مصری تمام وزن سے دوگنا، گلاب کے ساتھ خمیر کر کے بڑے چنے جتنی گولیاں بنالیں، ہر روز صبح دو گولیاں کھائیں تو دردِ قولنج اور دیگر تمام درد ختم ہو جائیں گے خصوصاً باد قولنج اور ہر قسم کے قولنج کے لئے بہت سودمند ہے۔

بادی و خونی بواسیر

ہلیلہ زرد، ۵ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۵ گرام۔ بلیلہ کابلی (بہیڑہ) ۵ گرام۔ مقل ازرق (گوگل) ۵ گرام۔ ان کو کوٹ کر آبِ گندنا سبز میں خمیر کر کے تقریباً بڑے بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور ان کے دو حصے کر لیں۔ آدمی گولیاں ایک رات اور باقی آدمی گولیاں ایک رات چھوڑ کر دوسری رات استعمال کریں۔ بادی اور خونی بواسیر کے لئے نافع ہے۔

برائے جمیع حوائج شرعیہ

خلوت میں بیٹھ کر سورۂ یٰسین ایک مرتبہ اس طریقہ سے پڑھیں۔ جب پہلی "مبین" پر پہنچیں تو دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں اور اس کو بند رکھیں، دوسری "مبین" پر اس کے ساتھ والی انگلی بند کریں۔ تیسری "مبین" پر درمیانی انگلی، چوتھی "مبین" پر شہادت کی انگلی اور پانچویں "مبین" پر انگوٹھا بند کریں اور چھٹی "مبین" پر بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کریں۔ اور ساتویں "مبین" پر اس کے ساتھ والی انگلی بند کریں۔ اس کے بعد سورۂ یٰسین کو آخر تک مکمل کریں۔

اس کے بعد ہر انگلی کیلئے ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی وھم فیھا خلدون تک پڑھیں۔ جس طرح انگلیاں بند کی تھیں اسی ترتیب سے دائیں ہاتھ کی انگلیاں کھولنا شروع کریں۔

اور جب ساتویں مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں تو ساتویں انگلی کھول دیں۔ اور آیۃ الکرسی بھی سات مرتبہ مکمل ہو جائے گی۔ مجرب ہے، غفلت نہ کریں۔ انشاء اللہ۔ یہ یادگار عمل لکھا گیا ہے۔

سفیدئ دندان اور مسوڑھوں کی مضبوطی کیلئے

دانتوں کو سفید کرنے، ان کی سفیدی کی حفاظت، مسوڑھوں کی مضبوطی اور منہ کو معطر کرنے کے لئے کوئلے کا تھوڑا سا باریک خاکہ اور نمک چھان کر اور ایک انگلی کی لمبائی کے برابر اس مسواک کی لکڑی جو حجاز سے لائی جاتی ہے (یعنی جال کے مسواک) کو باریک پیس کر اور کپڑے میں چھان کر سب کو ملا کر سفوف بنالیں اور ہر روز صبح دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں۔ یہ ہر قسم کے ٹوتھ پیسٹ اور ٹوتھ پاؤڈر سے بہتر اور مفید تر ہے۔

برائے بلڈ پریشر

فشارِ خون کو روکنے کے لئے زیتون کے پتوں کو چائے کی طرح پکا کر دَم کر کے پئیں، بلڈ پریشر کے لئے بے نظیر ہے۔ ایضاً زرِ شک سیاہ اسی طرح پکا کر پینا بھی مُؤثر ہے۔[1]

برائے نکسیر

انار کے درخت کی لکڑی کے ساتھ اسی خون سے اس کی پیشانی پر لکھے: "مادر کیقباد دختر زاد" یا یہ کلمہ پڑھے: "اھمن آمد بھمن" یا یہ جملہ جو واقعتاً عجیب و غریب

---

[1] تازہ کھیرا بغیر نمک کے، ایک صبح، ایک عصر اور ایک عدد رات سونے سے پہلے کھائیں۔

- ● صبر زرد کو مہندی میں خمیر کر کے پاؤں کے تلوؤں پر لگائیں تو بلڈ پریشر نیچے آجائے گا۔
- ○ عناب کو جوش دے کر کپڑے میں چھان کر پئیں بہت مؤثر ہے۔
- ○ بلڈ پریشر میں بینگن، ٹماٹر، نمک، ہندوانہ سے پرہیز کریں۔ خصوصاً فولاد والی چیزوں، پالک وغیرہ سے اجتناب کریں (از نسخہ عطار مترجم۔

ہے، لکھے اور مریض کے پہلو میں رکھ دے، جملہ یہ ہے۔ لعنت خدا بر آن زنے کہ ناخن طفلش را دوز شنبہ بگیرد و دین آن زن بر تو اے خون اگر بند نیائی" آخری جملہ آزمودہ ہے اس جملہ کی علت خود حقیر بھی نہیں جانتا کیونکہ یہ جملہ بڑا مضحکہ خیز نظر آتا ہے

برائے ذیابیطس (شوگر)

میتھی کے بیج پیس کر ہر روز ۲½ گرام کھائیں۔[1]

مفید ترین نسخہ برائے ضیق النفس و پرانا دمہ

ایک عدد انار شیریں لے کر تانبے کی پلیٹ یا پیالے میں رکھ کر اس کے چھلکے کو اوپر سے تھوڑا سا اس طرح کاٹے کہ اس کے دانے صحیح و سالم رہیں اور اس کو نرم آگ پر رکھ دے، تاکہ اس کو جوش آجائے ۲۰ یا ۲۵ گرام روغن بادام شیریں قطرہ قطرہ اس پر ڈالے اور اس کو دانوں کے ساتھ جوش آ جائے۔ جب انار نرم ہو جائے تو اس کو ایک صاف کپڑے میں ڈال کر نچوڑ کر ہر روز ایک چمچ پئے۔ یہ خوش مزہ اور لذیذ شربت بن جائے گا۔

برائے دردِ سینہ

سپستان ۲۰ گرام، اور تین پیالیاں پانی ایک کیتلی میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ تیسرا حصّہ

---

[1] شوگر کے مریض کو تنور کی نیم سوختہ روٹی کھانی چاہیئے۔

- شیر خشت ۱۰۰ گرام، ۲ لیٹر آب تربوز میں مخلوط کر کے نہار منہ استعمال کرے۔
- اگر چائے کی عادت ہو تو خشک شہتوت کے ساتھ استعمال کرے۔
- اخروٹ کے درخت کے پتے خشک کر کے ۲۰ گرام پکا کر روزانہ تین مرتبہ پینا شوگر کو ختم کرنے کے لئے بہت نافع ہے۔ (از نسخہ عطار) مترجم۔

باقی رہ جائے، دو تین روز پئیں۔

برائے زخمِ معدہ

شیریں بیان (مُلٹھی) ۱۰ گرام پانی میں پکا کر دَم کر کے ہر روز آدھی پیالی پیئے [1]

بے نظیر نسخہ

برائے تجدیدِ قوائے جسم، بدن کی توانائی، اصلاحِ خون اور تکثیرِ قوّتِ باہ۔

ایک چھٹانک آرد گرسنہ، ایک چھٹانک غبارِ تلقیحِ نخل (یعنی وہ سفوف جو عرب لوگ کھجور کے درختوں کو پھلدار کرنے کے لیئے ان پر چھڑکتے ہیں) اور ایک چھٹانک شکر تیغال۔ تمام اجزاء کو مخلوط کر کے معجون بنالیں اور ہر روز ایک چمچ کھائیں۔ (از تحفہ حکیم مومن)

برائے دردِ چشم

سیّد ابن طاؤس فرماتے ہیں کہ اسماعیل الحضرمی نابینا ہوگیا خواب میں اس کو یہ دعا تعلیم کی گئی۔ اس نے اس کی مداومت کی تو وہ بینا ہوگیا (بینائی واپس آگئی)

"يَا قَرِيبُ يَا مُجِيبُ يَا سَمِيعَ الدُّعَآءِ
يَا لَطِيفًا لِمَنْ يَشَآءُ رُدَّ عَلَيَّ
بَصَرِيْ "

---

[1] مثل ازرق مسلسل چار راتیں، ہر رات ۲½ گرام استعمال کریں۔

○ زخمِ معدہ کے مریض کے لئے مالٹا بہت ہی سودمند ہے لیکن مالٹا میٹھا ہونا چاہیئے۔

○ زخمِ معدہ کے مریض کو شربت، لسی، پیاز، بینگن اور کچی سبزیوں سے اجتناب کرنا چاہیئے۔ (از نسخہ عطار) مترجم۔

برائے اداءِ قرض

مہج الدعوات سید ابن طاؤس میں ہے۔ یہ دعا ہر روز جمعہ پڑھنے میں مداومت کرے تو خداوندِ عالم اس کا قرض ادا فرمائے گا۔ "اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ"

ایضاً یہ زیادہ پڑھے۔ حمد، استغفار اور سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَاَسْتَغْفِرُاللّٰهَ وَاَسْئَلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ۔

عملِ عجیب برائے وسعتِ رزق

۲۷ ر رمضان المبارک کی رات جو لیلة التخطخة مشہور ہے، سات دانے جو کے لیں۔ اور ہر جو کے دانے پر سات سو مرتبہ "یا رزاق" بعد از نماز مغرب و عشاء آدھی رات سے پہلے تک پڑھے۔ یہ کل چار ہزار نو سو مرتبہ ہو جائیں گے۔ پھر وہی ساتوں دانے اپنی رقم کے بٹوے میں رکھ دیں تو بٹوہ کبھی بھی پیسوں سے خالی نہیں رہے گا۔ اگر بٹوے کی رقم کو شمار کرے یا بٹوے کو خالی کرے گا تو بٹوے سے برکت ختم ہو جائے گی۔

ایضاً:۔ ۲۷ ر رمضان المبارک کے دن سنار کو کہیں کہ وہ چاندی کی ایک انگوٹھی بنائے اور اس پر کہیعص یا حمعسق یا یٰس یا سورتوں سے پہلے جو حروفِ مقطعات ہیں مثلاً ن، ق وغیرہ میں سے کوئی حرف کندہ کرے اور اپنے پاس رکھے۔ یہ بھی برائے وسعتِ رزق مؤثر ہے۔

ایضاً:۔ ۲۷ ر رمضان المبارک کی شب بعد از نماز مغرب و عشاء ایک سوتی دھاگہ لے اور اکتالیس مرتبہ سورۂ انا انزلنہ یا سورۂ قل ھو اللہ احد پڑھ کر دم کرے اور دھاگے پر ایک گرہ لگائے اسی طرح اکتالیس گرہیں لگائے یعنی ہر گرہ پہ اکتالیس مرتبہ

سورۂ قدر یا سورۂ اخلاص پڑھے، جیب یا بٹوے کی برکت کے لئے بہت ہی مجرب ہے۔ سال بسال تجدید کرے۔

ایضاً:۔ برائے وسعتِ رزق آزمودہ ہے۔ بعد از نماز صبح بارہ دن، ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھے "یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ"

ایضاً:۔ بارہ دن، ہر روز دو ہزار مرتبہ بعد از فرائض "یا غنی" پڑھے۔

ایضاً:۔ بارہ روز ہر روز بعد از نماز صبح ایک ہزار مرتبہ "سورۂ الم نشرح" پڑھے لیکن درمیان میں قطع نہ ہو، مجرب ہے۔ اگر بعد از نماز صبح جمعرات یا سوموار یا منگل کے دن شروع کرے تو برائے حوائج بہت ہی مؤثر ہے۔

برائے گمشدہ

جن پر گمان ہو ان کا نام الگ الگ کاغذ پر لکھ کر گوندھے ہوئے آٹے میں رکھیں۔ اور پانی میں ڈال دیں جو پانی کے اوپر رہ جائے وہی چور ہوگا۔

واذ قتلتم نفسا فادارءتم فیھا واللہ مخرج ما کنتم

تکتمون باسم فلان بن فلان

ایضاً:۔ اسی مقصد کے لئے۔ ان لدینا انکالا و جحیما و طعاما ذا غصۃ و

عذابا علیما کیھج کیھج کککیھج

برائے وسعت حافظہ:۔ چالیس روز، ہر روز بیس مرتبہ پڑھے "یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اٰخِرُہٗ۔ اور ہر روز ستر مرتبہ "اَلْفَتَّاحُ" پڑھے۔

ترتیب نیک و بد ساعات یومیہ

ہفتہ

اوّل روز متعلق بہ زحل ہے جو دوستی اور محبت کے لئے مناسب ہے۔ نیم چاشت کا وقت مشتری سعد ہے۔ نزدیکِ زوال مریخ ہے جو دشمنی کے لئے مناسب ہے۔ نماز ظہر کا وقت سعد ہے۔ ظہر و عصر کی نمازوں کے درمیان زہرہ سعد ہے۔ نمازِ عصر کا وقت عطارد برائے زبان بندی۔ آخرِ روز قمر سعد ہے۔

اتوار

اوّل روز شمس سعد ہے۔ نیم چاشت کا وقت زہرہ سعد ہے، نزدیکِ زوال عطارد برائے زبان بندی۔ نماز ظہر قمر سعد ہے۔ دو نمازوں کے درمیان زحل نحس ہے۔ نماز عصر مشتری سعد اور آخر روز مریخ نحس ہے۔

سوموار

اوّلِ روز قمر سعد، نیم چاشت نحس، نزدیک زوال مشتری سعد، نماز ظہر مریخ نحس ہے۔ دو نمازوں کے درمیان شمس سعد، نماز عصر زہرہ سعد، اور آخرِ روز عطارد زبان بندی۔

منگل

اوّل روز کا مریخ سے تعلق ہے اور نحس ہے، نیم چاشت شمس سعد، نزدیکِ زوال زہرہ سعد ہے، نماز ظہر زبان بندی، دو نمازوں کے درمیان قمر سعد، نماز عصر زحل نحس، اور آخر روز مشتری سعد ہے۔

بدھ

اول روز عطارد زبان بندی، نیم چاشت قمر سعد، نزدیکِ زوال زحل نحس، نمازِ ظہر مشتری سعد، دو نمازوں کے درمیان مریخ نحس، نمازِ عصر شمس سعد، اور آخرِ روز سعد ہے اور زہرہ سے تعلق رکھتا ہے۔

جمعرات

اوّل روز کا مشتری سے تعلق ہے اور سعد ہے، نیم چاشت مریخ سعد، نزدیکِ زوال شمس سعد، نمازِ ظہر زہرہ سعد، دو نمازوں کے درمیان عطارد زبان بندی، نمازِ عصر قمر سعد ہے اور آخرِ روز زحل نحس ہے۔

جُمعہ

اوّل روز زہرہ سعد ہے، نیم چاشت عطارد زبان بند، نزدیکِ زوال قمر سعد ہے نمازِ ظہر زحل نحس ہے، دو نمازوں کے درمیان مشتری سعد ہے، نمازِ عصر مریخ نحس اور آخرِ روز شمس ہے اور سعد ہے۔

فائدہ

طبیعتِ چار عناصر
آتش گرم و خشک ہے "صفراء"۔ آب سرد و تر ہے "بلغم"
خاک سرد و خشک ہے "سوداء"۔ ہوا گرم تر ہے "خون"

مجرّب نسخہ برائے خشک و تر سوداء

علف ہفت بند، شاہترہ، تربوز کا چھلکا، ہر ایک کا وزن مساوی ہو۔ پہلے علف کو اچھی طرح کوٹ پیس لیں، اگر خشک ہو تو دھنیا کے پانی کے ساتھ مخلوط کر لیں اور تھوڑے سے شاہترہ کا بھی اس پر اضافہ کریں۔ اور تربوز کے چھلکے کو خشک کر کے ان تمام چیزوں کو گائے کے دہی میں اچھی طرح

ملا کر مالش کریں، اگر زخم خشک ہو تو تربوز کے چھلکے کو پیس کر اس پر چھڑک دیں۔ کئی مرتبہ تجربہ شدہ ہے۔

حصّہ ادویات

علاج مطلق سر درد

سر درد کا سبب خواہ خونی، بلغمی، سوداوی وصفراوی ہو یا کوئی دوسرا سبب ہو تو گل خطمی و بنفشہ دس دس گرام اور گندم کے آٹے کا چھان تیس گرام، سب کو پانچ پیالے پانی میں اُبالیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو اتار کر نیم گرم میں دھوئیں۔

نیز دھنیا کے پانی کو عرق گلاب اور سرکہ میں ملا کر پیشانی اور ناک پر ملیں تو سر درد ٹھیک ہو جائے گا اور دونوں پاؤں کو گرم پانی میں رکھنا بھی مفید ہے۔

بخورِ صداع (سر درد کی بھاپ)

عرطنیثا ۵ا گرام، گل بابونہ ۱۵ گرام، گل نیوفر ۱۵ گرام، بنفشہ ۲۰ گرام، پوست خشخاش ۲۵ گرام، تخم کشنیز ۱۵ گرام کو پانی میں جوش دیکر سر کو بھاپ دیں۔

نیز پرانے سر درد کے لئے افیون، کافور، زعفران، عرق گلاب، کشنیز اور آبِ کاہو کو مخلوط کر کے پیشانی پر ملیں۔

دھوپ کی وجہ سے سر درد کا مجرّب علاج

ایک عدد حب کافور کو ۱۰ رتی روغنِ بنفشہ میں حل کریں۔ جس وقت سر درد ہو اس

وقت چند قطرے ناک میں ٹپکائیں اور اسی طرح پاشویہ یعنی گرم پانی کے ساتھ پاؤں دھوئیں اور پاؤں کے اردگرد گلاس لگوانا بھی بہت سودمند ہے۔

تعویذ برائے سر درد

ابن عباس نے کہا کہ یہ علم خزانہ اور پوشیدہ راز ہے اس کو لکھ کر رومال کے ساتھ سر پر باندھیں :- بسم الله الرّحمٰن الرّحيم ذلك تخفيف من ربّكم ورحمة يريد الله ان يخفف عنكم وخلق الانسان ضعيفًا بسم الله الرّحمٰن الرّحيم الآن خفف الله عنكم وعلم ان فيكم ضعفا بسم الله الرّحمٰن الرّحيم حم عٓسٓقٓ بسم الله الرّحمٰن الرّحيم الم تر الى ربك كيف مدّ الظّل ولو شآء لجعله ساكنا بسم الله الرّحمٰن الرّحيم وله ما سكن فى الّيل والنهار وهو السميع العليم

ايضاً

بسم الله الرحمٰن الرّحيم كهيعص ذكر رحمة ربّك عبده زكريا اذ نادى ربّه ندآءً خفيا الم تر الى ربك كيف مدّ الظّل ولو شآء لجعله ساكنا كهيعص حم عٓسٓقٓ كم لله من نعمة على عبد شاكر وكم من نعمة لله فى كلّ قلب خاشع وكم من نعمة لله فى كُلّ عرق ساكن اذهب ايها الصّداع بعزّ عزّ الله وبنور وجه الله وله ما سكن فى الّيل والنّهار وهو السميع العليم ولا حول ولا قوّة الّا بالله العلىّ العظيم وصلى الله على سيّدنا محمّد خاتم النّبيّن وآله وعترته الطّاهرين۔

معجون دندان فیل برائے قوتِ باہ

دندانِ فیل	زرنباد	ہل (الائچی خورد)	شقاقل	بہمن سفید	جائفل
۲۵ گرام	۲۵ گرام	۲۵ گرام	۱۵ گرام	۲۵ گرام	۱۵ گرام
دارچینی	زنجبیل	حب المحلب	مصطگی	زعفران	تخم السی
۲۰ گرام	۲۰ گرام	۱۵ گرام	۱۰ گرام	۱۰ گرام	۱۵ گرام
تخم خرفہ	نبات بندری	شہد			
۱۵ گرام	۵۰ گرام	۳۵۰ گرام			

معجون فریادرس

افیون	زعفران	فلفل سفید	فلفل سیاہ	سنبل الطیب	تخم کرفس
۱۲½ گرام	۷½ گرام	۱۲½ گرام	۱۲½ گرام	۵ گرام	۳½ گرام
دارچینی	عاقرقرحا	حب بلسان	فرفیون	اجوائن خراسانی	سادج
۲½ گرام	۲½ گرام	۳۰ گرام	۲½ گرام	۲۵ گرام	۲½ گرام

تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں خمیر کر کے گولیاں بنا لیں۔ ہر روز تین گولیاں کھائیں

برائے تقویتِ جسم و دماغ

دس روز تک ہر روز ایک کلو گوسفند، گائے یا گائے کے بچھڑے کی ہڈیاں ایک دیگچی میں دس پیالیاں پانی ڈال کر آگ پر پکائیں، جب دو پیالیاں باقی رہ جائیں تو کسی برتن میں ڈال کر ایک رات زیرِ آسمان رکھیں اور صبح ایک پیالی آبِ انگور ملا کر پیئیں، تمام عضوی اور استخوانی امراض میں سود مند ہے حتیٰ کہ مرضِ مہلک سرطان، عرق النسا اور جوڑوں کے

دردوں کو روکنے کے لئے مفید ہے ۔

انجیر

تفسیر طنطاوی جوہری میں انجیر کے چھبیس فائدے ذکر کئے گئے ہیں۔ خصوصاً سینہ اور پھیپھڑوں کے امراض اور آواز کو صاف کرنے کے لئے مفید ہے ۔

یرقان

یہ وہ مرض ہے کہ بدن اور آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں اور اس کا سبب کثرتِ صفراء ہے یرقان کی بیماری کو دُور کرنے کے لئے آبِ کاسنی استعمال کریں اور اگر اس سے آرام نہ آئے تو سکنجبین دیناری نوش کریں۔

برائے رفع اسہال

حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ برائے رفع اسہال تھوڑے سے چاول دھو کر سایہ میں خشک کر لیں اور ان کو آگ پر بھون کر پیس لیں۔ اور ہر صبح اس میں سے تھوڑا سا کھائیں۔

علاجِ جذام

برائے معالجہ جذام ہر روز بیماری کی جگہ کو آڑو کے پتوں کے پانی کے ساتھ تین دن تک دھوئیں اور سپاری کو جلا کر اس کی راکھ کو گائے کے گھی میں ملا کر مرہم بنا لیں اور زخم کی جگہ پر لگائیں۔ بعد ازاں انگور کے پتے لے کر مُورد (حب الآس) کے ساتھ پیس لیں اور گائے کے گھی میں ملا کر مرہم بنا کر آڑو کے پتوں کے پانی کے ساتھ دھوئیں اور یہ مرہم صبح

شام زخموں پر لگائیں تو مرضِ جذام برطرف ہو جائے گا۔

مرضِ جذام

جذام وہ زخم ہیں جو اعضائے بدن کو کھا جاتے ہیں ۔ اس کی علامت زخموں کا سیاہ اور سبز ہونا ہے ۔

جس شخص کو جذام ہو جائے اور ہر وقت اس کے زیادہ ہونے کا ڈر ہو تو اُسے چاہیئے کہ گل ارمنی اور سرکہ زخموں پر ہمیشہ ملتا رہے ۔ اگر سرکہ ، گلاب اور صندل کو طلا کرے تو بھی مفید ہے۔

برائے موٹاپا

اگر بوریدان کو دودھ اور چاول کے آٹے کے ساتھ حلوا بنا کر کھائیں تو جسم کو موٹا کر کے چہرے کی رنگت کو بھی خوبصورت بنا دے گا۔

نیز بادام ، فندق ، ملتشر مغزون ، مغز پستہ ، شاہ دانہ اور دانۂ صنوبر، بدن کو فربہ، چہرے کو خوبصورت اور قوتِ باہ کو تقویت دیتا ہے

برائے حاملہ شدن عورت

اگر عورت پنیر مایۂ خرگوش لے کر اسے سایہ میں خشک کر کے کوٹ لے اور اسے شہد میں ملا دے اور جب حیض سے پاک ہو جائے وہ کھائے تو وہ حاملہ ہو جائے گی۔

جس وقت عورت کو برائے حمل دوا دیں تو پہلے تشخیص کریں کہ اس کا مزاج سرد ہے یا گرم ۔ اگر مزاج سرد ہو تو اس کو گرم دوا دیں اور اگر گرم ہو تو سرد دوا دیں

علاج تپ و تپ لرز

دھنیا اور ترہ (گندنا) کو اسپند کے ساتھ کوٹ لیں اور اس کو چھان کر اس میں تھوڑی سی چینی مخلوط کر کے استعمال کریں۔

باری کا بخار

باری کا بخار اگر گرمی کی وجہ سے ہو تو تین یا چار دن صبح کے وقت ایک پیالہ آبِ انگور میں تھوڑی سی زنجبیل (سونٹھ) پیس کر اس میں ڈال کر پیئیں اور اگر سردی کی وجہ سے بخار ہو تو تخم بالنگو کو کوزہ مصری میں جوش دے کر ہر روز صبح استعمال کریں۔

علاجِ قولنج اور دردِ شکم

مالٹے کے بیج کوٹ کر گرم پانی کے ساتھ شیرہ نکال کر پیئیں۔

زخمِ مثانہ

زخمِ مثانہ کی علامت پیشاب میں خون، سوزش اور بدبو ہے۔

علاج سفوف مذمل ۱۰ گرام، شربت ریباس ۵۰ گرام میں حل کر کے کچھ مدت تک ہر روز پیئیں۔

طریقہ سفوف مذمل: مغز کھیرا، مغز تخم بادنگ، مغز خربوزہ ہر ایک ۱۰ گرام گل ارمنی، کتیرا، نشاستہ اور تخم خرفہ ہر ایک اڑھائی گرام، تمام اشیاء کو کوٹ چھان لیں۔ سفوف مذمل تیار ہے

سلس البول

سلس البول یعنی بے اختیار اور قطرہ قطرہ پیشاب آنا۔ یہ اگر سردی کی وجہ سے ہو تو اس کی علامت عدم تشنگی اور پیشاب کا بغیر سوزش کے نکلنا ہے۔

علاج کندر اور سعد (ناگرموتھ) ہموزن لے کر اس کو کوٹ چھان لیں اور اس میں چینی ملا کر استعمال کریں تو سلس البول سے نجات حاصل ہوگی۔[1]

بچّوں کا نیند میں پیشاب کرنا

مرمکی اور سیاہ دانہ (کلونجی) کو شہد میں کھرل کر کے بچّے کو سوتے وقت کھلائیں۔

برائے دردِ سینہ و کھانسی

تخم مرو، تخم ریحان، تخم بالنگو، قدومہ (تودری) لعاب بہدانہ، اسپغول ہر ایک پانچ گرام عناب دس عدد، سپستان (لسوڑیاں) دس عدد، انجیر پانچ عدد، تمام کو جوش دے کر پئیں۔

کھانسی اور آواز کا بیٹھ جانا

مغز بادام، تخم السی بھون کر دس دس گرام، بادیان رومی پانچ گرام، پچاس گرام چینی میں مخلوط کر کے گولیاں بنالیں اور زبان کے نیچے رکھ کر چوسیں۔

---

[1] روغن زیتون ۲۰ گرام میں گاجر کا بیج پیس کر آٹا ملائیں کہ وہ خمیرہ بن جائے تین راتیں سوتے وقت کھائے۔

- مومیائی کو دیسی گھی میں حل کر کے رات سوتے وقت ایک چائے کا چمچ استعمال کریں۔
- ۱۰ گرام تخم کاہو خشک کو منہ میں ڈال کر اوپر سے ٹھنڈا پانی پئیں۔

(از نسخۂ عطار) مترجم

خفقان

عنبر پانچ گرام پگھلالیں، چینی و مشک ہر ایک اڑھائی گرام پیس لیں اور سب کو بیس گرام روغن نیلوفر میں مخلوط کرکے کھرل کریں اور کھائیں۔

علاجِ بے ہوشی

آبِ پودینہ کو آبِ انار ترش کے ساتھ چند روز صبح کے وقت پیئیں۔

برائے دفع قے

قے حرکتِ معدہ سے عبارت ہے اس طرح کہ معدہ سے کوئی چیز منہ کے ذریعے خارج ہو۔

اس کا علاج یہ ہے کہ دو سو چالیس گرام چینی ایک سو گرام رُبِّ بہ میں مخلوط کرکے کھائیں[1]

آدھے سر کا درد

۴ کلو گائے کے دودھ میں پنیر مایہ ڈال دیں تاکہ دہی بن جائے اس کے بعد اسے کسی کپڑے میں ڈال کر اس کا زرد پانی نکال لیں اور اس زرد پانی کو نرم آنچ پر رکھ دیں تاکہ وہ پھٹ جائے اور جو زرد پانی اس سے حاصل ہو اسے لے کر ۵۰ گرام ترنجبین

---

[1] ۲۰ گرام طباشیر صدفی کو باریک کرکے ایک لیٹر عرق پودینہ میں مخلوط کرلیں اور ہر پندرہ منٹ کے بعد ایک کپ پیئیں تو قے رک جائے گی۔

★ مالٹے کا خشک، چھلکا باریک کرلیں اور شہد میں ملاکر کھائیں۔ (از نسخہ عطار) مترجم

میں اس کا شیرہ نکال کر ایک دن میں مریض پی لے تو درد رفع ہو جائے گا۔

گنجے پن کا علاج

اگر کسی بچے کے سر کے بال کسی بیماری کی وجہ سے گر جائیں تو سب سے پہلے بچے کے سر کو مکمل طور پر صاف کرلیں تاکہ بچے کے سر پر کوئی بال نہ رہے اس کے بعد درختِ کاج کا پھل (کاجو) جلا کر اور اس کی راکھ کو بغیر نمک گوشت کی جھاگ کے ساتھ ممزوج کرکے ۳۲ مرتبہ بچے کے سر پر ملیں اس کا گنجا پن دور ہو جائے گا اور اس کے بال اُگ آئیں گے

سر کے بال اُگانے کیلئے

سیاہ کوا لے کر اس کے تمام پر جلا کرلیں اور اس کو کسی گڑھے میں گھوڑے کی لید کے نیچے پنہاں کر دیں اتنی مدت پڑا رہے کہ وہ متعفن ہو جائے اور اس میں کیڑے پڑ جائیں اور جب تمام کیڑے ایک دوسرے کو کھا جائیں اور صرف ایک کیڑا بچ جائے تو اس کیڑے کو کسی برتن میں دھوپ میں رکھ کر خشک کرکے باریک پیس لیں اور روغن زیتون کے ساتھ مخلوط کرکے جس جگہ بال نہیں ہیں وہاں لگائیں۔ لیکن اس روغن کو کسی کپڑے یا روئی کے ساتھ لگائیں اگر ہاتھ سے لگایا تو ممکن ہے کہ ہاتھ پر بھی بال اُگ پڑیں۔

بالوں کو گرنے سے روکنے کیلئے

اگر کنگھی کرنے سے سر کے بال گرتے ہوں تو کھجور کی گٹھلیوں کو جلائیں اور روغن زیتون کے ساتھ ملا کر بالوں کی جڑوں میں لگائیں تو بال سخت اور مضبوط ہو جائیں گے۔

برائے دفع بالچر

چند مرتبہ گائے کے دہی کے ساتھ سر کو دھوئیں۔

برائے بال صفا

اگر بھیڑ یا دُنبی کا کچا مغز چونے کے ساتھ ممزوج کر کے جس جگہ بھی مل دیں اس جگہ پر بال نہیں اُگیں گے

دردِ سرِ دموی سر درد صفراوی

یعنی وہ سر درد جو غلبۂ خون کی وجہ سے ہو۔ عرق گلاب، آبِ لیموں اور چینی کا شربت بنا کر پیئے اور غذا میں ماش اور مسور کھائے۔

شربت مذکور بنانے کا طریقہ | سات چمچ پانی میں قند سفید حل کر کے ½ چمچ عرق گلاب اور ایک چمچ آبِ لیموں ملا کر نہار منہ استعمال کریں

سر درد بلغمی

یعنی وہ سر درد جو بلغم کی وجہ سے ہو اس کی علامت گرانیٔ سر نیند کی زیادتی سستی اعضاء، منہ کے پانی کی زیادتی اور سفیدی قارورہ ہے

علاج :۔ اگر ماہو دانہ کو مرغ کے گوشت کے ساتھ پکائیں اور اس کا شوربا پئیں تو بلغم اور صفرا بالکل نہیں رہیں گے۔

مُسہِل برائے بلغمی بیماری

شہد کی گلقند | تازہ سُرخ گلاب کی پتیاں ایک کلو کوٹ کر دو کلو شہد میں ملا دیں

اور چالیس روز دھوپ میں رکھیں، گلقند تیار ہے۔ یا خشک سُرخ گلاب کی پتیاں آدھ مٹھی پیس کر عرق گلاب میں تر کر کے تقریباً دو گھنٹے رکھ دیں، پھر ایک پیالی شہد میں ملا کر دو تین جوش دیں اور پئیں۔

سردرد سوداوی

یعنی اگر سردرد کا سبب سودا ہو تو شربت افتیموں پئیں، غذائیں چپے کھائیں اور روغن بابونہ اور روغن بادام کا طلاء کریں۔

سردرد سوداوی میں روغن بنفشہ اور روغن بابونہ کو مخلوط کر کے سر پر ملنا بھی نافع ہے۔

سردرد بوجہ گرمیٔ آفتاب

وہ سردرد جو سورج کی گرمی کی وجہ سے حادث ہو اس کی علامت سر کی گرمی اور منہ کی خشکی ہے۔ آبِ گل خطمی اور لعاب سیغوس مِلا کر طلاء کریں۔

سردرد از سردی

وہ سردرد جو سردی کی وجہ سے عارض ہو تو مُرمکی ۲½ گرام کوٹ لیں۔ عنبر اور لادن ۵ گرام آپس میں ملا دیں، مشک ۲½ رتی، روغن بابونہ یا روغن زیتون ۵۰ گرام گرم کر کے تمام چیزیں اس میں اچھی طرح مخلوط کر لیں اور وقفے وقفے سے نیم گرم طلاء کریں۔

دردِ شقیقہ

اگر کوئی شخص دردِ شقیقہ کے عذاب میں مبتلا ہو تو گوند کیکر ۵ گرام، افیون ۲½

گرام، زعفران ۲½ رتی تمام کو کوٹ کر عرقِ گلاب میں خمیر کر لے اور کسی کاغذ پر لیپ کر کے درد شقیقہ کی جگہ پر چسپاں کر دے۔

نسخہ برائے تقویتِ حافظہ

یہ نسخہ منہاج العارفین سے لیا گیا ہے۔
سعد ہندی، اسنا کی، فلفل سفید، کندر سفید دریائی، زعفران تمام ہموزن لے کر کوٹ لیں اور شہد کے ساتھ مخلوط کر کے ہر روز ۵ گرام سات دن تک کھائیں (مزاج کا لحاظ رکھا جائے۔ مؤلف)

علاجِ نسیان

نسیان یعنی فراموشی، بلغمی مزاج میں اس کی علامت گرانیٔ سر، ناک کی رطوبت، منہ سے پانی بہنا اور نیند کی زیادتی ہے۔ برائے رفعِ نسیان اگر ۵ گرام کندر کو پانی میں بھگو کر اس سے ہر روز پئیں تو بلغم کے لئے نافع ہے، قوتِ حافظہ کو زیادہ کرتا ہے اور ذہن کو جلا دے کر دفعِ نسیان کرتا ہے۔

بے خوابی

بے خوابی جو حد سے گزر گئی ہو، اگر وہ صفرا کی وجہ سے ہو تو اس کی علامت آنکھ اور ناک کی خشکی اور زردیٔ پیشاب ہے۔
گل بنفشہ تازہ ۵، گرام، روغن بادام ۵۰۰ گرام، شیشہ کے برتن میں رکھ کر چالیس روز تک دھوپ میں رکھیں یا گل بنفشہ خشک آدھی مٹھی ایک پیالی پانی میں اتنا ابالیں کہ آدھی پیالی رہ جائے۔ پھر آدھی پیالی روغن بادام میں جوش دے کر سر پر ملیں۔

فالج کا علاج

فالج یعنی نصف بدن کی حس و حرکت کا ختم ہو جانا۔ بلغمی مزاج میں اس کی علامت چہرہ کی سفیدی، رطوبتِ ناک، فراموشی اور غلبۂ نیند ہے۔ اگر کسی پر فالج کا حملہ ہو جائے تو پہلے دن سے چوتھے دن تک سوائے شہد کے کوئی چیز نہیں کھانی چاہیے۔ ماءالعسل ۵۰ گرام کو نصف کلو پانی میں اتنا اُبالیں کہ ۲۵۰ گرام باقی رہ جائے اس کے تین حصے کریں اور ہر روز ایک حصہ ۲۵ گرام عرق گلاب کے ساتھ ملا کر گرم پئیں۔

یا یہ کہ لہسن ۱۰۰ گرام اور گوسفند کا دودھ ½ کلو کسی برتن میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ لہسن حل ہو جائے، پھر اس کے تین حصے کر کے ہر روز ایک حصہ استعمال کریں۔ غذا میں چنے کا شوربہ یا مرغ یا گوسفند یا ہرن کا گوشت کھائیں اور دہی ترشی اور سبزی سے پرہیز کریں۔

لقوہ

لقوہ یعنی چشم، چہرہ اور ہونٹوں کا ٹیڑھا ہو جانا۔

اگر یہ بسببِ رطوبت ہو تو اس کی علامت منہ و ناک کی رطوبت اور سفیدی و زیادتیٔ پیشاب ہے۔

لقوہ میں مومیائی کھانا اور ملنا فالج اور لقوہ دونوں کے لئے سودمند ہے۔

رعشہ

رعشہ اگر سرد و تر مادہ سے ہو تو اس کی علامت نسیان گرانیٔ اعضا اور عدمِ تشنگی ہے اور ممکن ہے رعشہ شراب کے پینے یا کثرتِ جماع کی وجہ سے ہو۔

رعشہ اگر برودت کی وجہ سے عارض ہوا ہو تو چاہیے کہ ہر روز دو گولیاں مومیائی اس

پانی کے ساتھ کھائے جس میں صعتر اور راسن کو ہی پکائے گئے ہیں۔

صرع (مرگی)

علامت مرگی گرانیٔ سر اور زبان کے نیچے کی رگوں کی سبزی ہے اگر کسی کو مرگی کی بیماری لاحق ہو جائے تو گوشت کھانے سے قطع نظر کرے اور اپنی گردن میں عود صلیب لٹکائے۔

برائے مرگیٔ اطفال

تھوڑی سی جدوار (نربسی) ماں کے دودھ میں پیس کر بچّے کو کھلائیں تو فوراً شفایاب ہو جائے گا۔

اگر تھوڑا سا پنیر مایہ خرگوش بچوں کو پلا دیا جائے تو مرگی کے مرض میں مبتلا ہونے سے محفوظ رہیں گے۔

سکتہ

سکتہ تمام اعضائے بدن کی حس و حرکت کے باطل ہونے سے عبارت ہے اگر سکتہ غم واندوہ کی وجہ سے ہو تو اس کی علامت رگوں کا پھول جانا۔ اور سُرخیٔ چشم وصورت ہے۔

جب صاحب سکتہ کا سانس بند ہو جائے کہ اس کی زندگی میں شبہ ہو، اگر دیکھتے وقت اس کی آنکھوں میں تیرا عکس نظر آ جائے تو وہ زندہ ہوگا بصورت دیگر مُردہ ہوگا۔

برائے رفع دردِ چشم

پانی کے برتن پر سر رکھ کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں۔

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ (سورۂ انبیاء آیت ۳۰)

آنکھ سے پانی بہنا

اس آیت کو پانی پر پڑھیں اور آنکھوں کو اُس پانی سے دھوئیں۔

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۔ (سورہ یوسف آیت ۹۳)

ضعفِ بصر

ضعفِ بصر یعنی قوّتِ بینائی کا کمزور ہونا۔

نظر کی کمزوری اگر بلغمی رطوبت سے ہو تو اُس کی علامت سفیدیٔ چشم اور غلبۂ خون ہے۔ کتاب تجمل راوندی میں ہے کہ ایک شخص کی نظر کمزور تھی اُس نے خواب میں دیکھا کہ کوئی اُس سے کہہ رہا ہے کہ یہ دعا پڑھ :- اُعِيْذُ بَصَرِيْ بِنُوْرِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يُطْفَاُ" اور اپنی آنکھوں پر اپنا ہاتھ مل۔ پھر آیت الکرسی پڑھ، اس نے ایسا کیا تو اُس کی نظر صحیح ہو گئی۔

گرانیٔ گوش

اگر بلغم کی وجہ سے ہو تو اُس کی علامت کدورتِ حواس، گرانیٔ سر اور بسیاریٔ خواب ہے اس کے علاج کے لئے تخمِ مرغ کی سفیدی مجربات سے ہے۔ نیز خرِ نر کی لید کا آبِ پیاز اور آبِ زعفران میں شیرہ نکال کر روئی کی بتیاں اُس میں بھگو کر پے در پے۔

کان میں رکھیں تو کان کا درد ختم ہو جائے گا۔

علاج دردِ دندان

وہ دانت جس کے مسوڑھے متورم ہو گئے ہوں تو کتیرا، تخم مرغ اور بیخ حلمان کو باریک پیس کر چند مرتبہ دانتوں پر لگائیں ـــــــ تو وہ مادہ کو پکا کر اس کا منہ کھول دے گا۔

مسوڑھوں سے خون آنا

ہلیلۂ زرد کو کوٹ اور بھون کر مسوڑھوں پر چھڑک دیں تو خون کو روک دے گا اور دانتوں کی جڑوں کو مضبوط و محکم کر کے گوشت پیدا کرے گا۔ نیز اگر عود سوختہ کو نمک کے ساتھ پیس لیں اور دانتوں پر ملیں تو دانتوں کو سفید اور منہ کو خوشبودار بنا دے گا۔

برائے رفع زردی دندان

سفید سپاری کی سوختہ راکھ کو ہر روز صبح دانتوں پر ملیں۔

دانتوں کا وہ درد جو کیڑا لگنے کے سبب ہو تو اخروٹ کا مغز جلائیں اور کرم خوردہ دانت پر رکھ کر دانت آپس میں بند کر دیں تو درد ساکن ہو جائے گا

یا آیت "لکل نبا ءمستقرٌ وسوف تعلمون" کاغذ پر لکھیں اور دانت پر رکھ دیں، یا" بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم اسکنی بقدرۃ الملک القدوس" درد ساکن ہو جائے گا۔ انشاءاللّٰہ تعالیٰ۔

ثقل اللّسان (لکنت)

اگر بلغم کی وجہ سے ہو تو اس کی علامت عدم تشنگی، منہ سے پانی بہنا اور سفیدی

زبان ہے۔ ۵۰ گرام خردل (رائی) کوٹ کر ایک پیالی پانی میں جوش دیں تاکہ پانی آدھا رہ جائے پھر ایک چمچ سرکہ مخلوط کر کے نیم گرم غرارے کریں۔

خناق

خناق اگر خون کے سبب ہو تو اس کی علامت سرخیٔ چشم و صورت اور رگوں کا پھولنا ہے اس کے علاج کے لئے جدوار کو کھرل کر کے حلق پر طلا کریں۔ تو نافع ہے۔

جونک کا گلے میں چلے جانا

اس کی علامت اندوہ و حزن اور حلق سے خون نکلنا ہے۔

اگر گلے میں جونک چلی جائے تو رائی نیم کوبیدہ ۵۰ گرام ایک پیالے میں جوش دیں کہ نصف رہ جائے پھر اس میں نمک ۲۵ گرام حل کر کے غرارے کریں اس کے علاوہ کوئی چیز سودمند نہیں ہے۔

ختم شد۔

طبِ طاہرینؑ
مرتبہ: وصی احمد رضوی
معتبر ماخذوں سے مزین ائمۂ معصومینؑ کے توسط سے جو دعائیں ہم تک پہنچی ہیں۔ جن کے پڑھنے سے دل کشادہ اور مردہ آرزوؤں کو نئی زندگی ملتی ہے۔
دعاؤں اور دواؤں کا قابلِ اعتبار مجموعہ
ناشر: رحمت اللہ بک ایجنسی کاغذی بازار میٹھادر کراچی ... ۷۴۰۰۰

فلسفہ آلِ محمدؐ

نبیؐ کے پیاروں کی پیاری باتیں

مصنف:

علامہ سید ابنِ حسن رضوی جارچوی

اعلی اللہ مقامہ

رحمت اللہ بک ایجنسی
کاغذی بازار میٹھادر
کراچی ۷۴۰۰۰
فون: 2431577

مجمع الوظائف

معروف بہ

آثار اہلبیتؑ

مرتب:

سید واحد علی پرشدپوری

اعمال و حرز و شب حاجات، ادائے قرض، تنگی رزق
دفع خوف کیلئے ائمہ معصومینؑ سے منسوب دعاؤں
تعقیبات و تعویذات کا جامع مجموعہ



ناشر
رحمت اللہ بک ایجنسی
بالمقابل بڑا امام بارگاہ کھارادر کراچی ۷۴۰۰۰